MASOOD FAISAL JHANDIR LIBRARY
Acc No 080066
★ MAILSI ★
TECHNICAL SUPPORT BY
CHUGHTAI
PUBLIC LIBRARY
Masood Faisal Jhandir Library

تعبیر الرویا

خواب نامہ تصنیف مولانا محمد ابن سیرین رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ زبان عربی مین مشہور
ہے اور ایسا مستند ہے کہ اسوقت تک مثل اس تصنیف کے کوئی
دوسری کتاب دیکھی نہ سُنی جب یہ نسخہ مصر سے پہونچا فی الفور واسطے
اس ملک کے اشخاص کے عام فہم اُردو مین ترجمہ ہونا پسند کیا
اور مولوی **بشارت علیخان** صاحب نے اسکو مشقت دو سال مین
ترجمہ فرمایا اور ایسا پاکیزہ ترجمہ کیا کہ علے العموم پسند طبائع خاص و عام ہوا
ازبسکہ ہمارے عنایت گستر قدردان مخلص بے ریا جناب اکمل الاطبا حکیم
سلیم اللہ خانصاحب دار وغہ اخبار ریاست جیپور اس ترجمہ کے شائع ہونے
اور عوام کے مسرت بخش ہونیکے لیے شائق تھے کارخانہ نے نہایت خوشی سے
اپنے محب صادق حکیم صاحب موصوف کے نام نامی پر شائع کیا

مطبع منشی نولکشور کانپور مین باہتمام بھگوندیال الخیٹ طبع ہوا

اطلاع

اس مطبع مین ہر علم و فن کی کتب موجود ہین شایقین کو فہرست مطول سی جو علیحدہ ہی درخواست کرنے سی ملسکتی ہی اور معلوم ہو سکتا ہی کہ قیمت اس سال مین نہایت ارزان مقرر ہوئی ہی ہم صرف کتب قصہ جات اردو و مثنویات قصص نظم و نثر فارسی کی کچھ کتابین ذیل مین درج کرتے ہین تاکہ قدردانون کو مزید آگاہی حاصل ہو

کتب قصہ جات اردو

الف لیلہ نثر تصنیف منشی طوطا رام شایان مشہور

الف لیلہ نظم پہلی جلد مرزا اصغر علیخان نسیم دہلوی کی تصنیف ہی اور دوسری و تیسری جلد منشی طوطا رام شایان کی تصنیف اور چوتھی شادی لال چمن کی ہر ایک کا رنگ مضمون علیحدہ ہ۔

سروش سخن بجواب فسانہ عجائب از سید فخر الدین حسین مودودی۔

باغ و بہار معروف بقصہ چار درویش مصنفہ میر امن دہلوی مشہور۔

فسانہ عجائب نثر۔ از مرزا رجب علی بیگ سرور باتصویر۔

فسانہ عجائب نثر۔ باتصویر کاغذ عمدہ۔

مجموعۂ قصص۔ اس مجموعہ قصہ شاہ روم قصہ جمجمہ بادشاہ قصہ منصور قصہ سوداگر بچہ قصہ ماہی گیر وغیرہ عمدہ چھپا ہے۔

پدماوت بھاکا از تصنیف شاہ ملک محمد جایسی

پدماوت اردو۔ مولوی قاسم علی بدایونی نے بھاکا کی پدماوت کو شعر بشعر دوہرہ بہ دوہرہ نظم فرمایا ہے۔

طلسم فصاحت۔ فسانہ مرغوب مصنفہ مولوی محمد حسین صاحب۔

پدماوت اردو نظم۔ مشہور تصنیف عبرت و عشرت

پدماوت فارسی نظم۔ تصنیف رازی شاعر معروف مطابق قصۂ اردو کے فصاحت اور بلاغت مین پاکیزہ۔

گلزار نسیم۔ نسیم لکھنوی کی تصنیف سے یادگار ہی۔

سہیل یمن۔ قصہ ہے تصنیف مولوی رفیع الدین صاحب وکیل۔

فسانہ عجائب منظوم۔

وقائع راجکمار۔ ایک فسانہ سراپا ہوش زادۂ طبع پرجوش کنور جگت سنگھ خلف الصدق مہاراجہ مان سنگھ کے حالات مین۔

مثنوی میر حسن۔ اردو مشہور و معروف ہی۔

نلدمن اردو۔ قصہ نل اور دمن کا اردو مین منظوم ہے۔

سنگھاسن بتیسی نثر راجہ بھوج کے قصہ جات کو ناگری سی اردو مین ترجمہ کیا ہی۔

تعبیر الرؤیا

خواب نامہ تصنیف مولانا محمد ابن شیرین رحمۃ اللہ تعالے علیہ زبان عربی مین مشہور ہے اور ایسا مستند ہے کہ اسوقت تک مثل اس تصنیف کے کوئی دوسری کتاب دیکھی نہ سُنی جب یہ نسخہ مصر سے پہونچا فی الفور واسطے اس ملک کے اشخاص کے عام فہم اُردو مین ترجمہ ہونا پسند کیا اور مولوی بشارت علیخان صاحب نے اوسکو مشقت دو سال مین ترجمہ فرمایا اور ایسا پاکیزہ ترجمہ کیا کہ علی العموم پسند طبائع خاص و عام ہُوا ازبسکہ ہماری عنایت گستر قدردان مخلص بے ریا جناب اکمل اطبا حکیم سلیم اللہ خانصاحب داروغہ اخبار ریاست جیپور اس ترجمہ کے شایع ہونے اور عوام کے مسرت بخش ہونیکے لیے شایق تھے کارخانہ نے نہایت خوشی سے اپنے محب صادق حکیم صاحب موصوف کے نام نامی پر شایع کیا

مطبع منشی نولکشور کانپور مین چھپا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

المنۃ للہ ذی الانعام فی الیقظۃ و المنام والصلوٰۃ والسلام علی سید الانام محمد و آلہ الکرام و اصحابہ العظام
واضح ہو کہ کتاب تعبیر الرؤیا افادات مولانا خواجہ محمد بن سیرین رحمہ اللہ تعالیٰ سے
منجملۂ عجائب کرامات کے ہے جسکی تاویلات اجلیٰ بدیہیات سے ہے اور
اوسکو ہندوستان مین اتبک کسینے بچشم خواب بھی نہ دیکھا چنانچہ بالفعل جناب
منشی نول کشور صاحب دامت حشمتہ نے ایک نسخہ مطبوعۂ شہر مصر کا بہم پہونچا
کر اپنے مطبع مین چھپوایا مگر باعث عربیت کے استفادۂ عام اوس سے
متعسر ہے لہذا نظر تنزہت خاطر عیان و افادۂ عوام کی ترجمہ اوسکا منظور
رائے زرین ہوا اسلیئے راقم ترجمان بشارت علی خان بن علی
مردان خان بن مرادت علیخان رحمہم اللہ نے بموجب فرمایش جناب
موصوف حسب محاورہ خواص کرام کے ترجمہ کیا اور جابجا زبان رائج
العوام کے بھی ایضاح مبہام کیا اور نام اسکا تاویل المنام رکھا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین و صلی اللہ علی سیدنا محمد النبی الامی و علی آلہ و صحبہ و سلم
امابعد پس یہ کتاب مستطاب درباب تعبیر خواب کے ہی جو تالیف کی ہوئی
امام محمد بن سیرین رحمہ اللہ کی ہی اور وہ مشتمل ہے اوپر بست و پنج باب کے

باب اول آداب وداب مین تعبیر دینے والے کے اور تمیز کرنی مین خواب کے اور معرفت مین اسکے اصول کے ہے

آگاہ ہو حقتعالی مجکو اور تجکو توفیق اپنی طاعت و فرمان برداری کی بخشے کہ ہر آئینہ رویا بمعنی خواب ہرگاہ ایک جزو ہی منجملہ چہل و شش جز کے نبوۃ سے یعنی خواب چھیالیسوان حصہ نبوۃ کا ہی تو لازم ہی کہ تعبیر دینیوالا خواب کا اولا عالم ہو دانا قرآن مجید کا ہو دوم حافظ و ناظر حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کا ہو سوم آگاہ ہو زبان عربی سی اور واقف اشتقاق لفظی کا ہو چہارم عارف و شناسا ہیات و قیافہ کا ہو پنجم کہ

پنجم ضابطہ و ماہر اصول تعبیر کا ہو ششم عفت النفس و پرہیزگار ہو ہفتم پاکیزہ و پسندیدہ اخلاق و نیک سیرت ہو ہشتم صادق زبان و صدق گفتار ہو تاکہ حقتعالی اوسکو واقف کرے اور توفیق بخشے ان باتون سے جو تعبیر مین صواب دید ہون یعنی خواب اوسکا باصواب ہو اور خدا اوسکو ہدایت کرے معرفت اولی الالباب کی وبہ تحقیق کہ خواب کبھی تو تعبیر دیا جاتا ہی ساتھ حالات مختلف ازمان و مختلف اوقات کی اور کبھی تعبیر خواب کی مثل سائر یعنی مثل مشہور سے دیجاتی ہی اور اکثر خواب دیکھنے والے سے تعبیر طرف اسکے مثل یا اسکے ہمنام کے پھیری جاتی ہی اور کبھی تعبیر دیجاتی ہی لفظ اسم سے اور کبھی معنی اسم سے اور کبھی ضد شے سے یعنی اوسکے برعکس سے اور کبھی اشتقاق مشتقات سے اور کبھی زیادت سے اور کبھی نقصان سے چنانچہ تاویل رویا قرآن مجید سے مثلاً دیکھنا خواب مین بیضہ مرغ وغیرہ کا کہ تعبیر اوسکی زن جمیلہ ہی بقولہ تعالی کانہن بیض مکنون و مثلاً دیکھنا پتھر کا تو تعبیر اوسکی سنگدلی ہی بقولہ تعالی ثم قست قلوبکم من بعد ذلک فہی کالحجارۃ او اشد قسوۃ اور جسطرح دیکھنا گوشت تازہ کا تعبیر اوس سے غیبت ہی بقولہ تعالی ایحب احدکم ان یاکل لحم اخیہ میتا فکرہتموہ اور جسطرح دیکھنا کنجیون کا کہ تعبیر اوسکی خزانہ ہی بقولہ تعالی و آتیناہ من الکنوز ان ان مفاتحہ لتنوء بالعصبۃ اولی القوۃ اور مراد اوس سے زیادہ مال ہی اسلیے کہ خزانہ وصول نہین ہوتا مگر بواسطہ مقالید یعنی کلید کے کہ آلہ حصول گنج ہی اور جسطرح دیکھنا کشتی کا اوس سے تعبیر نجات ہی بقولہ تعالی فانجیناہ و اصحاب السفینۃ قولہ تعالی فانجیناہ و من معہ فی الفلک و جسطرح دیکھنا کسی بادشاہ کا کہ وہ اندر کسی مکان یا محلہ یا کسی شہر کی داخل ہونا اور وہان اوسی جانیکی عادت نہین ہو تو تعبیر اوسکی یہ ہی کہ اوس مکان کے باشندون پر کوئی مصیبت و ذلت

ملہ یعنی ملاقات نکاح با زن جمیلہ ۱۲ ‌ ‌ ‌ عہ یعنی کہ وہ سنگدل ہوگا ... ۱۲ ‌ ‌ ‌ عہ یعنی غیبت کریگا ۱۲ ‌ ‌ ‌ عہ یعنی خزانہ کا ۱۲ ‌ ‌ ‌ عہ یعنی نجات ... ۱۲

کشتی مین تھی ۱۲

نازل ہونے والی ہے بقولہ تعالی ان الملوک اذا دخلوا قریۃ افسدوہا الی قولہ یا جسطرح
دیکھنا لباس و پوشاک کا کہ تعبیر اوس سے نسوان ہے بقولہ تعالی ہن لباس لکم وانتم
لباس لہن اور مثل اوسکے مثال بکثرت ہے اور اسی طرح تاویل رویا بحدیث نبوی صلی
اللہ علیہ وسلم جیسا کہ دیکھنا غراب یعنی زاغ کا تو تعبیر اوس سے مرد فاسق ہے اسلیئے کہ رسول
خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے زاغ کو موسوم بہ فاسق کیا ہے بقولہ ہذا الفاسق جسطرح
دیکھنا فارہ یعنی موش کو تعبیر اوسکی زن فاسقہ ہے بقول نبی صلی اللہ علیہ وسلم الفارۃ
فاسق و نیز آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فارہ کو فویسقہ نام رکھا ہے و فویسقہ یعنی
موش ہے یا جیسے دیکھنا استخوان پہلو کا کہ اوسکی تعبیر بھی زن ہے اسلیئے کہ رسول خدا صلی اللہ
علیہ وسلم نے فرمایا ہے المراۃ خلقت من ضلع اعوج اور جسطرح دیکھنا آستانہ در زیرین
یعنی نیچے چوکھٹ کا کہ تعبیر اوسکی بھی زن ہے جیسا کہ قول خلیل اللہ ابراہیم علیہ السلام
سے مروی ہے کہ اونہون نے اپنے فرزند اسمعیل علیہ السلام سے فرمایا غیر اسکفۃ بابک
مراد اونکی اسکفہ یعنی آستانہ سے زوجہ اسمعیل ہے اور مثل اس قسم کے مثال
اوس کثرت سے ہے کہ شمار نہیں ہو سکتا و جیسا کہ تاویل رویا امثال سائرہ
یعنی مثل مشہور ہے جسکو ہندی مین کہاوت کہتے ہین جسطرح دیکھنا کسی شخص کا
اپنے ہاتھہ کو دراز اور لمبا تو تاویل اوسکی دستگاہ بہ صنعت و دسترس بجود و سخاوت ہے
جیسا کہ بقول عرب معروف ہے ہذا اطول منک یدا او باعا اور باع بمعنی سخاوت و
عطا ہے اور جسطرح دیکھنا ہیزم کشی و ہیزم آوری کا یعنی لکڑیان لانا تو تعبیر اوسکی نمامی
و غمازی ہے بقول عرب نسبت اوس شخص کے درمیان مردم بہ غرض سخن چینی و غیبت
کے جاتا ہے فلانہ یحطب اور جسطرح دیکھنا مرض کا تو تعبیر اوسکی نفاق ہے

بقول عرب نسبت اس شخص کے جو ایفائے وعدہ نہین کرتا ہی فکان تمرض فی وعدہ و قوله اور جسطرح دیکھنا مخطہ کا یعنی آب بینی جسکو ہندی مین رینٹ کہتے ہین تو تعبیر اوسکی باولاد ہی بقول عرب نسبت اوس شخص کے جو اپنے باپ سے مشابہ ہوتا ہی ہو مخط الاسد اور جسطرح دیکھنا اپنے تئین خواہ غیر کو کہ وہ تیر یا بندوق یا پتھر مارتا ہی تو تعبیر اوسکی یہ ہی کہ وہ پیش مردم بہ عیب و بدی ذکر کیا جاتا ہی بقول عرب رمی فلان فلانا و قدمہ یا جسطرح کوئی شخص اپنے تئین دیکھتا ہی کہ وہ اپنا ہاتھ اشنان یا صابون وغیرہ سے دھوتا ہے تو تعبیر اوسکی یاس نا امیدی ہی کسی شی یا کسی شخص سے بقول عرب غسلت یدی بالاشنان منک آے قد السّت من خیرک یا جسطرح دیکھنا کبش یعنی مینڈھے کا کہ تعبیر اوسکی مرد عزیز و گرامی قدر و برتر قوم ہونا اور مثل اوسکے مثال بیشمار ہین اور اسیطرح تاویل رویا بظاہر اسم جیسے دیکھنا ایسے شخص کو جسکا نام فضل ہو تو تعبیر اوسکی بہ فضل فزونی جاہ و مال ہی اور جسطرح دیکھنا اوس شخص کو جسکا نام راشد ہو تو تعبیر اوسکی رہ براہ و باسامان ہونا یا دیکھنا اوس شخص کو جسکا نام سالم ہو تو تعبیر اوسکی بسلامت گزر رہنا اور مثل اسکے مثال کثیر ہین اور اسیطرح تاویل رویا بالمعنی مثلاً دیکھنا نرگس و گل سرخ یعنی گلاب کا پس جب کہ تعبیر اون دونون چیزون کی بیان کیجاوے دیکھنے والے سائل سے یا خود دیکھنے والا ہو تو وہ دونون چیزین جسکی ہونگی اپنی یا غیر کی اوسکی نسبت تعبیر بقلت بقا ہے یا مثلاً دیکھنا اوس یعنی درخت مورد کا تو تعبیر اوسکی برخلاف تعبیر نرگس و ورد کے دیجاویگی بسبب اسکی بقا کی اور مثل اوسکے مثال کثیر ہین و اما تاویل بالضد مثلاً دیکھنا بکا کا تعبیر اوس سے بہ فرح و

شادمانی ہی بشرطیکہ اس بکا کے ساتھ فریاد و فغان اور چاک کرنا جیب و دامان کا نہو یا جسطرح
دیکھنا فرح[۵۱] و ضحاک و رقص کا تو تعبیر اوسکی بحزن و ہم و غم ہی اور جسطرح دیکھنا دو آدمی[۵۲] کو
کہ وہ دونون باہم جنگ[۵۳] یا کشتی کرتے ہین تو دونون مین جو مغلوب و افگندہ
بر زمین ہوگا وہی غالب ہی یا جسطرح کوئی اپنے تئین حجامت[۵۴] مین دیکھے تو تعبیر اوسکی
یہ ہے کہ حاکم اوسکے حق مین کوئی تحریر بقصد کریگا یا کوئی شخص دیکھے کہ اوسپر کوئی
امر بشرط ضرر لکھا جاتا ہی تو اوسکو حاجت بہ حجامت ہوگی یا جسطرح کوئی اپنے تئین
قبر مین رکھے جاتے دیکھے تو وہ محبوس ہوگا یا کوئی شخص یہ دیکھے کہ داخل زندان
ہوتا ہی ایسے مقام پر جہان کے لوگون کو وہ نہین جانتا ہی اور اونکی ہیئت نہین
پہچانتا ہی تو تعبیر اوسکی یہ ہوگی کہ وہ قبر مین جائیگا یعنی مریگا مگر اوس صورت مین کہ
وہ اپنے تئین اوس مقام سے نکلتے ہوے نہ دیکھے یا جسطرح دیکھنا حرب کا تو
تعبیر اوسکی یہ ہی کہ وہ ہجوم و نرغہ مین پڑیگا اور اگر کسی دشمن کو دیکھا ہی کہ اوسنے ہجوم و حملہ
کیا ہی تو تعبیر اوسکی بہ سیل روان یا جسطرح دیکھنا انبوہ ملخ کا تو تعبیر اوسکی لشکر ہی
یا دیکھنا لشکر کا کہ وہ آنا ٹڈیونکا ہی اور مثل اسکے مثال بہت ہین جسکا شمار نہین
ہوسکتا و نیز دیکھنا جراد یعنی ملخ کا تعبیر بال اندوختہ و نہادہ کی ہی بشرطیکہ اوسکے
ساتھ صدا و شور نہو والا تعبیر اوسکی نحوست ہوگی اور اسیطرح دیکھنا دراز کا
موجب فزید مال و زینت ہی ولیکن اگر وہ بال منہ پر پریشان ہون یا عارض پر بانکا
انبوہ ہو تو وہ اندوہ و غم ہی اور بعضون نے کہا ہی کہ نہین بلکہ وہ کسوت لباس ہے اور
اگر وہ بال ملفوف ہون تو وہ سخنان زشت ہین جو اوسکے حق مین کہے جاتے ہین اور وہ
اوسکی دفع پر قادر نہین ہوسکتا اور جسطرح کوئی دیکھے کہ اوسکی بزنر جمع ہین اور دو شہر ہین تو

۵۱ یعنی خوشی ہی ہو یا ناچ مثلاً خود و بیش ہو یا ناچنا ہی یا ناقبا ہو اور زینت ہو یا غیر کو و حال و بیگمین ہوگا یا غیر کو ناچنا دیکھا و خندان و رقص کنان دیکھا یا سکینیر اندوہگین ہوگا اور مہی اسبجانہ سکی ورنہ الا یعنی ۱۲ ۵۲ یا خود کسی ۵۳ دو شہر کو کشتی کرنا ہو یا اصد ۱۲
۵۴ باغیر کو ۱۲ ۵۵ یا کسی غیر کو ۱۲ ۵۶ یا کوئی نجم ۱۲ ۵۷ یا خود یا غیر ۱۲ ۵۸ سیکان یعنی بہنا ۵۹ یعنی عمدہ بردار یعنی ناوی ۱۲ ۶۰ یعنی لبیز و بافتہ جسطرح گیسو پیچ ہو اور چوٹی بندھا ہوا ہو ۶۱ یا اگر وہ کئی جانب ۱۲ ۶۲ یا کسی اور کے بدن ۱۲

دونون شہرون سی اوڑتا ہی تو وہ سفر کریگا اور اگر کسی نی دیکھا کہ ہاتھ اوسکا کٹ گیا ہی
اور اوسنی اوس کو اوٹھالیا ہی یا ہاتھ کٹا ہوا اوسکی ساتھ باقی ہی تو وہ اوسکا برادر یا پسر
ہی اوسکو فائدہ دینگے اور اگر اس دست بریدہ سی مفارقت ہوگئی تو اوسکے لیے مصیبت
ہی دربارہ برادر یا پسر کے اور جسطرح دیکھنا مقامات کا اگرچہ مواضع ہمرنگ و
یکرنگ ہون تو وہ زنان غیر عفیفہ ہین اور اگر مختلف الوان ہون کہ بعضی سفید و
بعضے سیاہ ہون تو وہ روز و شب ہین اور دیکھنا مچھلیون کا اگر اونکا شمار معلوم ہو تو
وہ مال غنیمت ہی اور مثل اسکے مثال کثیر ہین اور نظر آنا خواب مین مردم کا مختلف
ہیئت سے تو اوس اختلاف سی خواب بھی مختلف ہوتا ہی مثل دیکھنا کسیکو کہ اوسکے
ہاتھ بندھی ہین یا اسکی گردن بندھی ہی پس اگر اوسکے چہرےسے آثار و علامات خیر و
تقوی و دین کے نمایان ہین تو اوسکے حق مین خیر و صلاح ہی اور اجتناب شر و فساد
ہی اور اگر آثار برعکس عیان ہون تو وہ کثیر المعاصی و اہل نار سی ہی حقتعالی اپنی کرم سی
ہمکو اس سی نجات بخشی آمین دوسرا اختلاف اوقات کا یہ ہی مثلاً کوئی اپنی تئین دیکھی
کہ وہ فیل سوار ہی چنانچہ اگر یہ خواب رات کو دیکھا ہی تو دیکھنے والا منفعت کام کو
کو پہونچیگا اور اگر یہ خواب دن کا ہے تو وہ شخص اپنی زوجہ کو طلاق دیگا **فصل**
جاننا چاہیئے کہ اصدق و راست ترین اوقات خواب کے از آخر شب و وقت قیلولہ
روز کا ہی و اصدق و راست ترین زمانہ خواب کا ہنگام پھلنے درختونکا اور پختہ ہونی
میوونکا ہی اور اضعف و سست ترین زمان خواب کا فصل شتا یعنی زمستان و آمد
موسم بارش ہی **فصل** اور لازم ہی تعبیر دینوالیکو کہ کلام صاحب خواب کا خوب سمجھ لیوی اور اوسکو
اصول رویا پر عرض و قیاس کری پس اگر کلام صحیح اور بعض مشابہ بعض سے ہو

جو معنی مستقیمہ پر دلالت کرتا ہو تو وہ خواب صحیح و درست ہوگا اور اگر وہ محمول و معانی مختلف پر ہو تو نظر کری اون لفظون کیطرف جو اولی اقرب باصول ہین تب اوسی پر حمل کری اور اگر سارا خواب مختلف ہی کہ اصول سی کسیطرح التیام و مناسبت نہین رکھتا ہی تو اضغاث احلام یعنی خوابہای پریشان ہین اور جب کہ تعبیر و سوالی پر کوئی خواب شبیہ ہو تو دیکھنے والے کی ضمیر سے سوال کری کہ اگر وہ خواب متعلق صلواۃ کے ہی تو استدراک کرنا چاہیے کہ اوسکی نیت مایل و شایق بہ نماز و دعا ہی یا اگر خواب دربارۂ سفر ہی تو معلوم کرنا چاہیے کہ دل اوسکا قصد سفر رکھتا ہی یا اگر خواب درباب نکاح کی ہے تو دریافت کرنا چاہیے کہ خاطر اوسکی راغب نکاح ہی و بعدازان موافق اوسکی طبعیت کے حکم کرنا چاہیئے اور اگر خواب امر فاحش و قبیح پر دلالت کرتا ہو تو اوسکو اوسکے دیکھنے پر مخفی رکھی اور تعبیر اوس کی بعبارت نیک بیان کرے اور جس بات پر وہ خواب دلالت کرتا ہو وہ اوسپر ظاہر نہ کری

فصل اور جب اصول رویا خوب ثابت ہوجاوین کہ وہ جنس ہی یا صنف یا طبعیت ہی یعنی اصل رویا از روی جنس یا طبیعت کی بخوبی معلوم ہوجاوی تب حمل اوسکی تعبیر و تعویل کا اوپر تعین جنس و غیرہ پر کرنا چاہیے چنانچہ جنس مثل جنس شجر و جنس سباع و جنس طیور تو غالبا یہ سب رجال ہین و بعدازان صنف مین نظر کرنی چاہیے کہ اگر خواب جنس شجر مین ہی تو دیکھنا چاہیئے کہ کس صنف کے اشجار ہین یا جنس اسباع و طیور مین تو نظر کرے کہ کس صنف کے سباع اور کس صنف کے طیور مین تا موافق اوسکے حکم کری مثلاً وہ شجر اگر نخل ہی تو وہ مرد عرب القدر عرو ہی اسلیئے کہ نشایت نخل بلاد عرب مین ہوتی ہی اور وہ شجر اگر جوز ہی

تو وہ مرد عجمی ہی اسلیئے کہ ردیدگی اوسکی بلاد عجم مین ہوتی ہی اور اسیطرح طائر کہ اگر وہ عظیم تو وہ مرد ہی عرب سی اور اگر وہ طاؤس ہی تو عجم سے ہے و بعد ازان نظر کری طبیعت مین کہ اگر وہ شجر نخل ہی تب حکم کری کہ نہایت نافع اور کثیر الجدا اور پاکیزہ اصل ہی اور اگر شجر جوز ہی تو حکم کری بغض در معاملہ و بخصومت بوجہ تعقہ کی یعنی جوز سی جب چوٹ کھاتا ہی تو وہ آواز دیتا ہی اور اسوجہ سی کہ اوسکا مغز حاصل نہین ہوتا مگر توڑنے سے اور اگر وہ طائر ہی تو وہ مرد و سفار ہی اسلیئے کہ طائر کیلئے پرواز اور بریدگی ہی اور اگر وہ طائر ہی طاوس تو وہ ملک ہی ملوک عجم سی اور صاحب زینت و مال و صاحب خدم و حشم ہی اور اسیطرح نسر خواہ عقاب اور اگر وہ غراب یعنی زاغ ہی تو وہ مرد فاسق ہی کہ اوسکا کوئی دین ملت نہین ہی اور اسیطرح عقعق اور باقی اسی پر قیاس کر انشاء اللہ تعالی تو وبراہ ہوگا اور حقتعالی سی توفیق و یگانگی

باب دوم تاویل مین رویت خدای عزوجل کے

جس کسی نے خواب مین حق تعالی کو دیکھا اس طرح کہ اسکے لیے حجاب مین قبولیت ہی یعنی بندہ مقبول ہی اور اوسکی طرف حصول فردہ وسرور ہی اور حقتعالی اوسکے اوپر متوجہ و ملتفت ہی تو تعبیر اوسکی یہ ہی کہ یہ شخص قیامت مین اسی حالت سے ملاقات پروردگار کرے گا اور یہ کیفیت دلالت کرتی ہے اسکے قبول عمل پر دنیا مین اور جب اوس نے حق تعالے کو دیکھا اور اوسکو اوسکی طرف نظر کرنے کی استطاعت ہوئی تو وہ شخص دنیا مین مشکور ہوگا یعنی اوسکی سعی مشکور اور عمل اوسکا مقبول ہوگا اور وہ آخرت مین

مین داخل جنت ہوگا اور اگر اوسنے اوسکو اس طرح دیکھا کہ اوسنے متاع دنیا سے کچھ عطا کیا اوسکو ہی تو اوسکے مین کوئی مرض پیدا ہوگا اور کسی بلا و محن مین مبتلا ہوگا یہ کہ اس مصیبت پر وہ مستوجب اجر ہوگا یہانتک حقتعالے اوسکو داخل جنت کریگا اور اگر کسی نے حق سبحانہ تعالی کو کسی مکان معین مین نازل ہوتے دیکھا تو تعبیر اوسکی یہ ہی کہ وہان کے باشندونکو خیر و فرح و مسرت و نصرت ہوئیگی اور اوسنے اسطرح دیکھا کہ حقتعالی نے اوس سے کلام بزجر و نہی یا بوعدہ و وعید کیا ہی تو تعبیر اوسکی یہ ہی کہ یہ شخص خواب دیکھنے والا عاصی و مذنب ہی چاہیے کہ جس شغل مین وہ ہی اوس سے باز آوے اور اگر اوسنے حق تعالی کو اس طرح دیکھا کہ وہ اوسکی فراش و بستر پر ہی یا اسطرح دیکھا کہ حق سبحانہ تعالی اوسکو اپنی برکت عطا کرتا ہی تو تعبیر اوسکی یہ ہی کہ وہ شخص بکرامت و رحمت خداوند تعالی کی مسرور ہوویگا اسلئے کہ اسطرح کا خواب کوئی نہین دیکھتا ہی مگر وہ شخص جو زمرۂ صالحین و ابرار سے ہوتا ہی اور اگر کوئی حقتعالی کو کسی صورت مثالی یا خیالی مین یا اوسکو کسی شکل سے متمثل دیکھے تو تعبیر اوسکی یہ ہی کہ شخص خواب دیکھنے والا مرد کذاب اور عظیم الفریہ ہے خدا پر یعنی خدا پر افترا پرداز و بندش باندھنے والا ہی اور مرتکب بدعت کا ہی پس چاہیے کہ یہ شخص تدارک اوسکا توبہ و استغفار بہت جلد کرے اور اسطرح اگر کوئی اوسکو خواب مین ناقص دیکھے کہ برخلاف اوسکے کمال ہی یا اوسکو تمثال یا جسم کی ہیئت مین دیکھے کہ غیر شان اوسکی جمال اور جلال کے اور وہ ان جمیع صور تون سے منزہ و بری ہی حکایت منقول ہی کہ ایک شخص حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ کی پاس آیا اور بیان کیا کہ مین نے خواب مین دیکھا گویا میرے پروردگار نے مجھے آہن دیا

مغلان یعنی ذلیل مکان مین نازل ہو ۱۲
ابدا یا پائیدہ ہوگا ۱۲
یعنی اسی طرح توبہ استغفار کرے جب
خدا کو ناقص یا بدن کی ہیبت مین دیکھے ۱۲
یعنی ناقص یا فرق ۱۲
یعنی پیکر تصویر بنا کر یعنی ۱۲
جسم یعنی بدن یا پیکر ۱۲

ہی اور مجھی سرکہ بلایا ہی سو اس خواب کی تعبیر ہی امام علیہ السلام نی فرمایا کہ تو نی لوہا جو دیکھا وہ تو شدت ہی بقولہ تعالیٰ و انزلنا الحدید فیہ بأس شدید اور البتہ ایسا بھی ہوگا کہ تو اپنی اولاد کو صنعت داؤدی سکھلا دیگا یا وہ خود سیکھینگے اور جو کہ تو نے سرکہ پیا ہی تو وہ مال ہی کہ حالت مرض مین تجھکو موت دیگا تو یہ موت تیری حق مین موجب رضائے پروردگار ہوگی اور تیری گناہان گذشتہ و آیندہ آمرزیدہ ہونگے

باب سوم اندر بیان روایت ملائکہ و انبیا و صالحین و علماء و کعبہ و اذان و نماز حج

جو شخص فرشتون مین سے کسی فرشتے کو خواب مین دیکھے تو وہ دنیا مین اوسکے لیے شرف و بزرگی حاصل ہوگی اور اوسکے اہل بلد کو فرحت و نصرت پہونچیگی اور دیکھنا اشرف و بزرگ ملائکہ کا دلالت کرتا ہی اوپر بشارت خیر و شہادت اور فراخی سال و کثرت بارش و برشکال اور کشایش روزی و ارزانی نرخ کے اور اگر کوئی شخص ملایکہ علیہم السلام کو مسجدون مین دیکھے تو تعبیر اوسکی یہ ہی کہ وہ اوسکے اہل بلد کو واسطے دعا و نماز و صدقات و خیرات کے حکم کرتے ہین اور مرزمین کے باشندگان کے تعین عبث یا انکے تقصیر کے اپنے دین سے امر باکثار استغفار کرتے ہین اور اگر اون ملائکہ کو بازارون مین دیکھے تو تعبیر اوسکی یہ ہی کہ وہ لوگونکو کمی سنگ میزان اور گھٹانے پیمانے سے منع کرتے ہین اور اگر اونکو مقبرون مین دیکھے تو براے فقہا و علما و زیاد کے کثرت وبا کے ہوگی اور اگر کسی نے خواب مین کسی شخص نامعلوم ناآشنا کو دیکھا تو تعبیر اوس سے ملائکہ ہین کہ وہ شخص اونہین فرشتون مین سے تھا

فصل اگر کسی نے اپنے خواب مین رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا

له کہ لوہی آہنی ... عہ ... یعنی تو ... نازل کیا ہم نے لوہا جسمین ... سختی ... اور بہت ... عہ ... زرہ وغیرہ سازی ... بنایا

روایت ملائکہ علیہم السلام

روایت رسول خدا صلعم

کو دیکھا تو یہ مژدہ ہی خیر سے اور یہ باعث اون نیکیون کا ہوتا ہی جو اوس نے آگے کی ہین لیکن یہ مژدہ اوسصورت مین ہی کہ اوس خواب مین کوئی امر مکروہ نہ دیکھا ہو کیونکہ اوس خواب کے ساتھ اگر کوئی امر مکروہ بھی نظر آیا ہی تو اوسکو دنیا مین تنگی پہونچیگی اور اگر کسینے اونکو زمین بلند پر دیکھا تو اوس سرزمین کو فراخی سالی ہوگی اور اگر کسینے آنحضرت صلعم کو ایسی حالت مین دیکھا کہ وہ کرب و اندوہ تنگی مین ہی تو حقتعالی اوسکو کشایش عطا کریگا اور کسینے انکو کسیکے مکان کشادہ یا اوسکے صحن سرا مین دیکھا تو وہان آگ ہرگز نہ پہونچیگا اور بلائی اوترے اور کسی نی انکو ناقص الخلقت دیکھا یا اسطرح دیکھا کہ آنحضرت صلعم مریض ہین یا مردہ ہین یا متغیر الاحوال ہین تو اس خواب مین کچھ خیر نہین ہی بلکہ خواب دیکھنے والا کی دین مین نقصان ہی اور اگر کسی نی آنحضرت صلعم کو اس حال سے دیکھا کہ اچھے لباس پہنے ہین تو یہ خواب امت کے دنیا اور دین مین حسن حال پر دلالت کرتا ہے اور جس نے آنحضرت صلعم دیکھا کہ وہ پیشی کرتے ہین یعنی چلتے ہین تو تعبیر اوسکی یہ ہی کہ وہ اپنی امت سے طلب جہاد کرتے ہین یعنی چاہتے ہین کہ امت جہاد کرین اور دین مین خواب بین کے نقص ہی اور جسنے آنحضرت صلعم کو حج کرتے دیکھا تو یہ شخص حج کریگا اور جسنے اونکو دیکھا کہ خطبہ بیان کرتے ہین تو تعبیر یہ ہی کہ وہ صلعم امت کو وعظ فرماتی ہین اور جسنے اونکو دیکھا کہ آئینہ دیکھتے ہین تو تعبیر اوسکی یہ ہی کہ آنحضرت صلعم اپنی امت کو آمادہ و برانگیختہ اداے امانت پر کرتی ہین اور جسنے آنحضرت صلعم کو کچھ نوش کرتے دیکھا تو وہ صلعم اپنی امت کو اداے زکوۃ پر برانگیختہ کرتے ہین اور اگر کسینے دیکھا کہ آنحضرت صلعم اوسکو کوئی خیرانی لباس مین سے پہناتے ہین

یا اوسکو اپنی انگشتری یا اپنی سبقت یا مثل اوسکے کوئی اور خیر عنایت فرمائی ہے پس اگر وہ شخص سزاوار بادشاہت ہی تو اوسکو نصیب ہوگی اور اگر اوسکو لیاقت فقہ ہی تو حاصل ہوگی اور اگر وہ لایق عبادت ہی تو اوسکو خط عظیم اوس سے پہونچیگا فصل اور اسی طرح خواب مین دیکھنا باقی انبیا علیہم السلام مثل دیکھنے ملائکہ کے ہی بہ نسبت اون حالات کے جنمین اون فرشتون کو دیکھا ہے جسکی تعبیرین فراخی سال وکثرت بارش وبرشکال و ارزانی نرخ وحصول فرح وسرور وثمرہ نصرت وبرکت وغیرہ ہین سوا اسکے کہ انبیا علیہم السلام کے دیکھنے مین حصول شہادت نہوگی جیسا کہ تعبیر رویت ملایکہ مین شہادت ہی جس شخص نے یہ دیکھا کہ انبیا مین سے بجای کسی نبی کے فایز ہوا ہی تو تعبیر اوسکی یہ ہی کہ اس شخص کو شدت وسختی عظیم پہونچیگی جیسی کہ اوس نبی کو پہونچی ہوگی مگر بعد ازان انجام اوسکا کشایش وفیروزمندی ہوگی اور دنیا وآخرت مین مقاصد پسندیدہ اور خیر برگزیدہ حاصل ہونگے اور اسیطرح دیکھنا علما وصالحین کا خیر عظیم ہے

رویت انبیا علیہم السلام

فصل رویت مین کعبہ کے کہ وہ تعبیر مین امام المسلمین ہی

چنانچہ جس شخص نے خواب کے اندر اوسمین کچھ نقصان یا کوئی زیادتی یا مثل اوسکے کوئی حدوث دیکھا تو وہ حادثہ نسبت بامام وقت کے جسقدر کہ اوسنے دیکھا ہی وہ ہرگاہ کعبہ جای امن وامان ہی پس جس شخص نے کعبہ کو سوا مکہ کے کسی اور بلد مین دیکھا تو تعبیر اوسکی اوس اہل بلد کیلیے امن ہی اور اگر کسینے کعبہ دیکھا اور اوسکا طواف بھی کیا یا اور کچھ مناسک حج کے بجالایا تو اوس خواب دیکھنے والے کے حق مین صلاحیت دین حاصل ہوگی اور جو کوئی اپنے خواب مین کعبہ دیکھیگا تو اوس شخص کیلیے ہمیشہ غلبہ رہیگا اور برابر اوسکو نعمت

رویت کعبہ شریف

و نصرت حاصل ہوگی اسلئے کہ کعبہ مقصود و قبلہ ہی اہل رجا کا اور جس شخص نے خواب مین
یہ دیکھا کہ اوسنے کعبہ اپنے پس پشت کیا ہی اور اوسکے سقف پر نماز پڑھی ہی تو گویا اوسنے
اسلام کو اپنی پس پشت ڈالا ہی حکایت ایک شخص پاس سعید بن المسیب رحمۃ اللہ
کے آیا اور اوسنے بیان کیا کہ مینے خواب مین دیکھا فوق کعبہ پر نماز پڑھتا ہون یہ
سنکے سعید نے کہا ڈراسے مین دیکھتا ہون کہ تو دین اسلام سے باہر ہوگیا اوسنے
کہا اے میرے سید آقا مین ہمیشہ جدا تیری ہاتھ پر مقالہ قدریہ سے توبہ کرتا ہون اسلئے کہ مینے
دو مہینے سے اوس فرقہ کے قول کی پیروی کی ہی فصل جس شخص نے خواب
خواب دیکھا کہ وہ بجانب قبلہ مستقیم و راست رو ہوکر نماز پڑھتا ہی تو تعبیر اوسکی
یہ ہی کہ وہ حق تعالی کیجانب سے ہدایت پر ہے اور سنت رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم پر قایم ہی بشرطیکہ رکوع و سجود پورا ادا کیا اور نماز بخشوع و خضوع بجالایا
اسلیے کہ صلواہ صلہ علاقہ ہی ساتھ خدائے عزوجل کے اور یہ نماز رکن دین ہی پس جو
کوئی اسکو جسقدر ناقص دیکھیگا اسیقدر اوسکے دین مین نقصان ہی اور کسی نے خواب
مین دیکھا کہ وہ سمت قبلہ نہین پہچانتا ہی تو اوس شخص کو اپنے دین مین حیرت و
ضلالت ہی یعنی سرگشتہ ہو رہا ہی اور اگر کسی نے یہ خواب دیکھا کہ نماز مین کچھ زیادہ کیا
ہی یعنی اپنی طرفسے کوئی بات ایجاد کی ہی تو تعبیر اوسکی یہ ہی کہ وہ شخص ارکان اسلام
سے کسی امر مین طعن کرتا ہی یا شک رہتا ہی اور اگر اوسنے یہ دیکھا کہ جانب شرق کے
نماز پڑھتا ہی تو وہ قبلہ قدریہ کیطرف مایل ہوا ہی اور اگر بجانب مغرب کہ وہ سمت
قبلہ نہو نماز پڑھتا ہی تو وہ مایل بقبلہ فرقہ جبریہ ہوا اسلیے کہ شرق قبلہ نصاری کا
ہی اور مغرب قبلہ یہود کا اور کسی نے خواب مین اپنے تئین دیکھا کہ یہودی یا نصرانی

۱۳ قدریہ وہ فرقہ ہی جو تمام امور مین بندہ کو مختار بالذات جانتے ہین بدون امداد خدا کے ۱۲

روایت نماز تعبیر

۱۴ جبریہ وہ فرقہ ہی جو قائل ہی بندہ کو مثل جمادات کے جانتے ہین اور بندہ کی نسبت دونون سے کسی مین دخل اختیار نہین ہے ۱۲

روایت نصاری

رویت بت پرستی

یا مجوسی ہو گیا ہی تو وہ اونکی ایذا کو دفع کریگا اور اس امر مین اونکا محبوب ہوگا اور اگر
کسی نی اپنے تئین بت پرستی کرتے دیکھا تو یہ شخص حقتعالی پر بہتان و دروغ کریگا
اور جھوٹ بنا کر کہیگا و نیز شخص مذکور بدستور یہ شرابخواری و زناکاری رہیگا اور اگر وہ
بت چاندی کا ہو تو یہ شخص مرتکب معصیت ہوگا یا کسی عورت پر کذب و تہمت کریگا اور
اگر وہ بت سونے کا ہے تو یہ شخص اپنے امور مین ایسے مکروہات دیکھیگا جو اوسکو
بہت ناگوار و شاق ہوگا اور اگر وہ بت چوبی ہوگا تو اس شخص کو قربت ہوگی ایسی شخص
سی جو اپنی دین مین بڑا خبیث ہوگا اور اگر وہ بت آہنی یا مسی ہو تو وہ معروف
بطلب دنیا رہیگا اور اگر کسینے یکا آتش پرستی کرتا ہی تو اوسکے دین مین شیطان خلل
کریگا اور اگر اوس آگ مین جسکی وہ پرستش کرتا ہی شعلہ ہی تو یہ شخص طلبگار مال حرام کا ہو
اور کسی نی خواب مین دیکھا کہ وہ اندر کی قوم کی امامت کرتا ہی تو یہ شخص کسی جماعت
کا متوتی امر یعنی انیر کار ذریا ہوگا اور اپنی حکومت مین درمیان اون لوگون کے عدالت
و داوری کریگا مگر یہ اسصورت مین ہی کہ جب یہ شخص نماز مین راست رو بسوی قبلہ ہو گا
اور اگر قبلہ سی کج ہوگا تو اپنی حکومت مین لوگون پر ظلم و جور کرے گا۔

فصل در بیان رویت اذان

رویت اذان

اگر مہینہای حج مین کسیوقت کی اذان خواب مین دیکھی تو اوسکو حج نصیب ہوگا اور
لسبا اوقات تعبیر اس خواب کی وسکی لیے غلبہ فروغ ہی دین اور اگر غیر ایام حج مین دیکھی اذان
مین قریب با دفعات دیکھی تو تعبیر اوسکی یہ ہی کہ وہ اخبار و احوال صحیفہ طیبہ لوگون مین
لوگون مین بیان کریگا المنارہ اگر کسینے خواب مین دیکھا کہ منارہ مسجد گر گیا ہی تو یہ شخص
وہانکی لوگونسی اونکی دین مین اختلاف کریگا یا ڈالیگا اور اگر کسی نی خواب مین دیکھا

رویت منارہ و مسجد

کہ اذان کہتا ہی اور اذان اوسکی تمام نہوئی چنانچہ اگر یہ شخص اہل خیر و صلاح مین سے
ہی اور مہینے بھی حج کی ہین تو یہ شخص حج کو نکلیگا مگر حج پورا نہوگا اور اگر غیر ماہ حج ہی
تو یہ شخص سرقہ کریگا اور چوری پوری نہوگی مگر ہیہ کہ وہ دزدی مین مشہور
ہو جائیگا اور اگر کسی نی یہ خواب دیکھا کہ کوئی مسجد بنائی ہی تو تعبیر اوسکی یہ ہی
کہ لوگون کو کسی امر خیر شادی کی تقریب مین جمع کریگا اور کسی نے دیکھا کہ اذان
دیتا ہی مگر اون کلمات سی جسکو وہ نہین جانتا ہی تو وہ سارق ہوگا اور اگر کسی نی
خواب مین عطسہ یعنی چھینکنا دیکھا اور سننے والے نے یرحمک اللہ کہا تو یہ خواب
دیکھنے والے کے لیے مژدہ ہے کہ وہ حج وغیرہ بجا لاویگا اور اگر کسی نے دیکھا
کہ اوسنے اپنے سر کی حجامت کرائی یعنی سر کی بال منڈوائی ہین پس اگر وہ ایام
حج کے ہین تو یہ شخص حج کریگا اور اگر ایام حج نہین ہین تو اس شخص سی راس المال
چھن جائیگا چنانچہ عنقریب اسکا ذکر اپنے مقام پر کیا جائیگا انشاء اللہ تعالی اگر کسی نے
اپنے تئین منبر پر خطبہ پڑھتے دیکھا اور وہ اس امر کا سزاوار ہی اوسکو شرف مرتبہ عظیم
حاصل ہوگا اور اگر وہ لیاقت اس امر کی نہین تو وہ قطع کیا جائیگا یعنی ہاتھ
بایگانگی و خویشی سی حکایت ہی کہ ایک شخص محمد بن سیرین رحمہ اللہ کے پاس آیا
اور بیان کیا مینے خواب دیکھا ہی کہ گویا مین اذان کہتا ہی شیخ نے جواب دیا کہ تیرا
ہاتھ کاٹا جائیگا بعد اذان ایک شخص اونکے پاس آیا اور اوسوقت حضار مجلس
موجود تھے اور پہلا صاحب خواب بھی کھڑا تھا تب اوس دوسرے آنیوالے نی کہا مینے
دیکھا گویا مین اذان کہتا ہون شیخ نی اوسکو جواب دیا کہ تو حج کریگا یہ سنکے اونکے
اصحاب ہمنشینون نی سوال کیا کہ ان دونون صاحبان خواب مین کیا فرق ہی

رویت عطسہ

رویت حجامت یعنی سر کے بال منڈوانا

رویت خطبہ خوانی

دیکھنا اذان

وحالانکہ دونون کے خواب بھی یکسان ہین اونھون نے جواب دیا کہ مین نے پہلے شخص کے عارض پر جو نگاہ کی تو اوسکی پیشانی پر اثر شر دیکھا اسلیے مین نے تعبیر اوسکی بقول حقتعالے کے دی وقال قائل یا ایتھا العیر انکم لسارقون اور دوسرے کے چہرے پر جو نظر کی تو اوسکی جبین پر علامت خیر کی دیکھی اسلئے مینے اوسکو تعبیر دی بقولہ تعالے وناداالذین للسبح ۞ چنانچہ ایساہی ہوا جیسا شیخ رحمہ اللہ نے کہا تھا اور کبھی وہ اعلام واشتہار ہوتی ہی یعنی دیکھنا اذان کا باعث اعلان وشہرت صاحب اذان کا ہوتا ہی اور دیکھنا قرأت مصحف کا علم حکمت ہی کہ یہ شخص اوسکو حاصل کریگا اور اسیطرح تلاوت کرتا قران مجید کا خواب مین کیونکہ وہ کلام حق ہی حق تعالے رحم کرتاہے اوس شخص پر جو کوئی اوسکو اچھی طرحسے تلاوت کرتا ہے

باب چہارم رویت مین آسمان وآفتاب وماہتاب اور ستارے اور قیامت اور جنت وجہنم کے سوای اسکے اور جو روشن کرنیوالی یا روشن چیزین دنیا کی ہین

رویت آسمان

چنانچہ جس شخص نے اپنی تئین دیکھا کہ آسمان پر چڑھگیا اور اوسمین داخل ہوگیا تو وہ جایز پہونچیگا دیگر است خدای عزوجل کے ہونگا اور صراط سے جلد اتر جایگا اور دنیا مین شرف اور ذکر خیر کو پہونچیگا اور اگر وہ اپنی تئین آسمان مین بلا سعود دیکھیگا تو یہ خواب دلیل ہی اسکی شہادت موجلہ یعنی وقت معینہ پر اور دنیا مین شرف معجل یعنی جلد حاصل ہونے پر دلالت کرتا ہی

رویت آفتاب

الشمس ہر آئینہ کہ وہ مالک بادشاہت ہی اور اکثر تعبیر اوسکی باصد ابوین یعنے ساتھ ایک کے والدین سے ہی چنانچہ جسنے دیکھا کہ اوسنے افتاب سے آمیسا کیا اور اوسپر اوسکو

دسترس ہوا تو اوس نے جسقدر دیکھا ہی اُسیقدر مالک ملک ہوگا بشرطیکہ آفتاب
صاف ہوا اور اسمین شعاع بھی ہوا اور اسی طرح جب کسی نے دیکھا کہ نور آفتاب اور
شعاع اوسکی اوس شخص پر پڑی ہی تو وہ شخص ملک عظیم کو پہونچیگا اور اوسکے لیے
غلبہ حاصل ہوا اور جب کہ کسی نے آفتاب کو حالت خسوف مین دیکھا کہ اوس کو گہن لگا
ہی اور نور اوسکا بغبار وغیرہ له متغیر ہوگیا یا اوس مین کسی طرح کا نقص آگیا تو یہ حادثہ
ہی بادشاہت مین اس اقلیم کے اور جب کہ اسکی رویت مین سے کوئی بات بادشاہت
پر دلالت نہین کرتی ہی تو یہ حادثہ ہی نسبت ایک کے والدین سے اور اگر کسی نے
یہ دیکھا کہ وہ آفتاب سے نزاع کرتا ہی تو یہ منازعت ہی بادشاہت مین یا ساتھ
ایک کے والدین سے اور اگر کسینے خواب مین دیکھا کہ آفتاب نے خاص اوسی
کے مکان مین طلوع کیا ہی تو یہ شخص اگر عزب ہی یعنی اگر بے زن ہی تو عقد
تزویج کریگا اور اگر زوجہ اوسکا موجود ہی تو یہ شخص پیشگاہ ملوک سے افزایش کشایش
کو پہونچیگا اگر کسی نے خواب دیکھا کہ ابر وغیرہ نے آفتاب کو ڈھانپ لیا ہی تو یہ مرض
یا مصیبت ہی کہ واقع ہوگی ملک یعنی بادشاہت پر یا کسی ایک پر والدین سے
حکایت منقول ہی کہ ایک شخص خدمت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ مین اور
کہا مین نے خواب دیکھا ہی کہ گویا آفتاب میرے جسم پر طالع و درخشان ہی تو حضرت
نے اوسکو تعبیر دی کہ تو بادشاہت یا بادشاہ سے امر عظیم اور شرف جسیم کو پہونچے
گا اور اس شرف کیساتھہ دین بھی شامل ہوگا اور بعد ازان ایک اور
دوسرا شخص آیا اوسنے کہا مینے خواب مین دیکھا ہے کہ آفتاب میرے قدمونپر
درخشان ہی سوای میرے سایر جسم کے یعنی جسم پر اوسکی تابش نہین ہی حضرت نے

له متغیر گرد وغبار ۱۲

فرمایا کہ تو اپنی معاش کو پہونچیگا یعنی تجکو معاش حاصل ہوگی گندم و ثمر سے اور نباتات زمین سے یعنی کشت زار سے جہان تک تیرے زیر قدم ہین اور تو اسمین بود باش رکھتا ہی اور یہ سب پیش بادشاہ سے ہوگا **فصل** اور دیکھنا قمر کا تعبیر مین وزارت شاہی ہی اور اکثر تعبیر اس سے زوجہ جمیلہ یا پسر حسین ہی چنانچہ جس شخص نے خواب مین دیکھا کہ وہ قمر پر دسترس ہوا یا قمر اوسکے پاس آیا تو وہ شخص مالک امر وزارت کا ہوگا اور اگر کسی نے ماہ کو منکسف یعنی گہن لگا ہوا دیکھا یا اوسپر سرخی شفق وغیرہ کی یا تاریکی ابر و غبار کی آگئی ہی تو یہ تعبیر و نقصان اوس شخص کے لیے ہے جسکے طالع کیطرف قمر منسوب ہے اور جسنے ستارون مین سے کسی تارے کو دیکھا تو اوسکو وزیر سے شرف حاصل ہوگا اوس شخص سے بہرہ یاب ہوگا جو شریف ترین مردم ہے اور کبھی رویت قمر کی دلالت کرتی ہے کراہت پر اسلیے کہ قمر دلالت کرتا ہے مرد کاہن پر اور اگر کسی نے خواب مین دیکھا کہ ماہ اوسکے آغوش مین یا اوسنے ماہتاب کو اپنے ہاتھ مین اوٹھایا ہے تو تعبیر اوسکی اولاد ہی کہ اوسکو فائدہ دینگے اور اگر کسی نے یہ خواب دیکھا کہ ماہتاب اوسکے گھر مین ہے یا اوسکے بستر پر ہے تو تعبیر اوسکی زوجہ سے ہے جو جمال مین بشکل قمر ہے اور اگر یہ خواب مین عورت ہی تو عقد ازدواج اوسکا شوہر جمیل سے ہوگا اور جس شخص نے خواب مین دیکھا کہ ہلال اپنے مطلع پر طالع ہی مگر اول ماہ نہین ہی تو یہ شخص پیشگاہ بادشاہ کے قائم ہوگا کہ وہ اوسکے پاس آویگا یا یہ کہ اوسکے اولاد ہوگی یا کوئی شخص غائب و گم شدہ واپس آویگا یا کوئی امر جدید وارد ہوگا **فصل** اور دیکھنا خواب

رویت ماہتاب

رویت ہلال رویت کواکب

ستارونکا تعبیر مین مراد بزرگترین مردم سی ہی چنانچہ اگر کوئی شخص خواب مین نسبت کسی تارہی کے یعنی اوسمین کوئی امر صالح یا تغیرات سے دیکھے تو یہ نسبت اشراف و اکابر اس بلد کے ہے اور کواکب مریخ از روی تعبیر کے حربہ دار بادشاہ کا ہی اور زحل صاحب عذاب یعنی سخت تعزیر دینے والا ہی اور مشتری خازن مال یعنی خزانہ دار اور مدبر ارکان بادشاہت کا ہی اور کبھی اس سی تعبیر شخص عالم عظیم کے کیجاتی ہی اور زہرہ بمنزلہ زن بادشاہ کے ہی اور عطارد کاتب بادشاہ ہی پھر جس شخص نے دیکھا کہ وہ بہت سی تارونپر دسترس ہوا یا اونمین سی کچھ تارونپر دستگاہ ہوئی تو اسیقدر مردم اکابر و اصاغر پر مالک ہوگا اور اگر کسی نے دیکھا کہ وہ تارونکی شبانی کرتا ہی وہ متولی وہ متکفل امور مردم کا ہوگا اور اگر کسینے یہ خواب دیکھا کہ وہ تارونکو کھاتا ہی یا اونمین سی کچھ کھاتا ہی تو مال مردم اکابر کا کھاویگا یعنی مال مردم خوار ہوگا اور جب کوئی شخص خواب مین ستارونکو ایک جا مجتمع دیکھے تو یہ خواب دلالت کرتا ہی اوسکی سعی پر جمع اسوار اکابر مردم کی اور دیکھنا تارونکا واقع ہوگا آسمان سے طرف زمین کے دلالت کرتا ہی نزول نزول عذاب پر اس جا مین جہان وہ تارے واقع ہوی اور جسنے خواب مین دیکھا کہ کسی تارے کو اپنے ہاتھہ مین لیا ہی تو اوسکی یہان فرزند ارجمند پیدا ہوگا اور جسنے خواب مین تارونکا ٹوٹنا آسمان سی دیکھا تو اگر یہ شخص تونگر ہی تو محتاج ہوجاویگا اور اگر وہ شخص محتاج ہی تو شہید مریگا اور اگر کسینے کسی کوکب کو خواب مین دیکھا کہ وہ پس پشت یعنی اولٹا جاتا ہی تو یہ وہ تارا ہی جو جاہای ذی آب گیاہ پر طلوع کرتا ہے اور جسنے خواب مین دیکھا کہ آسمان اوسکے گرد پھرتا ہے تو یہ شخص

سفر کریگا حکایات جو اس باب مین لایق ذکر کرنے کے ہین حکایت ہے کہ ایک عورت
پاس محمد بن سیرین رحمۃ اللہ کی آئی اور یہ بزرگ اوسوقت غذا تناول کرتے
تھے اس عورت نے کہا مینے ایک خواب دیکھا ہے شیخ نے کہا بیان کر
کیا دیکھا ہے اوسنے کہا ابھی مین بیان ملتوی رکھتی ہون تاوقتیکہ آپ
کھانے سے فراغت کرین پھر جب وہ فارغ ہوے تو کہا لے اب
بیان کر تو نے کیا خواب دیکھا ہے کہ ہر آئینہ ماہتاب ثریا مین یعنی زمین
نمناک داخل ہوا ہے اور میرے پیچھے سے کسی منادی نے ندا دی
کہ اے عورت تو محمد بن سیرین سے تعبیر اوسکے خواب کو بیان کر یہ سنکے ابن سیرین
نے اپنے دونون ہاتھ اپنے شکم پر باندھ لیے یعنی رکھلیے اور اوس عورت سے
کہا پھر بیان کر تو نے کسطرح دیکھا ہے تب اوسنے اپنے کلام کو دوبارہ اعادہ
کیا اوسوقت ابن سیرین نے تعبیر اوسکے خواب کی بیان کی اور چہرہ اونکا زرد
ہوگیا اور اپنا پیٹ پکڑے ہوے اوس جگہ سے اوٹھے یہ حال دیکھکر اون شیخ کی خواہر
نے پوچھا کہ یہ آپکا کیا حال ہے کہ رنگ روے آپکا زرد ہوگیا شیخ نے کہا کیونکر میرا
ایسا حال نہو کہ بنا بر زعم اس عورت کے بعد روز ہفتم قبر مین جاؤنگا چنانچہ ایسا
ہی ہوا کہ ساتوین روز وہ بزرگ مدفون ہوئے حکایت اور منقول ہے
کہ ایک شخص امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور سایل ہوا کہ
مینے خواب دیکھا ہے گویا مین قمر سے معانقہ کرتا ہون امام علیہ السلام
نے فرمایا کیا تو بے زن ہے اوسنے کہا ہان میرے لیے زوجہ نہین
ہے فرمایا تو عقد تزویج کریگا ایسی عورت سے جو اپنے زمانے

کی عورتون مین حسین تر ہی بعد ازان وہ شخص چلا گیا اور زمانہ دراز تک غائب رہا بس از مدت حضرت کے پاس حاضر ہوکر عرض کی کہ اے میرے سید آقا مینے ایک زن مدینہ سے نکاح کیا ہی کہ کوئی عورت اوس سے بہتر حسن و جمال مین نہین ہی ولیکن پھر مینے آجکی شب یہ خواب دیکھا ہی کہ گویا مینے قمر کو اوٹھا لیا ہی فرمایا قریب ہے کہ یہ عورت تیرا ایک بیٹا جنے گی کہ وہ بہترین اپنے زمانے کا ہوگا اور تو اوسکو آغوش مین اوٹھاویگا اوسنے کہا اے میرے سید اللہ کہ وہ عورت اب حاملہ ہی چنانچہ ایسا ہی ہوا جیسا حضرت رحمۃ اللہ نے فرمایا تھا

حکایت حکایت ہی کہ مادر امام شافعی رضی اللہ عنہ جب شافعی کی حاملہ تھین یعنی شافعی اونکے پیٹ مین تھے تو اونھون نے اپنے خواب مین دیکھا کہ وہ کواکب جسکو مشتری کہتے ہین اونکی شرمگاہ سے نکلکر داخل شہر مصر ہو بعد ازان اوس جگہ ایک صدای سخت پیدا ہوئی اور اس سے شرارہ عظیم اوڑنے لگے چنانچہ تعبیر اوسکی یہ ہوئی۔ کہ کوئی قریہ ایسا باقی نرہا کہ جہان علم مذہب شافعی کا مشتہر ہوا ہو

رویت قیامت

فصل اگر کسینے خواب مین دیکھا کہ قیامت برپا ہی تو تعبیر اوسکی یہ ہی کہ جہان یہ خواب دیکھا ہی وہان بسط و نشر عدل کا ہوگا اور اگر باشندے اوس مقام کے ظالم و زیانکار ہونگے تو حقتعالی اونسے انتقام کریگا کیونکہ قیامت روز فیصلہ اور اجر کا ہے اور اگر لوگ اوس جگہ کے مظلوم ہونگے تو نصرت یاب ہونگے اور جو کوئی خواب مین دیکھے کہ پیش خدا عز و جل ایستادہ ہی تو عظم ترین امر اور صحیح ترین رویا ہی اور یہی تعبیر ہی اوس شخص کی بھی جو کوئی کچھ ہول قیامت سے خواب مین دیکھے

فصل اور جب کسی نے

خواب مین دیکھا کہ داخل جنت ہوا ہی تو البتہ وہ داخل جنت ہوگا کیونکہ یہ اسکے
لیے بشارت ہی عوض اون اعمال صالح کے جو اوسنے آگے بہیجا ہے اور اگر
رویت جنت
کسینے خواب مین دیکھا کہ اوسنے میوہ ہاے جنت سے کچھ کھایا ہی اوس مین سے کچھ
کسی غیر کو دیا ہے تو تعبیر اوسکی یہ ہی کہ میوہ ہاے جنت کے کلام طیب مثل کلام
بر و خیر کے کہ وہ اوسپر قادر ہوگا اور اگر کسیکو میوے جنت کے دستیاب
ہوے اور اوس مین سے اوسنے کچھہ نہ کھایا کہ وہ اوسکے کھانے پر قادر نہوا تو تعبیر
اوسکی یہ ہی کہ اوسکے دین مین اوسکو خیر پہونچے گا مگر اوس سے وہ منتفع نہوگا اور
کبھی یہ خواب دلالت کرتا ہی علم پر اوس سے وہ متمتع نہوگا اور اگر کسینے خواب مین
دیکھا کہ چشمہ ہای بہشت سے اوسنے پانی پیا یا حلہ ہاے جنت سے اوسنے لباس
پہنا ہی تو تعبیر اوسکی یہ ہی کہ دنیا و آخرت مین اوسکو بر و تقوی حاصل ہوگا اور
رویت جہنم
اوسیطرح دیکھنا ریاض و عیون جنت کا یعنی اوسکے چمنون اور چشمونکو اور
دیکھنا حوران بہشتی کا خیر ہے کہ دنیا و آخرت مین اوسکو بر و تقوی پہونچیگا
اور نعماے جنت سے جسقدر کہ جسنے اپنے خواب مین دیکھا ہی قدر اوسکے
وہ فائز بنعماے دنیا ہوگا **فصل** اگر کسینے خواب دیکھا کہ وہ داخل جہنم ہوا ہی تو تعبیر
اوسکی یہ ہی کہ وہ مبتلاے خطایای عظیمہ اور ہوگا کیونکہ یہ برعکس رویای جنت ہی اور
دیکھنا اسکا دلالت کرتا ہی اوپر تدبیر و نگونساری کی پس لازم ہی کہ شخص ایسا خواب
رویت آتش دنیا
دیکھنے والا تعجیل توبہ و مجاہدہ نفس و عمل بخیر کرے اور اگر اوسکو جہنم سے کوئی گزند نہین
پہونچا ہی تب بھی خالی اوس سے نہین ہی کہ اوسکو از وہ دنیا ہی میں پہونچے گا اوسقدر
کہ اوس نے جہنم سے دیکھا آتش دنیا دیکھنا خواب مین آتش دنیا کا تعبیر اوسکی یہ

کیجاتی ہی چنانچہ اگر کسی نے خواب مین دیکھا کہ آگ کسی سرزمین بلند پر واقع ہوئی ہی اور وہ شہر ہو خواہ محلہ یا کسی مکان مین آتشزدگی ہوئی ہی اور اوس مین شعلہ ولپک ہی اور وہ ایسی بھڑکی ہوئی آگ ہی کہ جو کچھ اوسمین پڑی جلجا دی اور اوس مین صدای ہولناک بھی ہی تو یہ جور و ستم ہی کہ اوس سرزمین پر بقدر اوس آگ کے واقع ہوگی اور اگر وہ زمین آگ لگی دیکھی ہی بلند نہین ہی تو وہ طاعون رہرسام یا چیچک یا موت ہی کہ اوس مقام مین پڑیگی اور اگر اوس آگ مین شعلہ ولپک نہوا اور اوس مین شور بھی نہوا اور وہ ایسی آگ ہی کہ کچھ اوس نے جلادیا ہی اور کچھ چھوڑ دیا ہی تو اوس صورت مین تعبیر اوسکی حوادث امراض ہین جو وہان واقع ہونگے پھر اگر یہ دیکھا ہی کہ وہ آگ آسمان سے اوتری ہی تو یہ وہان والونپر سختی ہی اور اگر یہ دیکھا کہ اس آگ نے کچھ جلایا نہین ہی تو یہ سختی زبانی ہی کہ اوس سے کچھ ضرر نہوگا اگر یہ دیکھا کہ اوسمین دھوان ہی تو یہ نسبت اوس سختی کے آسانی ہی اگر یہ دیکھا کہ آگ کسی جگہ سے طرف آسمان کے بلند ہوتی ہی تو اوسنے گویا حقتعالی سے حرب کیا بہ سبب معصیت کرنے کے اور اوسپر افترا کیا از روی بہتان عظیم کے اور اگر کسی نے یہ دیکھا کہ اوس نے روشن کی ہی تا کہ اوس مین کوئی چیز بریان کرے یا کوئی دوسرا شخص کچھ بریان کرے تو تعبیر اوسکی یہ ہی کہ وہ کسی امر کو برانگیختہ کریگا یعنی کسی چیز کا سامان و اہتمام کریگا اور اوس سے منتفع ہوگا اور فقر اوسکا دفع ہوگا کیونکہ برودت فقر و عسر ہے اور حرارت غنیمت و یسر ہے اور اگر دیکھا کہ اوس آگ مین گوشت بریان کرتا ہے تو وہ غنیمت مردم سے جو کچھ اوسکی زبان پر آتا تھا بری و پاک ہوا یعنی آئندہ اوس سے محفوظ رہے گا اور اگر اوس نے یہ دیکھا

کہ اوس گوشت بریان سے کچھ کھایا بھی ہی تو اوس شخص کو رزق کم اور رنج و زیر باری بہت پہونچیگی اسلیے کہ بریانی دبرشتگی خرن و ثقل ہی اور اگر یہ دیکھا کہ اوس آتش سوزان پر دیگچہ مین کھانا پکاتا ہی تو جو امر اوسکے باعث منفعت کا ہی ذرباب مکان کہ اوس سے وہ یعنی محروم رہیگا کہ قدر یعنی دیگ لوازم و سامان خانہ سے ہی اور اگر یہ دیکھا کہ اوس دیگ مین کچھ کھانا نہین ہی تو یہ شخص برانگیختگی و برداشت خانہ بکلام کریگا یعنی کلام سے تدبیر و اہتمام کریگا یا یہ خواب اوسکو کسی امر مکروہ پر برانگیز کریگا اور کسی نے یہ خواب دیکھا کہ آگ نے اوسکا کپڑا یا کوئی عضو اوسکا جلایا ہے تو تعبیر اوسکی یہ ہی کہ اوس صاحب جامہ و صاحب عضو کو کوئی مصیبت پہونچیگی چنانچہ اوسکا بیان مفصل عنقریب اپنے مقام پر آویگا اور وہ آگ جو اس شخص کو پہونچی یعنی اوسکی کپڑے یا عضو مین لگی اگر اوس مین شعلہ اور لپک ہے تو یہ ضرر ہے کہ حاکم کی ہاتھ سے اوسکو پہونچیگا اور اگر اوس مین نتھا تو وہ مرض برسام ہے اور اگر کسی نے یہ دیکھا کہ وہ بے شعلہ کی آگ کھاتا ہے یعنی انگارے چباتا ہی تو وہ شخص مال یتیم کھا جاویگا اور جو آگ کھاتا ہے اگر اوس مین شعلہ بھی ہی تو اوس مال یتیم خوری مین اوس سے کلام کیا جاویگا یعنی بازپرس ہوگی اور تعب و رنج مین پڑیگا اور اگر کسی نے یہ خواب دیکھا کہ آگ اتری ہی کہ غار مین فرد ہوئی یعنی کسی گود مین پڑی ہی تو یہ شخص زبان مردم مین پڑیگا کہ وہ لوگ اوسکی غیبت کرینگی اور دواغ کرنا آگ سے سخت کلامی اور بدزبانی ہی کہ یہ شخص اس سے متاذی ہوگا جسقدر کہ اوسنے خواب مین دیکھا ہی اور شرر یعنی چنگاریان آگ کی دیکھنا خواب مین تعبیر ہی سخنان زشت سے چنانچہ اگر کسینے خواب مین دیکھا کہ شرارے اوسپر افشان

ہین یعنی کہ اوسپر خشگ باران ٹرتی ہین تو تعبیر اوسکی سختان مکروہ ہین چنانچہ اگر وہ شرارے اوپر
بکثرت جھڑتی ہین تو اوسکو عذاب گزند پہونچیگا اور اگر کسی نے اپنی ہاتھہ مین شعلا آگ
کا دیکھا تو اوسکو سلطان وقت سے کوئی امر شاق پہونچیگا اور اگر کسینے خواب مین یہ
دیکھا کہ بازار اور دوکانو مین آگ واقع ہوئی ہے تو تعبیر اوسکی یہ ہوگی کہ معاملہ بیع و شرا مین
یا خود ہا نفاق ٹریگا سوای اسکے کہ زر قیمت سے محروم رہین اگر کسینے گھر مین چراغ دیکھا کہ
وہ بہت قوی اور بہت روشن ہے یعنی بڑا فتیلہ ہے اور اوسکی بڑی روشنی ہے تو
یہ از روی تعبیر کے اصلاح حال خانہ ہے اور اگر روشنی اوسکی سست ہے تو یہی
احوال اس مکان کا بھی ہے پھر اگر وہ چراغ خاموش ہوگیا اور خواب مین کوئی ایسی
علامت نظر نہین آئی جو دلالت کرتی ہو موت پر تو اوسوقت تعبیر اوسکی یہ ہوگی کہ
حال اوس شخص کا متغیر ہو جائیگا اور اوسکو کوئی ایسا مکروہ پہونچیگا جو اوسکو ناگوار ہوگا
اور اگر کسینے یہ خواب دیکھا کہ وہ آگ روشن کرتا ہے اور لوگونکو اوس سے روشنی پہونچتی یا
اس روشنی مین لوگ کچھ کام کرتے ہین اور راہ راست پر چلتے ہین تو وہ از روی تعبیر
کے علم و حکمت ہے جس سے گروہ مردم منتفع ہونگے اور اگر کسینے یہ خواب دیکھا کہ وہ خاکستر
فراہم کرتا ہے یا اوسکو اوٹھاتا ہے تو وہ اسنے علوم سے امر باطل جمع کریگا کہ اوس سے خلق الله
مین کوئی فائدہ مترتب نہ ہوگا اور اگر کسینے خواب مین یہ دیکھا کہ اوسنے آگ مہیا کی اور
بہم پہونچائی مگر اوسکو روشن وا فروختہ نہ کی تو تعبیر اوسکی یہ ہے کہ وہ اوسکا علم ہے
کہ اوس سے بھی کوئی مستفید نہوگا

باب پنجم تباویل بارش باران و رعد برق و آبہای چاہ و دریا و جوی جگہ و خیابان و نہر و کشتی و آسیا و آسیا سائی و حمام و بادبان وغیرہ

فصل رویت مطر[۱] دیکھنا خواب مین بارش اور ابر کا رحمت ہی اور اگر وہ بارش
خاص کسی جا کے لیے یا مخصوص کسی مکان و محل و مقام کیواسطے ہو سوا اوس
جگہ کے اور کہیں[۲] نہو تو تعبیر اوسکی درد و آزار ہی یا وہ بارش بعض اطراف
دنیا مین ہی کہ جو لوگ خاص وہین کے باشندے ہین اونھین کیلئے واقع
ہی تو اکثر ایسا ہوگا کہ اونھین کو سختیان پہونچینگی اور اگر کسی نے خواب
مین دیکھا کہ آسمان سے مسکہ یا عسل[۳] یعنی شہد صاف یا روغن زیت یا
شیر باران ہی یا کوئی چیز مثل اون چیزون کے برستی ہی تو یہ سب غنیمت
ہی اور یہ ہر ایک خیر و برکت اور رزق ہی کہ آسمان سے اوس سرزمین والونپر
نازل ہی اور جو مطر کہ مستجب ہو یعنی جو باران کہ بگوارش بارش کرے اوسکی بھی
یہی صفت ہی حکایت ہی کہ ایک شخص ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس
آیا اور اوس نے کہا مینے خواب مین ظلہ یعنی پارۂ ابر دیکھا ہی کہ آسمان سے
مسکہ عسل برساتا ہے اور لوگ اوس مین سے لے رہے ہین اور اونمین سے
کچھ آدمی بہت سا لینے والے ہین اور کچھ تھوڑا لینے والے ہین چنانچہ
اسکے جواب مین حضرت رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ وہ ظلہ کہ ابر تو اسلام ہی
اور وہ مسکہ و شہد اوسکی حلاوت یعنی برکت اسلام ہی اور جو بارش کہ جس
سے متاع و نفع حاصل ہو اور وہ خوشتر و خوشگوارش ہو حکایت
اور ایک شخص نے حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ سے سوال کیا کہ مین
نے خواب مین دیکھا گویا مین منھ مین حوض کرتا ہون یعنی اوس مین
در آیا ہون اور ایک شبانہ روز اوس مین گھسا ہون حضرت نے

رویت مطر

[۱] یعنی خواب مین یا سامان سے یعنی خاص مکان ۱۲

[۲] یا کسی زمین مین ہی ۱۲

[۳] یعنی شہد صاف سے شہد مطلق شہد یا موم مراد شہد ہی ۱۲

فرمایا کیا اچھا خواب تو نے دیکھا ہی تو رحمت خدا مین داخل ہوا ہی
اور تجکو امان ملیگی اور وسعت رزق ہوگی اور اسیطرح کسی نے امام جعفر صادق
رضی اللہ عنہ سے ذکر کیا کہ ایک شخص نے خواب مین دیکھا گویا مینھ خاص اسی
کے سر پر برستا ہی فرمایا وہ شخص گناہگار ہے اوسکے اوپر گناہوں کی کثرت ہی اوسکی
معصیت و خطائے اوسکو گھیر لیا ہی کہ تو نے قول حق تعالے کا نہین سنا ہی
وانزلنا علیہم الماء منبش۔ الماء للذین خوفہم

فصل رویت رعد مع باد اگر کوئی شخص خواب مین صدائے رعد یعنی آواز برق سنے
اور باد سکے ساتھ ہوا آندھی بھی ہو تو وہ از روی تعبیر کے سلطان جابر و زبردست
ہی اور دیکھنا خواب مین برق کا واسطے مسافر کے خوف ہی اور مقیم کے لیے طمع و
آرزو ہے بقول حق تعالی کہ وھو الذی یریکم البرق خوفا وفیہ ضرر
اور بقول بعضون کے وہ رعد جو بغیر باران ہو اوسکا دیکھنا خواب مین خوف
ہی مقیم اور مسافر کے لیے بھی اور رعد با باران کا دیکھنا شفا ہی واسطے مریض کے
رویت قوس قزح دیکھنا کمان آسمان کا خواب مین اگر وہ سبز رنگ ہو تو
دلیل ہی امن پر قحط سے اور اگر رنگ زرد ہو تو دلیل ہی مرض پر اور سرخ ہو تو دلیل ہی
خونریزی کی اور بقول بعضون کے اگر کوئی قوس قزح خواب مین دیکھے تو دلیل ہی اوسکے
عقد تزویج پر رویت سیل دیکھنا سیلاب کا خواب مین ہجوم حملہ دشمن ہی اور دیکھنا
سیلاب کا میزاب بارش سے یعنی پرنالون کا بہنا پانی برستے مین دلیل خیر و فراخی کی ہی
رویت سحاب اور دیکھنا ابر کا تعبیر علم و حکمت و رحمت سے ہی کہ وہی دین اسلام ہی
بشرطیکہ اس ابر کے ساتھ آثار عذاب یعنی زبونی تاریکی یا باد تندگی ہول و ہیبت سے

ہو اگر کسی نے خواب مین دیکھا کہ وہ ابر پر قادر ہی یا اوسنے ابر کو فراہم کیا ہی یا اوسکے اندر داخل ہوا ہی اور اوسپر سوار ہی تو وہ امر عظیم پر فایز ہوگا حکایت حکایت ہے کہ امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ سے کسی نے سوال کیا ہی کہ ایک شخص نے خواب دیکھا کہ گویا وہ ابر کھاتا ہی اور بہت سے ابر اوسکے آگے موجود ہین حضرت نے فرمایا کیا اچھا خواب دیکھا ہی یہ شخص علم حاصل کریگا اور اوسکا ذکر بلند ہوگا اور اگر اوسنے فخر و مباہات کی کریگا اور اوسکے سبب وہ ایسا امر عظیم حاصل کریگا جسکو کسینے حاصل نہ کیا ہوگا اور اوسکے ستایش کے لیے نیک اور جاہ و مرتبت اور قدر و منزلت ہوگی اور اونہین امام رضی اللہ عنہ سے کسینے سوال کیا کہ ایک نے خواب مین دیکھا اوسکو ابر نے سایہ مین کر لیا یعنی اوسپر سایہ کیا فرمایا اگر یہ شخص بیمار ہی تو شفا پا دیگا اور اگر قرضدار ہی تو حقتعالی قرضہ ادا کریگا اور اگر فقیر ہو تو خدا اوسکو غنی کریگا اور اگر وہ مظلوم ہی تو اوسکی دادرسی کریگا اسلیے کہ ابر رحمت ہی اور جو کچھ اوسمین ہی رحمت ہی اور یہی ابر رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم پر واقعات محاربات مین سایہ فگن رہتا تھا رویت برد و ثلج و جلید یعنی دیکھنا خواب مین سردی و برف و شبنم و سرما کا از روی تعبیر کے ہم و غم و عذاب ہی مگر یہ کہ برف اندر اوس جگہ بھی اوسکی وہی ہو جہان برف پڑنے کی عادت ہی اور وہین برف پڑی چنانچہ اگر ایسا ہوگا تو یہ موجب فراخی رزق کا ہوگا واسطے مقیمان اوس مقام کے اور یہی کیفیت رویت جلید یعنی شرکی ہی مگر یہ دیکھنا اوس شخص کا اس طرح سے ہو کہ اوسنے اوس آب جلیدہ کسی ظرف کو بھر لیا ہوا ور وہ پانی اوس ظرف مین جم گیا ہو تو اوسکے صورت مین تعبیر اوسکی جمال جاہ و سامت کی ہی یعنی وہ مال شل لیجیے

رویت چاہ

دہنگ لپٹتے کے ہے جو اوسکے پاس لبستہ و باقی ہی اور یہ مثل رویت برد یعنی ہنسا
گے ہی جسسے کسی حال مین خبر نہین **فصل رویت** بیر دیکھنا چاہ کا راس المال
و مہر مایہ انسان اور اوسکی معیشت ہی چنانچہ اگر کسینے خواب مین یہ دیکھا کہ اوس نے
ارادہ کنوان کھودنے کا کیا اور پھر اوسکے کھودنے پر قادر نہوا تو تعبیر اوسکی حسرت معیشت
ہی کہ وہ اپنی قوت بازو سے اندک حاصل کریگا پھر اگر کسینے یہ خواب دیکھا کہ اوس نے اپنے
گھر مین کنوان بنایا یعنی کھودایا یا کھودا ہی اور آب چاہ جوش کرکے بلند ہوا
ہی تو اوسکی تعبیر یہ ہوگی کہ اوسکے مال مین قوت و برکت ہوگی اور حقتعالی اوسکے
تئین مال طیب و پاکیزہ بغیر سختی و تعب سکے دیگا اور اگر کسی نے یہ خواب
دیکھا کہ پانی اوسکے گھر سے اور اوسکے کنوئین کا نکلتا ہی تو تعبیر اوسکی یہ ہے
کہ مال اوسکا جاتا رہیگا اور تھوڑا سا باقی رہجائیگا اور اگر کسی نے یہ خواب دیکھا
کہ وہ پانی لیتا ہی اور جمع کرتا ہے اور آب پاشی زراعت کی کرتا ہی تو از روی
تعبیر کے وہ ایسا مال ہی جسکو خداوند عزوجل کی راہ مین خرچ کریگا اور اگر اوسنے
یہ دیکھا کہ اس آب چاہ سے پلاتا ہی اور اوسکو جبر کرتا ہی تو تعبیر اوسکی یہ ہی کہ وہ
اوس مال کو ایسے کام مین خرچ کریگا جو اوسکو نہ نفع دیگا نہ اوسکا ضرر ہوگا
اور اگر خواب مین یہ دیکھا کہ اوس چاہ سے وہ آب کشی کرتا ہی اور لوگونکو دیتا
ہی یا اونکو پلاتا ہے تو وہ خوش زندگانی کریگا فراخگیری و بلند نامی مین اور حاکم
اکبر یعنی زمانہ کبر سنی تک ادرک پایگا کہ اپنے مال سے وہ یتیمون کی اور مسکینون کی
پرورش کریگا اور اگر کسینے خواب مین دیکھا کہ وہ اوس کنوئین سے پانی بھرتا ہی اور
درختونکی جڑونمین پانی دیتا ہی تو اپنے مال سے یتیمونکی پرورش کریگا اور اگر اسنے دیکھا کہ پانی کھینچے ہے

بیان آب انداختن در چاہ

لوگونکو پلاتا ہی تو تعبیر اوسکی یہ ہی کہ وہ برای جمع قوم کی اعانت کریگا اور اگر کسنیے یہ خواب دیکھا کہ وہ پانی کھینچتا ہی اور اوس پانی سی غلہ رہ و پلیدی یا کوئی گندی چیز نکلی تو مال طیب و حلال اوسکا مال خبیث و حرام مختلط ہو جائیگا اور جس شخص نے یہ خواب دیکھا کہ دلو یعنی ڈول اوسکا فاسد و منقطع ہو گیا یعنی پھٹ گیا یا ٹوٹ پڑا تو تعبیر مشہور اوسکی یہ ہی کہ لوگون سے اوسکو قطع علائق ہوگی اور اکثر خواب دیکھنا چاہ کا از روی تعبیر کے مکروہ ہی و منجر بہم و غم ہے چنانچہ اگر کسنیے یہ دیکھا کہ وہ کنوئین مین گر پڑا یا خود اوس مین اوترا ہی تو انجام ہم و غم کا آخر کو کشایش و فیروزی ہوگی جیسا کہ ماجرا حضرت یوسف صدیق علیہ السلام کا گذرا —

رویت نہر کہ وہ معبر بر جل مرد ہی بقدر حال کوچکی و بزرگی نہر کے ذی ترجم کہتا ہی کہ عبارت متین کہ النہر ہو رجل ہی ظاہر الفظ رجل کتابت مین لفظ وحل کا بدل واقع ہو گیا یعنی خواب دیکھنا نہر کا معبر بوحل بمعنی کلابہ یعنی دلدل ہی جیسا کہ سیاق عبارت سی واضح ہی چنانچہ جس شخص نے خواب مین دیکھا کہ وہ اندر نہر کے داخل ہوا اور اوسکو وحل و ہول پہونچا یعنی وہ دلدل مین پھنسا اور جای ہولناک مین پڑا تو از روی تعبیر کے وہ مبتلای ہم و غم ہوگا اور خوفناک ہوگا جسقدر کہ وہ درماندہ بوحل و گل ہوا ہی اور اسیطرح جب کہ نہر عکر ہو یعنی اوسکا پانی منکدر و تیرہ گون ہو اور اس شخص نے اوس سے آب صاف نوش کیا ہی تو وہ فائز بخیر و برکات ہوگا اور خوش زندگانی سی بسر کریگا اور اگر وہ نہر کدر یعنی گندا ہی اور دہی پانی اوس نے پیا ہی تو اوسکو مرض اور رنج و غم پہونچیگا جسقدر کہ اوس نہر کدر سے پیا ہے اور اگر کسنیے خواب مین دیکھا کہ وہ نہر سے پانی پلاتا ہے اور دیتا ہے تو

رویت نہر

تو وہ ایسے شخص سے مال حاصل کریگا جو بحیثیت بزرگی و کوچکی اوس نہر ہوا اور اگر کسینے
خواب دیکھا کہ اوس نے نہر یا دریا میں غسل کیا ہے اور اوس سے کسیطرح
ہیبت و خواری اور شدت اپنے حق میں نہیں دیکھی یا یہ دیکھا کہ اوس نے
غسل کیا ہے کسی پانی سے تو غسل باعث دفع رنج و الم و موجب فرحت و
صحت ہے چنانچہ اگر وہ شخص اندوہگین یا تنگی میں ہوگا تو حقتعالی اوسکو کشایش
بخشیگا اور اگر وہ مریض ہوگا تو شفا پاویگا اور اگر وہ قرضدار ہوگا تو حقتعالی
اوسکا قرضہ ادا کریگا اور اگر خوفناک ہوگا تو حقتعالی خوف سے امین کریگا اور
اگر وہ محبوس زندان ہوگا تو حقتعالی اوسکے مخلصی کریگا چنانچہ حقتعالی نے فرمایا ہے
ارکض برجلک هذا مغتسل بارد وشراب ووهبنا له اهله
ومثلهم معهم رحمة منا وذکری لاولی الالباب
اور اگر کسی شخص نے خواب میں دیکھا کہ اوس نے اوس نہر کو دوسری جانب قطع کیا
اور کاٹا ہے تو یہ ہم و غم تھا کہ زایل ہوا اور اوس نہر میں جسکو دوسری جانب
کاٹا ہے کیچڑ یا گیلی مٹی یا اسمین ہیبت موج بر موج نظر آتے ہیں تو یہ شخص دیکھنے والا
قطع و جدائی کریگا اوس شخص سے جو اوسکے پاس ہے اور اوسسے صحبت ہمسایگی رکھتا ہے
اور آمیزش کریگا اوسکی غیر کے ساتھ یا باقی رہیگا بعد اوس شخص کے جس سے قطع کیا ہے
رویت بحر دیکھنا خواب میں دریا کا از روے تعبیر کے ملک عظیم یعنی بادشاہی بزرگ
ہے بشرطیکہ اوس دریا میں تکدر و تیرگی نہو اور موج اوسکی ہول انگیز نہوں تو یہ
مملکت و سلطنت ہے چنانچہ جس شخص نے یہ دیکھا کہ دریا سے اوس نے پانی پیا اوس حالت میں
کہ دریا گندلا نہیں ہے اور نہ اوس میں جوش و ہیجان ہے تو یہ شخص اوس مملکت سے فیضیاب ہوگا جس مقدار

اوس سے کہ پانی پیا ہی یا اپنی زندگانی دنیا سی عیش وطیب کو پہونچیگا اور اگر وہ دریا تیرہ وتاریک وجوش زن ہی تو یہ شخص خوفناک واندوہگین وغمزدہ وسختی رسیدہ ہوگا جسقدر کہ تیرگی وغیرہ مین دریا کا حال دیکھا ہی اور اگر کسی نی خواب مین یہ دیکھا کہ وہ غرق دریا ہوا ہی چنانچہ اگر وہ دریا صاف منکدر ہی تو یہ شخص غریق ومشغول امور بادشاہی کا ہوگا اور اگر وہ دریا منکدر غیر صاف ہی تو اوس شخص کو سختی و تباہی پہونچیگی اور اگر کسی نی یہ خواب دیکھا کہ وہ بالائے دریا یعنی پانی پر چلا جاتا ہی تو یہ شخص اپنی زندگی دنیا مین ترقی وغلبہ کریگا ملوک اور اہل دنیا یعنی تونگرون اور اپنے غیر مرتبہ والون پر واللہ اعلم

رویت سفینہ

رویت سفینہ دیکھنا خواب مین کشتی کا از روی تعبیر کے نجات ہے غالب حالات واکثر اوقات مین اور کبھی سبب قریب اور رسائی بخدمت ملوک ہے اور کبھی وہ موجب ہم وغم ہے مگر یہ کہ نجات بہ نسبت دیگر وجوہ کے قریب تر ہے چنانچہ جس شخص نی یہ خواب دیکھا کہ وہ دریا مین کشتی سوار ہی تو وہ مداخلہ ومحاسبہ ملوک وسلطان مین پڑیگا جسقدر کہ وہ حصہ کشتی مین داخل ہی اور اسقدر کہ وہ کشتی بزرگی وکوچکی ووسعت مین متصف ہے مگر یہ کہ بالآخر وہ اس بادشاہ سے نجات پاویگا اور جس شخص نی اپنی تئین اندر کشتی کے دیکھا اور اوس مین چلا بھی ہی تو تعبیر اوسکی رنج والم اور مرض اور قید وبند ہی مگر یہ کہ اون سب آفتون سی نجات بھی ہوگی اور اگر کسی نی یہ خواب دیکھا کہ وہ کشتی سے باہر نکلا یعنی کشتی سی خشکی مین آیا تو یہ نجات ہی بہت جلد حاصل ہوگی اور اگر کسی نی زمین خشک پر یعنی خشکی مین کشتی دیکھی تو رنج واندوہ وصدمہ پہونچے گا مگر یہ کہ اوس سے نجات

بھی بلیگی اور اگر کسینے خواب مین کشتی کو دیکھا کہ وہ اوسکے سامنے بطور استقبال آتی ہی تو تعبیر اوسکی یہ ہی کہ یہ شخص اپنی سختیونسے بہت جلد نکلیگا یعنی نجات پاویگا

رویت ساقیہ

رویت ساقیہ جو ہی خرد کو چک تر از نہر جو ایسا لطیف و تنہا ہی کہ اوس مین ڈوب نہین سکتا تو رویت اوسکی قایم مقام نہر کے ہے مگر یہ کہ تعبیر اوسکی حیات طیبہ ہی و مژدہ ہی خواہ وہ ساقیہ عام بے نام ہو یا خاص و نامزد ہو اور اسی طرح جب کوئی شخص خواب دیکھے کہ گھرون کے درمیان آب روان ہی تو تعبیر اوسکی حیات طیبہ ہی بشرطیکہ وہ پانی شیرین ہو مگر ایسا نہو کہ ایسے چشمونسے نکلا ہو جو گھر سے نکلے اندر زیر دیوار جاری ہو یا ایسے مقام مین جاری ہو کہ وہان نکلنا چشمونکا غیر معروف غیر متوقع ہو کہ ان صورتون مین تعبیر اوسکی اہل اوس مقام کیلئے رنج الم و حزن و خوف و بکا ہی اور کمی زیادتی رنج وغیرہ کی بمقدار قوت و وسعت روانی چشمے کے ہے کیونکہ آب چشمہ جب بکثرت ہوگا تو وہ دلیل عظمت شدت مصیبت کی ہی یہان تک یہ کیفیت حق مین باشندگان اوس مقام کے منتہی بخوف و بکا ہو جاتی ہی و با اینہمہ اگر وہ پانی منکدر و گندلا بھی ہو تو وہ صدمات قوی تر و شدید تر ہونگی پھر اگر کسی نے دیکھا کہ ایسے چشمی سے اوسنے پانی پیا بھی ہی اور اوسکو رنج و اندوہ اس مقدار سے ہونچیگا جسقدر کہ اوسنے اوس سے پیا ہے یعنی باعتبار کمی بیشی آبنوشی کے اور اگر کسینے یہ خواب دیکھا ہے کہ اوسنے آب چشمی سے وضو یا غسل کیا ہی تو یہ اصلاح ہی برای جملہ احوال اور واسطے ہر گونہ ہم و غم کے اور امر پسندیدہ و ستودہ ہی چنانچہ اگر وہ شخص اندوہگین ہوگا تو حقتعالی اوسکو کشایش دیگا اور اگر وہ خایف ہوگا تو اوسکو امن دیگا اور اگر قرضدار ہوگا تو حقتعالی اوسکی

دین کو ادا کریگا اور گناہگار ہوگا تو عفو کریگا اور اگر مریض ہوگا تو شفا پاویگا اور اوسکی
ساری کیفیت قصہ ایوب علیہ السلام واضح ہی اور اگر کسی نی خواب دیکھا کہ اوسکے
پاس ایک ظرف ہی اوس مین پانی ہی اور ٹھہر رہا ہی یعنی عازم سفر یا کہین مسافرت پر
یا مقام غیر معروف مین ہو تو تعبیر اوس پانی سی عمر و زندگانی شخص کی ہی چنانچہ
اگر اوس شخص نی وہ پانی سارا پی لیا تو گویا اوسکی عمر بھی کچھ باقی ہی اسیقدر
کہ پانی اوس ظرف مین باقی رہا ہی اور ثرید بھی جو قسم طعام مین ہی قایم مقام آب
محمولہ ظرف کے ہی اوسین اوصاف سی جو دربارہ آب ظرف کے بیان کیا گیا ہی
اور جس شخص نے یہ دیکھا کہ اوس نے آب شیرین و صاف نوش کیا اور مقدار اوسکی
نہین جانتا کہ کسقدر پیا ہی اور یہ بھی نہین جانتا کہ وہ ٹھہر رہا ہی یا سفر مین اور یہ بھی
معلوم نہین کہ مقول مجہول یعنی غیر مشہور مین ہی تو از روی تعبیر کے یہ شخص حیات
طیبہ اور عیش صافیہ کو پہونچیگا پھر اگر وہ پانی شیرین نہین ہی تو بھی حیات عیش طیب ہی
اور اگر وہ پانی مکدر و تیرہ گون ہی تو اوس شخص کو مرض ہوگا لقدر اوس پانی
کے اور اگر کسی نے پانی کو جام شیشہ مین دیکھا تو از روی تعبیر کے جام تو معبر
بزن ہی اور پانی اولاد ہی بشرطیکہ اوس پانی کو پیا نہو چنانچہ اگر اوسنے
یہ خواب دیکھا کہ اوس پانی سے باغات و زراعات سینچا ہے تو از روی
تعبیر کے یہ شخص اپنی زوجہ سے جماع تمام تر اور قرار واقعی کریگا پھر اگر وہ
باغ جسکو پانی دیا تھا بارور و برگ آور ہوا تو حقتعالی اوسکو اوس زوجہ سے
اولاد دیگا اور اگر کسینے دیکھا کوئی اور شخص اوس بستان یا زراعت کو پانی
دیتا ہی تو اوس مین کچھ خیر نہین ہے اور اگر کسینے یہ خواب دیکھا کہ وہ وضو

یا غسل کرتا ہی ایسے پانی سے کہ وہ وضو یا غسل مین کافی و روا نہین ہی مثل شیر و شراب و
روغن وغیرہ مانعات چیزونسے تو جو امر کہ اوس وضو اور اس غسل مین ہی وہ یہ
ہی کہ اوسکے امور دین و دنیا تمام نہونگے اور اسیطرح اگر کسینے خواب دیکھا کہ اوسنے
پانی سے وضو کیا ہی مگر وضو تمام نہین ہوا تو تعبیر اوسکی یہ ہی کہ کام اوسکا تمام نہوگا
سواے اس بات کے کہ کار سہل و آسان البتہ ہوگا اور اسی طرح حال اوس
شخص کا ہی جسنے خواب مین نماز پڑھنا دیکھنا اور نماز تمام نہ ہوئی اور اگر کسی نے
دیکھا کہ اوسنے وضو تمام یا غسل کامل کیا ہی تو یہ اوسکے حق مین طہارت ہی
گناہون اور خطاؤن وغیرہ مکروہات و مذمومات سے **رویت طین**
و وحل خواب مین دیکھنا گل تر و گلابہ یعنی گیلی مٹی و کیچڑ کا معبر بغم و رنج و خوف
ہی جسقدر طین وغیرہ سے وہ ملوث ہوا ہی اور یہی حال آب گرم جوشاندہ کا
ہی کہ اگر کسینے آب گرم پایا ہی تو اوسکو صدمہ و گزند پہونچیگا بادشاہ سے
اور جسقدر وہ پانی گرم ہوگا اسیقدر اوسکی مصیبت بھی شدید تر ہوگی و
گاہ باشد کہ اوسکو فزع و غدغہ یا مرض لاحق ہوگا **رویت لبن جاف**
یعنی خشت خشک جو کورہ یعنی پزاوہ سے نکلی ہی تو وہ مال مجموعہ ہی چنانچہ اگر
کسینے خواب مین دیکھا کہ اون اینٹونسے کچھ اوسکو پہونچی ہی تو مال اندوختہ
و ذخیرہ اوسکے ہاتھ آویگا اور اگر کسی نے دیکھا کہ کوئی اینٹ کسی
دیوار سے نکل گئی ہے تو کوئی مرد وہان سے جاتا رہیگا یا
کوئی عورت وہانسے مفقود ہو جائیگی **رویت حمام** دیکھنا حمام
خواب مین از روے تاویل کے ہم و غم ہے بقدر شدت و ضعف حرارت

له مثل جو چیزہای سیال و روغن وغیرہ ۱۲
له اوسیطرح کام اوسکا ناتمام رہیگا ۱۲
له یعنی فقدان اوسکا دیدار نہی مرگ یا انتقال وقت یا بہ اسہ ہوگا ۱۲

رویت طین و وحل
رویت لبن
رویت حمام

کے یعنی اگر حرارت حمام شدید ہی تو صعوبت زیادہ ہی اور اگر حرارت اوسکی سست
ہے تو سختی غم کم ہوگی اور بیشتر یہ صدمہ عظیم منجانب زن واقع ہوگا اور اگر
یہ شخص خواب مین اندر حمام کے کمتر ٹھہرا ہے تو یہ رنج و اندوہ اوس سے
بہت جلد زایل ہو جاوینگے اور اگر کسی نے خواب مین دیکھا کہ وہ حمام مین
پیشاب کرتا ہی یا نورہ کشی سے بال مونڈتا ہے تو یہ رویای صالح سی ہی
کہ اگر وہ شخص سختی مین یا خوف زدہ یا اندوہگین یا مریض ہوگا تو یہ ساری
حوادث وہ عوارض اوس سی زایل ہونگی اور اگر اوسکو ان صدمات سے
کچھ گزند نہین ہی اور سب سے محفوظ ہی تو اس حالت مین تعبیر برعکس ہوگی
کہ اوسکا حال بدل جائیگا اور اوسکے مال مین نقصان و خلل آویگا اور جب کہ
تو دیکھے قوی و ضعیف کو یعنی دو خواب ہین قوی التاثیر دوسرا ضعیف التاثیر ہی
اور اسطور پر ہی جب کہ خواب مین اشیای مختلف التاویل جمع ہون بطریق
ضد و برعکس یکدیگر کے مثلاً حمام دلالت کرتا ہی ہم و غم پر اور نورہ دلالت
کرتا ہی دفع ہم و غم پر درینصورت تاویل خواب کی ساتھ نورہ کے قوی ہی
تاویل حمام سی رویت رحی دیکھنا آسیا گرفتہ کا خواب مین معبر یہ سفر ہی بشرطیکہ
چکی چلتی یعنی پھرتی نظر آوی اور یہی معبر بوسعت معیشت بھی ہی اور اسیطرح رویت
آسیا از روی تعبیر کے کد و مشقت دنیا بھی اور روزی صالح بھی ہی چنانچہ اگر کوئی
شخص یہ خواب دیکھے کہ اوسکے یہان چکی ہی اور وہ آٹا پیستی ہی تو یہ شخص بہبودی و رزق
کو پہونچیگا مشقت غیر سی اور اگر خود چکی پھرانیوالا ہی تو اپنی کد و محنت سی روزی رسیدہ
ہوگا اور کبھی دیکھنا آسیا کا معبر بحرب ہی جب کہ خواب مین کوئی ایسا امر ہو جو جنگ

۵ قوی التاثیر وہ ہی جو دلالت کرے دفع غم پر جیسے نورہ کشی ۱۲
۶ ضعیف التاثیر جو دلالت کرے غم پر اور قوی اوسکو زایل کرتا ہی ۱۲

رویت بول اندر حمام و حلق

رویت خواب مختلف الاثر

رویت رحی

معبر
۷ یعنی چکی پھرانے والا
۸ یعنی بغیر تعبیر کے شخص
۹ یعنی سعی کرنا ہی اور روزی کی ۱۲

ولالت کرتا ہے رویت ریاح دیکھنا باد وزان کا اگر وہ طیب ویرہ ہے یعنی
گوارای طبع ہے اور روشن ہے کہ گرد اوس سے نہین اوڑتی ہے تو وہ فروہ و برکت
ہے جیساکہ حق تعالی نے فرمایا ہے وھو الذی یرسل الریاح بشرا بین یدی رحمتہ[لہ]
اور اگر وہ باد سیاہ تاریک ہے تو وہ ہم وغم ہے بموجب قولہ تعالے
وفی عاد اذ ارسلنا علیہم الریح العقیم الایۃ[عہ]

باب ششم رویت زمین وکوہ وبیابان وتلال وعمارات بلند اور قلعے اور دکانین اور مکانات اور نشیب و فراز اور زلزلہ وغیرہ ؛؛

رویت زمین دیکھنا زمین کا خواب مین از روے تاویل کے منصرف د
شعر بچند وجوہ ہے چنانچہ اگر ایسی زمین دیکھی ہے جسکے حدود کا ادراک نگاہ
کر سکتی ہے یعنی اوسکی حد نظر مین آسکتی ہے تو وہ معبر بزن ہے اور اگر وہ واسعہ
مجہولہ ہے یعنی اوسکی حد وسعت معلوم نہین ہو سکتی تو وہ معبر بدنیا ہے اور اگر وہ باوجود
وسعت کے سرسبز بھی ہے کہ اوسمین نباتات نامعلوم ہین تو تعبیر اوسکی بدین
اسلام ہے اور اسیطرح رویت بیابان کی بھی ہے پس اگر کسی نے خواب مین
یہ دیکھا کہ اوسکے لیے زمین کشادہ اور پھیلی ہے تو زندگانی اوسکی امین وخیر مین
دراز ہوگی اور اگر اوس نے دیکھا کہ اوسکے لیے طی الارض ہوا ہے یعنی سمٹ گئی ہے
تو عمر اوسکی آخر ہوگی اور کبھی دیکھنا طے الارض کا دلالت کرتا ہے ولایت

رویت ریاح

لہ وہ ایسا خداوند ہے جو بھیجتا ہے ہواؤں کو خوشخبری دینے والی اوسکی رحمت کے آگے ۱۲

عہ اور نشانی اہل یقین کے لیے ہے درباره قوم عاد کے جو وقت بھیجا ہم نے اون پر باد تند بھی وہ بار بردار نہ تھی ۱۲

رویت زمین

وحکومت پر بشرطیکہ وہ شخص لایق ولایت کے ہو اور اگر کسینے خواب مین دیکھا کہ
رویت کلام کرنا زمین

زمین اوس سے کلام کرتی ہی تو وہ خیر کو پہونچیگا اور اوسکے امور دین و دنیا بہتر ہون
گے کہ کلام کرنے مین زمین کے اوپر ایسا ہونے مین اسکی لیے لوگ تعجب کرینگے
اور کلام کرنا خواب مین ہر ایک شی کا جو کلام نہین کرتی یعنی جو شے ناطق و گویا
نہین ہی یون ہی باعث تعجب ہوتا ہی بنا بر اس امر کے جسپر خواب دلالت کرتا
ہی یعنی صلاح و فلاح اور اگر کسینے یہ خواب دیکھا کہ وہ زمین مین بدون غار
کھودنے کے غائب ہو گیا تو تعبیر اوسکی یہ ہی کہ وہ طلب تلاش دنیا مین ہلاک ہوگا
رویت مغازہ

اور اگر وہ غار مین سما گیا تو وہ مکروہات اور فریب اور گناہون مین پڑیگا اور کسی
نے یہ خواب دیکھا کہ زمین اوسکو چکر دیتی ہی تو امر اوسکا مضطرب و پریشان ہوگا
اور اپنے مطلب و رزق مین گردش زمین کریگا **رویت مغازہ** اگر کسی نے
خواب مین دیکھا کہ وہ بیابان مین ہی اور اوسکو جنگل مین راہ بھی ملتی ہی اور وہ براہ
راست چلا جاتا ہی تو تعبیر اوسکی یہ ہی کہ اوسکے دین کو ترقی ہوگی اور وہ اپنے اسلام پر
مستقیم و استوار رہیگا اور اگر کسی نے یہ دیکھا کہ وہ بیابان مین ہی اور اوسکو
رویت تراب و رمل

راستہ نہین ملتا ہی تو وہ ازروی تعبیر کے درباره اسلام کے شک مین ہی
اور اگر کسی نے یہ دیکھا کہ وہ جنگل مین ہی اور وہ اوس سی کچھ کھاتا ہی تو اپنے دین و
دنیا مین فائز بہ نعمت و کرامت ہوگا **رویت تراب** یعنی خاک و رمل یعنی ریگ
وغیرہا جو کچھ اجزای زمین کی ہو مثل غبار وغیرہ تو ازروی تعبیر کے یہ سب چیزین
مال ہین چنانچہ جس شخص نے خواب مین دیکھا کہ وہ خاک و ریگ کھاتا ہی یا اوسکی اوپر
غبار ہی اور گرد اوڑتی ہی تو وہ مستغنی بنا ز ہوگا کہ اوسکو مال عظیم پہونچیگا

بہ

اسی طرح اگر کسینے یہ دیکھا کہ وہ خاک پر چلتا ہی یا خاک اوٹھاتا ہی تو وہ شخص اکتساب وتحصیل مال مین چارہ کار ایسے اشغال کا کرتا ہی جو بہت گرانبار ہی تو وہ بعد اوسکے اپنے مقصود کو پہونچیگا یعنی بالآخر مال حاصل کریگا اور اگر کسی نی غبار کو دیکھا کہ وہ مابین آسمان و زمین کے یعنی ہوا مین ہی تو امر اوسکا ملتبس و مشتبہ ہوگا اور اسیطرح دیکھنا ضباب سوسمار کا یعنی یہ بھی معبر بالتباس امر ہی اور اگر کسینے یہ خواب دیکھا کہ وہ زمین کھودتا ہی اور خاک کھاتا ہی تو تعبیر اوسکی یہ ہی کہ وہ مال مردم بہ مکر و حیلہ کھائیگا ۔ چنانچہ رویت زمین کہ وہ مخالفت دین اسلام کی ہی اور دنیون سی اسیطرح تعبیر بیابانون کی سختی ہی اور اوراک حدود یعنی حد زمین کی نظر مین آجانا تعبیر ہی زن بد سی کہ اوس مین کچھ خیر نہین حکایت ہی کہ ربیعہ بن امیہ بن خلف پاس حضرت ابی بکر الصدیق رضی اللہ عنہ کی آیا اور کہا اے خلیفہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مینی راتکو اپنی خواب مین دیکھا ہی کہ گویا مین ایک زمین مین ہون کہ وہ سبزہ زار اور فراخ ہی پھر وہان سی ایک اور زمین شورہ زار پر گیا ہون اوس مین کچھ روئیدگی نہین اور مین نی آپ کے تئین دیکھا کہ آپ نی اپنی دونون ہاتھونکو اپنی گردن مین باندھ لیا ہی یہ سنکے امام ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا اگر یہ خواب تیرا درست ہی تو دین اسلام سی تو نکلکر کفر کیطرف مایل ہوا مگر مینی اپنی امور کو جمع کیا اور اپنی ہاتھونکو طمع دنیا سی باندھ لیا چنانچہ جب عہد خلافت حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کا ہوا تو ربیعہ مدینی سی نکلکر زمین روم مین گیا اور پیش قیصر روم نصرانی ہوگیا اور نصرانی مرگیا رویت جبال و تلال دیکھنا پہاڑون اور ٹیلونکا

رویت ضباب ۔ ضباب سوسمار [illegible] کو کہتے ہین گوہ کہتے ہین یہ جانور بھی حشرات ارض سے ہی ۱۲

روایت خواب ربیعہ بن امیہ حکایت خواب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ

رویت جبال و تلال

معبر برجال ہی وہ مردان ذوی الاقتدار جنکے مرتبے علی قدر عظمت تلال و جبال کے ہین
اسی طرح رویت صخوری یعنی سنگریزی مانند احوال جبال و تلال کے منزلت عالیہ ہی
کہ خواب بینندہ کو پہونچیگی اور جس شخص نے خواب مین یہ دیکھا کہ وہ پہاڑون یا ٹیلون
پر چڑھتا ہی تو وہ پایگاہ رفعت کو پہونچیگا مگر سوای صخور کی کہ وہ تعبیر مین مردان سنگدل
و جفاکار اور درشت خو و سخت مزاج ہین رویت حجارہ صغار یعنی سنگلاخ چھوٹی
چھوٹی جسکو بنا بر عادت کے پھینکتے ہین وہ از روی تعبیر کے کلام اور رجم بالغیب
ہی یعنی اٹکل کی بات اور پتھر پھینک مارنا اور جس شخص نے یہ خواب دیکھا کہ وہ کسی پہاڑ
پر ہی تو وہ اپنی ہمشل پر ترقی کریگا یعنی جسکا حال حسب حال خواب مین کے ہو اوسپر
فضل پاویگا اور اگر کسی نے دیکھا کہ وہ پہاڑ کا مالک و متصرف ہوا ہی تو یہ ایک شخص ہی بڑا
صاحب رویا قادر ہوگا اور اوس سے قائم بر جا رہیگا اور اگر کسی نے یہ دیکھا کہ اوس
نے پہاڑ کو ڈھا دیا ہی تو یہ کسیکو ہلاک کریگا اور اگر کسی نے یہ دیکھا کہ پہاڑ مین نقب اور
سوراخ کرتا ہی یا اوسمین غار کھودتا ہی تو یہ شخص کسی کے ساتھ کید و فریب کریگا اور
اوسپر بہ حیلہ غالب آویگا اور اگر کسی نے یہ دیکھا کہ وہ پہاڑ پر چڑھتا ہی تو یہ شخص عزت
در نعمت اور شرف کو پہونچیگا اگر کسی نے یہ خواب دیکھا کہ وہ پہاڑ کے برابر چڑھگیا
ہی یعنی اب ارتفاع باقی نہین ہی تو یہ شخص جو کچھ اپنے امور دنیا سے ارادہ رکھتا ہی
اوسکی طلب مین مبتلاے مشقت و شدت ہوگا چنانچہ رویت تمام رفعت و بلندی کی
بہتر ہی مگر مستوی و برابر ہونا اوسکے عروج اوج مین فوق و بالا تک موجب
ملاقات ساتھہ شدت و تعب کی ہی اور جس شخص نے یہ خواب دیکھا کہ وہ کسی
بلندی پر چڑھتا ہے جیسا کہ بیداری مین ہوتا ہے تو وہ شرف کو

رویت حجارہ صغار

رویت صعود و فرود از جبال

پہونچے گا کیونکہ بلند ہونا اوسکا صعود محمود ہی اور ہر طرح کی ارتفاع خواب مین وہی ارتفاع ہی اوس شخص کی اوسکے دین و دنیا اور اوسکے مرتبہ مین کیونکہ طالع و نمایان ہونا جبل اور کہف یعنی پناہ اور درختونکا بلجا او ماوی یعنی جای پناہ ہی اور جس شخص نے یہ خواب دیکھا کہ وہ بڑی بڑی سنگریزی اور پتھرون اور پہاڑون کو ایک جاسے دوسری جا منتقل کرتا ہی تو تعبیر یہ ہی کہ وہ شخص آمادہ ہوگا امر صعب و سخت پر بیچ تحمل و برداشت بار گران اون لوگون کے جو کوہ مثال ہین

رویت حوانیت الاسواق دیکھنا خواب مین بازار کی دکانونکا ازروی تعبیر کے وہ مال ہی اور تجارت باموال مختلفہ اور اگر کسی نے بیٹھنا اپنا دوکانون پر بدون تجارت کے دیکھا تو وہ کثرت کلام ہی جسمین صاحب رویا خوض اور غور کریگا

رویت الدار دیکھنا خواب مین دار یعنی مکان کا ازروی تاویل کے دائر بوجوہ چند ہی چنانچہ اگر بنا اوس مکانکی اور اوسکی اصل و بنیاد غیر معلوم اور اہل و موضع بھی غیر معروف ہین تو ازروی تعبیر کے دار الآخرۃ ہی کہ حال اس شخص کا آخرۃ مین اور حال اسکے اعمال کا جو کچھ آگے بھیجا ہی علی قدر حال اس دار کی ہوگا جسکو خواب مین دیکھا ہی اور حسب حال ہونا باعتبار تنگی و فراخی و آراستگی پراگندگی اوس مکان کی ہی اور اگر وہ مکان معروف و معلوم ہی تو دار دنیا ہی حال اس شخص کا مانند حال اس مکان کی ہوگا تنگی و کشادگی آراستگی و پراگندگی وغیرہ مین اور اگر کسی نے یہ خواب دیکھا کہ وہ کسی ایسے مکان مین ہی جسکو جانتا پہچانتا ہی یا اوس مکانکا مالک ہوا ہی تو اوسکی دنیا ہی کہ اسپر بہت فراخی کریگی بقدر وسعت و خوبی اوس مکان کی اور جس شخص نے یہ خواب دیکھا کہ اوسکی مکان مین

رویت حوانیت الاسواق

رویت الدار یعنی مکان خواب مین

رویت قصر و غرفہ و ایوان وغیرہ

یعنی اوس مکان کی بنا مین کچھ افزونی ہوئی ہی تو یہ بھی افزونی اوسکی دنیا کی ہی اور اگر کسینے یہ خواب دیکھا کہ اوسکا گھر گر پڑا یا خراب و ویرانہ ہو گیا تو تعبیر اوسکی بد اعمالی سے اوسکی دنیا تباہ ہو گئی اور اگر کسینے یہ خواب دیکھا کہ اوسنے اپنے مکان کو بیچ ڈالا ہے تو اوسکی موت آتی ہی اور اگر کسینے یہ دیکھا کہ اپنا یا کسی کا مکان بنایا ہے تو یہ شخص رغبت دنیا کریگا اور اوسکو بقدر حیثیت اوس مکان کے مال دنیا سے ملیگا اور اگر اوس مکان کو غیر معلوم مین بنایا ہی تو وہ اوسکے اعمال نیک ہین جو آخرت مین اوسکے سامنے قائم ہونگے اور حال اوسکا عقبی مین نیک ہوگا اور اگر کسی نے یہ دیکھا کہ اوسنے مکان کو گرا دیا ہے اور مکان وہ نا معلوم ہی تو جو کچھ اوسنے کثرت افعال ہول انگیز اور گناہان اور اعمال بد سے آگے کیے ہین وہ سب مٹ گئے اور اگر وہ گھر جسکو خواب مین ہدم کیا ہی معروف و معلوم ہی تو یہ شخص اپنی دنیا کو اپنے کردار سفاہت سے اور مال اپنا بیجا خرچ کرنے سے تباہ کریگا اور اگر کسینے خواب مین یہ دیکھا کہ اوسنے اپنے مکان مین سے کسیقدر ہدم کر دیا یا گم کر دیا ہی تو اوسنے گویا اپنی دنیا مین سے کچھ نقصان کیا

رویت حائط

رویت قصر دیکھنا خواب مین کسی قصر کا کسی شہر کے اندر از روے تاویل کے رویا عظیمہ و جلیلہ ہی اور دیکھنا غرفہ یعنی ابنیہ بلند و جواسق یعنی کوشکہا ہے بالاخانہ کا اگر ان مقامون پر صعود کرتا ہی تو یہ موجب اوسکی رفعت اور سعادت کا ہی کہ اوسکی زندگانی دنیا مین وہ حاصل ہوگی **رویت حائط** دیکھنا خواب مین دیوار معبر بحال مردم ہی اور گاہی تعبیر اوسکی دنیا ہی چنانچہ اگر یہ شخص اوس دیوار پر کھڑا ہوا اور اوسپر سے گر پڑا تو یہ شخص جس حال مین ہے اوس حال سے پست ہو جائیگا یا ہلاک ہوگا **رویت بیت**

رویت بیت مجہول

مجہول یعنی شب خانہ یا خانہ شب باشی غیر معروف چنانچہ دیکھنا بیت کا اگر وہ غیر معلوم ہی اور وہ گچکاری ہی

تعبیر اس سے بغیر ہے مثلاً اگر کسی نے یہ خواب دیکھا کہ وہ ایک خانہ نا معلوم تازہ گچ مین مجوس ہوا ہے تو از روی تعبیر کے وہ اوسکی قبر ہے اگر وہ خانہ تعبیر گچ کا ہے ولیکن لا معلوم ہے تو تعبیر اوسکی بزن ہے اور اگر کسی نے خواب دیکھا کہ وہ داخل خانہ ہوا ہے اور اوسکی بلندی پر چڑھگیا ہے اور وہ خانہ نا معلوم ہے تو تعبیر اوسکی یہ ہے کہ اس شخص کو کوئی عورت ملیگی کہ وہ اوس سے عقد تزویج کریگا اور خیر و برکت حاصل کریگا رویت بیت معروف دیکھنا خواب مین خانہ معلوم کا چنانچہ دیکھنے والا اگر مالک خانہ ہے یعنی وہ اوس مکان کا مالک ہے تو وہ مکان از روی تعبیر کے اوسکی زوجہ ہے اور گاہے تعبیر اوسکی مثل تعبیر دار کے اوسکی دنیا یعنی زندگانی دنیا ہے اور اگر کسی نے یہ خواب دیکھا کہ وہ اپنے گھر کی جاروب کشی کرتا ہے تو تعبیر اوسکی یہ ہے کہ وہ نادار و محتاج ہوگا اور اگر دیکھا کہ وہ غیر کسی کے خانہ روبی یعنی غیر کے مکان کی جاروبی کرتا ہے تو یہ شخص اوس مکان کے مالک سے مال لیگا اور اگر کسی نے خواب مین دیکھا کہ وہ قبر کھودتا ہے تو بنائے عمارت کریگا رویت مدینہ یعنی شہر اگر کسی نے خواب مین کسی شہر کو دیکھا کہ وہ تمام منہدم ہوگیا یا کچھ اوس مین سے ہدم ہوا ہے تو تعبیر اوسکی یہ ہے کہ دین اس شہر والونکا تلف ہوگا اور کبھی تعبیر اوسکی یہ ہے کہ اون لوگون کی نکبت و شامت سے اونکی دنیا ضایع ہوگی رویت درج مثل سلالم یعنی نردبان چنانچہ اگر کسی نے خواب دیکھا کہ وہ زینون پر چڑھتا ہے تو از روی تاویل کے یہ دین اسلام ہے یعنی وہ خیر ہے جو ذریعہ پہونچنے کا طرف آخرت کے ہے یعنی باعث وصول ثبوت آخرت ہے اور اگر کسینے خواب مین دیکھا کہ وہ زینون پر چڑھتا ہے جو لبنہ یعنی خشت سے ہے تو وہ اپنی دنیا مین کریگا بہ سبب تبدل و صرف

---

۱ یعنی اوسکو کسی عورت سے

۲ یعنی کام پر لگیگا ۱۲ ولیل

حال حسن تزویج مکان

حال زوجہ کی ہوگی ۱۲

او پر خال مکان مطلق

۳ دار مکان خشب باشی ۱۲

و بیت مکان

۴ یعنی ترقی دین

۵ اسلام کریگا ۱۲

لبنہ یکبر و دوم خشت

پختہ و اجزا خشت پختہ

ہیں کہ خام ہو وہ ۱۲

روبیت ۲ ینہ

یا کوشہ

رویت درج

مال کے اور اگر وہ نردبان پختہ کردہ ہی یعنی خشت پختہ یا زینہ چوبی ہے تو ابن طرح تیا
اوسکا خواب مین موجب ترقی مدارج و معالی دنیا کا ہی بقدر درجات نردبان کی
بشرطیکہ اوس خواب مین کوئی ایسی بات بھی موجود دلیل علو مراتب کی ہی رویت
باب الدار یعنی درِ خانہ کہ وہ قسم یعنی روکار مکان کا ہی اور اوسی کیطرف
نگاہ ہے لہذا جو کچھ دروازہ پر وارد ہو قسم شکستگی یا ریختگی یا مکروہات سے یا
یا کوئی امر مرغوب و محبوب سے تو وہ بہ نسبت قوام و نظام خانہ کے ہے اور
وہ دروازہ اوسکی زوجہ ہے اسیطرح غلبہ علیا یعنی دروازے کہ اوپر کی چوکھٹ جو
معبر بمرد ہے اور عتبہ سفلی یعنی نیچے کی چوکھٹ سے تعبیر زن ہی اور اگر کسینے یہ دیکھا
کہ اوسکا گھر جلگیا ہے تو اوسکو نجبت و خواری پہونچیگی حاکم و بادشاہ کیطرف سے
یا وہ طاعون ہے یعنی ورم بغل و شانہ و ران وغیرہ اور دانہ آبلہ بقدر رکنا
دشتی جو مہلک ہوتا ہی اگر کسی نے یہ خواب دیکھا کہ دروازہ اوسکے گھر کا گھد گیا ہی
یا گر پڑا ہے تو اوس گھر کے مالک کو موت آئی اور اگر دروازہ خانہ شب کا
کھود گیا ہے یا آستانہ خانہ گر گیا ہے تو زن صاحبۂ خانہ مر جاوی اور اگر
کسی نے یہ خواب دیکھا کہ دروازہ اوسکے گھر کا کھود گیا اور اوسنے دوسرا
دروازہ بنایا ہی تو تعبیر اوسکی یہ ہی کہ وہ اپنے اس مکانکو بیع کریگا اور اس
بات پر بھی دلیل ہی کہ اوسکی زوجہ کسی غیر سے عقد نکاح کریگی اور اگر کسینے یہ خواب
دیکھا کہ اوسکے گھر کا دروازہ گر پڑا ہی تو یہ شخص مریض ہوگا بعد ازان صحت پاویگا
رویت عوارض الباب طبقۂ دروازہ یعنی پلہ در کہ یہ ارزدی تاویل کے
اس شخص کی اولاد ہین چنانچہ اگر کسی نے خواب دیکھا کہ دونون پلے یعنی دونون پٹ گر پڑے ہین سو

له یعنی بعد طلاق شوہر اول کے دوسرے کے عقد میں جاویگی ۱۲

ٹه عوارض الباب جمع عارضہ یعنی چیزیں جو در پر وارد ہون ۱۲

رویت باب الدار یعنی دروازہ خانہ

رویت عوارض الباب

سو اگر اوس شخص کی دو دختر ہین تو دونون مر جاوینگی اور اگر اوسکے دو سے زیادہ لڑکیان ہین تو وہ سب شوہر کرکے اوسکے پاس سے نکل جاوینگی اور اگر کسی نے خواب مین دیکھا کہ اوسنے کسی مکان کا کھلا ہوا دروازہ بند کیا ہے تو وہ اپنی زوجہ کو طلاق دیگا اور اگر اوسنے دروازہ مقفل بند کیا ہوا کھولا ہے چنانچہ اگر وہ دروازہ معروف و معلوم ہے تو وہ شخص زوجہ کریگا یعنی نکاح کریگا اور اگر وہ مکان جسکا دروازہ کھلا ہے مجہول یعنی نامعلوم ہے تو اس شخص کی دعا مستجاب ہوگی رویت مسمار یعنی میخ وہ ازروے تاویل کے ایسا مرد ہے جسکے سبب لوگ اپنے کامونکو پہونچین اور اسی طرح رویت جسر و قنطرہ یعنی پل کی بھی یہی تعبیر ہے رویت زلزلہ کہ تعبیر اوسکی وقوع حادثہ ہے جہان مین چنانچہ جس شخص نے پہاڑونکو زلزلہ مین دیکھا تو یہ علماء کے حق مین بد ہے اور جسنے اپنے تئین زلزلہ مین دیکھا تو اوسکے حق مین خیر نہین ہے اور اگر کسی نے اپنے مکان کو دیکھا کہ اوسکو زلزلہ ہے تو اوس مین زنا واقع ہوگی اور اگر اوس نے یہ دیکھا کہ اوسکا سارا مکان یا کچھ اوس مین سے منہدم ہے تو یہ دلیل موت ہے اوس شخص کے حق مین جسکی طرف یہ تعبیر منسوب ہے

تعبیر دروازہ و مسمار

باب ہفتم تاویل مین رویای اشجار و ثمار و حبوب و زراعات و سبزہ زار و بقول و باغات کی

تعبیر اشجار و ثمار

چنانچہ دیکھنا خواب مین کل اشجار یعنی ہر قسم درخت کا تعبیر مردم ہے کہ احوال مردان

مانند احوال جوہر و ماہیت درختون کی ہے یعنی طبیعت اور منفعت اور خوشبوئی وغیرہ کی کہ اگر کسی شخص کو خواب مین اون درختونسی کچھ بار و برگ یعنی پھل پتے پہونچے ہین تو اوسکے تئین مال کثیر اور رزق کسی شخص سے علی قدر عظمت و رفعت اوس شجر کے حاصل ہوگا رویت خشب دیکھنا خواب مین چوب خشک کا کہ اگر وہ صنم یعنی پیکر بت ہے یا مثل اسکی کاٹھ کی تصویر ہے تو یہ ازروی تعبیر کے نفاق ہے دین مین اور مردم منافق ہین اور حطب یعنی ہیزم کہ وہ تر ہو یا خشک تو تعبیر اوسکی مثل تعبیر خشب کے ہے خواہ وہ دراز ہو یا کوتاہ اگر وہ عیدان صنمار یعنی شاخ خرما ہو اور وہ کوتاہ بھی ہو تو تعبیر اوسکی ہمیشہ غمازی ہے جو درمیان لوگون کے واقع ہوتی ہے اور دیکھنا خواب مین عصا یعنی چوبدستی کا معبر ہے بمرد شریف بلند قدر معتمد رویت شجرۃ الشوک یعنی درخت خاردار تعبیر ہے اون مردم سے جنمین شر ہے اور یہ صعوبت ہے خواب دیکھنے والے کے حق مین و شوک یعنی خار خاصتہ ایک امر درد انگیز ہے کہ لاحق حال انسان ہوتا ہے اور اوسکو اندوہگین کرتا ہے کسی گفتار یا کردار سے اور کبھی خواب کا معبر یا دیار دنیا ہے نکبت ہو خوار ہی دنیا سے کہ اوسکو غمگین کرتا ہے یا کوئی امر خوفناک ہے جس مین وہ مبتلا ہوتا ہے رویت حدیقۃ الکرم و شجرۃ الرمان یعنی دیکھنا خواب مین باغ انگور اور درخت انار کا معبر بزن ہے چنانچہ اگر کسی نے خواب مین یہ دیکھا کہ اوسنے درخت لگایا ہے اور وہ سایہ دار اور بلند ہوا تو یہ شخص شرف و عزت کو پہونچیگا اور یہ تعبیر اوسکے لیے بقدر جوہر و ماہیت اُس درخت کی ہے اور کبھی یہ معبر بصبیان ہے یہانتک کہ وہ اپنے رشد و توانائی کو پہونچے اور دیکھنا درخت تنہا کہ تعبیر ہے ہزار درہم سے

رویت خشب و حطب رویت عصا رویت شجرۃ الشوک رویت حدیقۃ الکرم و شجرۃ الرمان

رویت رمان وقت یعنی خواب دیکھنا انار فصلی کا جو اپنے موسم مین ہوتا ہی
وہ از روی تعبیر کے مال مجموع ہی بشرطیکہ انار شیرین ہوا اور کبھی معبر بمال
کامل المقدار کے ہی اس شخص کے حق مین جس نی اوس انار شیرین کو تمام نوش
کیا ہو خواہ اوس مین سے کسیقدر کھایا ہو کہ وہ دلالت کرتا ہی اوپر جمعیت کی ہر شی سے
اور رویا رمان حامض یعنی دیکھنا انار ترش کا ہم و غم ہی اوس شخص کیلئے جو
اوسکو خواب مین کھاتا ہوا اور یہی تعبیر ہی جملہ اثمار حامضہ یعنی میوہ ہای ترش
کی رویت تفاح دیکھنا سیب کا از روی تاویل کے صنعت و دستکاری
اور کسب و پیشہ اور ہمت و کارگزاری آدمی کی ہی چنانچہ اگر اوسکو کسی بادشاہ
نی نوش کیا تو تعبیر اوسکی مملکت سی ہی اور اگر وہ تاجر ہی تو تعبیر اوسکی تجارت سی
ہی اور اگر وہ کوئی مرد دستکار ہی تو تعبیر اوسکی دستکاری سی پس جس کسی نی
خواب مین دیکھا کہ اوسکو سیب مین سی کچھ حاصل ہوا ہی یا اوس نی سیب کھایا ہی
یا اوسکا مالک ہوا ہی تو یہ شخص دنیا حاصل کریگا ذریعہ اوسی پیشہ و صنعت سی
اسقدر کہ جسقدر تازگی و لذت اور کثرت و قلت اوس سیب کی ہوگی رویت
اترج دیکھنا نارنج کا تعبیر بمال طیب و پاکیزہ ہی اگر نارنج کثرت سی ہون اور اگر
ایک یا دو یا تین ہونگی تو وہ معبر باولاد صالح ہی اور اگر نارنج مین زردی ہوگی تو
اوس سے کچھ ضرر متصور نہین ہی رویت فاکہ صفری یعنی میوہ زرد رنگ مثل
سفرجل یعنی بہی و مشمش خوبانی و کمثری امرود و تفاح سیب و زعفران معروف کے
اور جو کچھ اس قسم کے میوے ہون تو اوسکی ابتدای مرض ہی مگر یہ کہ میوے اگر سبز رنگ
ہونگی تو تعبیر اوسکی خواب کی مبدل ہو جاویگی اوس رزق سی جو غیر سود مند ہی رویت البطیخ الخضر

اسلیے کہ رنگ زرد اوسمین غالب ہی کہ زردی دیگر میوہ جات کی بموجب حضرت ابن سیرین کے زرد رنگ مرض پر دلالت کرتا ہی ۱۲ بعنی
زردی باقی نہ رہیگی مگر ایسے کام میں نہ آویگی ۱۲

رویت رمان حامض

رویت تفاح

رویت اترنج

رویت فاکہ صفری

یعنی میوہ زرد رنگ ۱۲

دیکھنا خواب مین خربزہ سبز رنگ کا معبر برزق ہی اور دیکھنا خربزہ زرد کا ازروی تعبیر کے مرض ہی بشرطیکہ اوسمین سے کچھ کھاوی **رویت موز** دیکھنا خواب مین کیلا ازروی تاویل مال ہی واسطے صاحب رویا کے اور دین ہی واسطے دیندار کے اور اگر زردی موز کی یا ترشی اوسکی یا بے فصل اوسکا دیکھنا موجب ضرر نہین ہی بلکہ بسبب خیر تمام ہی **رویت عنب ابیض و احمر** یعنی دیکھنا انگور سفید و سرخ کا ازروی تاویل کے دنیا کے دو بازو ہین اور دیکھنا اون دونون قسم انگور کا خیر و برکت ہی جب کہ ایام فصل کے ہون اور اگر غیر موسم ہے تو ازروی تعبیر کے وہ مرض ہی اور کبھی عدد حبات یعنی دانہ ہای انگور کہ جس نے اسکو شمار کر کے کھایا ہی تو ازروی تعبیر کے حق مین اوس شخص کے تازیانے ہین کہ اوسکے بدن پر پڑینگے اور کبھی تعبیر اوسکی یہ ہوگی کہ اوسکے بدن مین دانے و آبلے پیدا ہونگے اور سواد انگور کہ انگور سیاہ خوب ہوتا ہے خواب مین انگور سیاہ کا نظر آنا کچھ سود مند نہوگا کیونکہ نوح نبی علیہ السلام نے اپنے پسر کنعان پر بددعا کی تھی تو اسیوقت دانے انگور کے جو اوسکے ہاتھ مین تھے وہ سب سیاہ ہو گئے تھے اور اگر کسی نے یہ خواب دیکھا کہ وہ عرق انگور کا نچوڑتا ہی تو تعبیر اوسکی یہ ہی کہ وہ خدمت بادشاہی پر فائز ہوگا اور اسی طرح نچوڑنا زیتون کا موجب فوز خدمت شاہی ہی اور زیت طیب یعنی روغن تخم زیتون خوشبوئی یا مثل اوسکی جو روغن خوشبودار خواب مین دیکھا ہو تو ازروے تاویل کے برکت و خیر و فراخی مال ہی اوس شخص کے لیے جسکو اوس مین سے پہونچا ہو یعنی خواب مین **زبیب احمر و اسود** یعنی دیکھنا مویز سرخ و سفید یعنی ہر قسم کا یا مویز کی

ہر قسم کا از روی تعبیر کے مال و خیر و برکت و منفعت ہی اوس شخص کے لیے جسنے اوسکو پایا ہو رویت تین یعنی دیکھنا انجیر کا خواب مین موجب حسرت و ندامت ہی اسلیے کہ جب ابو البشر آدم علیہ السلام جنت سی نکلی ہین تو زیر درخت انجیر بیٹھے تھے رویت جوز یعنی خواب مین دیکھنا گردگان چار مغز کا جسکو اخروٹ کہتی ہین تعبیر مکالمہ و مخاصمہ ہی اور عبارت ہی ایسی روزی سی جو بغیر مشقت و تعب کے حاصل نہوگی رویت لوز اخضر و یابس یعنی دیکھنا خواب مین بادام ہر قسم کا تازہ سبز ہو یا خشک اور بری ہو خواہ بستانی تو تعبیر اوس سے رزق پوشیدہ ہے یعنی ہنوز جسکا ظہور نہین ہوا اور ہوگا اور اسیطرح رویت فستق کہ وہی بندق ہی یعنی پستہ کو دیکھنا اوسکا خواب مین تعبیر مال صالح ہی رویت شجر غیر مثمر یعنے دیکھنا خواب مین درخت بے بار کا مثل ہرود ذلفہ یعنی زروان یا شلیم و مثل آس یعنی مورد اور جو مثل ان درختان بے بر کے ہو تو تعبیر اوس سے ملاقات مرد قلیل النفع ہی رویت شجر طیبۃ الرائحۃ دیکھنا ہر درخت پاکیزہ خوشبودار کا معبر بمرد شریف پاک صفات سے ہے و رویت شجر خبیثۃ الرائحۃ معبر بمرد بدسرشت گندیدہ کے ہے رویت حبوب یعنی دانہ ہاے غلہ خبا بجز دیکھنا گندم تر و تازہ کا بہتر ہی گندم خشک سے اگر کسی نے دیکھا کہ وہ گندم تر و تازہ کھاتا ہے تو اپنے دین مین صلاحیت کو پہونچے گا اور رزق طیب و حلال حاصل کریگا اور اگر وہ گندم خشک یا گندم مطبوخ پکایا او بالا ہوا کھاتا ہے تو اوس مین خیر نہین ہی بنا بر قصہ ابو البشر آدم علیہ السلام کے رویت شعیر یعنے دیکھنا جو کا بہتر

ا تین بن بن زیف تحریف ... (marginal notes)
۲ جوز ... وزنہ بفتح و سکون ثانی ... دانہ سیاہ کوچک ... بمعنی ... منسا و زلفہ ... بنام بیاہ کردہ ... شنل ...
گندم ... ہوتا ہے ... اسی شخص کو سابقہ و علاقہ ... ہوگا جس سے فائدہ متصور ہے ...
۳ یعنی ... باعث آخراج گندم خشک ... ہوا تھا ... عدن ...

رویت تین * رویت جوز * رویت لوز اخضر و یابس * رویت شجر غیر مثمر * رویت شجرہ طیبہ و خبیثہ * رویت حبوب * رویت نخلہ * رویت شعیر *

ہی گیندم سے خواہ وہ جو تر و تازہ ہو یا خشک یا جو شانزہ ہو یا معلی یعنی پکا یا ہو تو تعبیر اوسکی سب صورتون مین بہتر اور ظہور روزی کا ہی اوس شخص کیلئے جسنے جو کھایا یا اوس سے اوسکو کچھ پہونچا اور روییت دقیق یعنی آرد کہ دیکھنا اوسکا ازروی تعبیر کے مال اندوختہ ہی جس سی فراغبالی حاصل ہو برابر ہی کہ وہ آرد جو ہو خواہ آرد گندم چنانچہ کل والونکا بہتر ہی روٹی سی اسلئے کہ روٹی کو آگ مس کرتی ہی یعنی اوسکو آگ پہونچتی ہی اور روییت خبز نقی یعنی نان گندم صاف کردہ یعنی میدہ ازروی تعبیر کے مال ہی جس سی فارغ البالی ہو اور جس شخص نے ایسی روٹی مین سی خواب مین کچھ کھایا ہے اوسکے لیے عیش بے غش یعنی زندگانی پسندیدہ ہی روییت عجین یعنی آرد خمیر کردہ آٹا گوندھا ہوا دلالت کرتا ہی کثرت نسل پر اور اگر اوس شخص کے لیے ثمرہ ہو باغ سے تو اکثار اثمار پر دلالت کرتا ہی چنانچہ اگر کسی شخص نے خواب مین دیکھا کہ وہ شخص آٹا گوندھتا ہی تو ازروی تعبیر کے اوسکے لیے کثرت نسل ہوگی اور اگر اسکی باغ مین پھل بہت پھلینگے اور اوسکی زراعت کو افزایش ہوگی اور اسی سے اوسکو رزق پہونچیگا مگر بعد محنت و تعب کے روییت آرز یعنی دیکھنا خواب مین برنج چاول کا ازروی تعبیر کے وہ مال ہی جسکے حاصل کرنے مین رنج و تعب ہوگا روییت سمسم یعنی دیکھنا کنجد کا ازروی تعبیر کے مال کامل ہی جسکی افزونی مین زوال و کمی نہین ہی روییت ذرہ و جاورس یعنی ذرہ چھوٹی جوار و جاورس ارزن یعنی چینیا یا باجرا کہ ازروی تعبیر کے کسب و حاصل کرنا اوسکا روی و خوار ہی روییت باقلا بطول

روییت دقیق + روییت خبز نقی + روییت عجین + روییت آرز + روییت سمسم + روییت ذرہ و جاورس
روییت باقلا

ودراز بھی ہو تعجب **روئیت حمص و عدس و جلبان** یعنی نخود و مسور و ماش سبز جسکو کالے
ماش بھی کہتے ہین از روے تعبیر کے یہ سب مالہاے غیر طیبہ و غیر حلال ہین جنمین رنج و غم ہے
روئیت زرع یعنی کشت زار کہ وہ از روے تعبیر کے بہترین مردم ہے از روے دین و
دنیا کے بشرطیکہ وہ مزرعہ اوسکا ہو اور اگر کسی نے یہ خواب دیکھا کہ وہ کھیتون
مین چلتا ہے تو یہ اوسکے حق مین علی قدر فراخی و خوبی زراعت کے بہتری ہوگی اور
کبھی مزرعہ تعبیر اون مردم سے ہے جو اوس مقام مین بحالت حزن مجتمع ہوین چنانچہ
اگر اوسنے یہ خواب دیکھا کہ وہ کھیت کاٹتا ہے تو از روے تعبیر کے قتل اون مردم
مجمع کا ہے **روئیت بذر فی الارض** یعنی دیکھنا تخم ریزی کا زمین مین معبر
بافعال خیر ہے چنانچہ اگر خواب مین یہ دیکھا کہ وہ دانے جنکو بویا تھا سر سبز
ہوے یعنی اوگے ہین تو از روے تعبیر کے جملہ افعال خیر اوسکے پیش خداوند
تعالیٰ مقبول ہین اور اسی سے اسکی شہرت دنیا مین ہوگی اور اوسی کے
ذریعہ سے وہ عزت و شرف کو پہونچے گا اور کبھی تخم ریزی با دل با ولاد و
احفاد ہے بشرطیکہ وہ زمین جسپر تخم ریزی کی ہے محدود و بحد نظر ہو نہ مجہول یعنی
غیر محدود نہو **روئیت خضر** یعنی سبزہ زار مثل قثاء ہندی کہیرہ اور خیار
ہندی ککڑی و جوز یعنی چار مغز یا مغز نارجیل و شلجم وغیرہ کہ یہ سب از روے
تعبیر کے روزی دنی و خوار ہین جو اوسکو پہونچینگی مگر بحالت رنج و غم و
خوف کے اور کبھی تعبیر اوسکی یہ ہوگی کہ اوسکو غم و الم پہونچینگے اور روزی
بدیر پہونچیگی اور جو صدمہ اوسکو پہونچیگا وہ دیرگاہ و مدت دراز تک رہیگا اور
یہی حال سارے بقول کا ہے مثل بصل پیاز و مسکرات نبیذ و قسط نام

روئیت حمص و عدس و جلبان + روئیت زرع + روئیت بذر فی الارض یعنی تخم ریزی + روئیت سبزہ زار مثل خیار و قثا وغیرہ

بیخ دوا جسکو کٹ کوٹ کہتے ہین وہ دیگر اقسام بقول کہ یہ سب رنج و الم و اندوہ
وغم ہین **رویت ریاحین** یعنی گلہای خوشبو چنانچہ دیکھنا تمام پھولون
خوشبودار کا مثل گلاب و نرگس و بہار وغیرہ کے اگر یہ سب اپنی نبت اور درختون
سے جدا ہین تو معبر بدنیا ہین کہ زوال پذیر ہوگی اور اگر وہ پھول اپنے درختون
مین لگی ہین تو با دل بولد صالح ہی بحیثیت و کیفیت اوسکی خوشبوئی خواہ بقدر
اوسکے سونگھنے کے درینصورت یہ خواب طیب و خوشتر ہوگا اوس شخص کیلیے
جو اوس سے کچھ منتفع ہوگا اور اگر کسینے کوئی ایسا سبزہ دیکھا جو نا معلوم ہے
اور وہ ایسی جگہ اوگا ہے جہان سبزہ جمنے کی عادت نہین ہی مثل خانہ بود
باش یا مسجد تو از روی تعبیر کے وہ سبزہ وہ مرد ہے جو اوس گھر مین بطریق
داماد ہی یا بطور مشارکت وغیرہ کے داخل ہوگا **رویت تین** یعنی دیکھنا
برگ کاہ کا معبر بمال عاجل زود رس و ذہب حاضر یعنی زر نقد مہیا ہے اور رویت
تین کو خواجہ محمد بن سیرین رحمہ اللہ تا مزد و بر رویت تیر کرتے تھے بمعنی زر خالص
بے سکہ چنانچہ نقل کرتے ہین کہ ایک شخص نے امام محمد بن سیرین رحمہ اللہ کے
پاس ایک بار شتر برگ کاہ کا بطریق ہدیہ کے بھیجا تو خواجہ تا دیر دیکھتی رہی بعد
ازان کہنے لگے کاش کہ بر شتر حامل برگ کا میرے پاس شبکو خواب مین ہدیہ بھیجا
ہوا آتا **رویت بستان** یعنی باغ معبر بمردم ہے چنانچہ جس شخص نے اپنی تئین
بستان مین دیکھا کہ وہ اوس مین سے میوہ کھاتا ہے تو وہ شخص مال حاصل
کریگا کسی زن مالدار سے اور اگر کسی شخص نے یہ خواب دیکھا کہ وہ باغ مین مشغول
بنزہت و سرور رہے تو وہ بحال خوش و بعیش منغص کسی زن خوبرو کے ساتھ

رویت ریاحین
رویت سبزہ و نخل
رویت تین
رویت بستان

بسر کرے گا اور اگر کسی نے یہ خواب دیکھا کہ دروازہ اوسکے بستان کا کسی جانب سے گر پڑا ہے تو یہ شخص اپنی زوجہ کو طلاق دیگا اور بستان نامعلوم از روی تاویل کے جنت ہے چنانچہ اگر کسینے یہ خواب دیکھا کہ وہ داخل بستان ہوکر اوسمین نزہت و شادمانی کرتا ہے تو تعبیر اوسکی یہ ہے کہ وہ داخل جنت ہوگا اور روئیت کل ریاض یعنی دیکھنا خواب مین ہر ایک نوع کا مادل بدین اسلام ہے چنانچہ جو جس خواب مین دیکھے کہ وہ کسی باغ مین گلگشت اور سیر و تفریح کرتا ہے تو حقتعالی کیجانب سے ہدایت و اسلام مین خیر کثیر حاصل کریگا اور کبھی تعبیر اسباب کی کہ وہ باغ مین نزہت و خوشدلی کرتا ہے اوسکی دلیل علوم مرتبت پر ہے واللہ اعلم

روئیت باغ

باب ہشتم بروئیت اشربہ والبان یعنی پینے کی چیزین شربت دودھ وغیرہ

روئیت اشربہ والبان

روئیت لبن مجہول النوع یعنی شیر نوع جانور نامعلوم کا معبر بفطرۃ اسلام و سنت نبی علیہ الصلوۃ والسلام ہے چنانچہ جس شخص نے خواب دیکھا کہ اوس نے دودھ مین سے کچھ پیا ہے یا اوسکا مالک ہوا ہے تو وہ اپنے دین مین خیر و صلاح کو پہونچیگا اور لبن معروف النوع والجنس یعنی شیر نوع معلوم و جنس معلوم کو دیکھنا اوسکا خواب مین تعبیر ہے مال حلال اور رزق نیک حصول سے بشرطیکہ شیر حامض شیر ترش یعنی دوغ و ماست وغیرہ یا کف گرفتہ یعنی روغن برآوردہ کیا ہو یعنی اوسکی بالائی اوتاری نہو اور اگر ایسا ہو کہ وہ ترش ہوگیا ہو گا یا کف گرفتہ ہو تو تعبیر اوسکی رنج والم ضرر و غم ہے روئیت

روئیت لبن مجہول النوع

روئیت لبن معروف النوع

رویت البان البقر والغنم والابل والخیل وغیرہ

جبین یعنی دیکھنا پنیر کا تعبیر حال صامت یعنی خاموش مثل زر و گہر و نوع بقر و غنم وغیرہ اور تاویل بخیر و فراخی ہی واسطے صاحب رویا کے اور رطب یعنی پنیر تر و تازہ بہتر ہی خشک سی رویت لبن البقر و جوامیش و ابل یعنی دیکھنا شیر گاؤ اور بھینسون اور اونٹینون کا یہ سب خیر ہے اور دیکھنا شیر غنم یعنی گوسفند بھیڑ اور شیر معز یعنی بز بکری کا کمتر ہی شیر گاؤ سے اور لبن جمال وحشی یعنی شیر شتران صحرائی کا از روے تعبیر کے صلاحیت ہی دین مین اور لبن بغلہ یعنی شیر استر خچر ہی کا از روی تعبیر کے ہول و عسرت ہی اس شخص کے لیے جسنے خواب مین اوسکو پیا ہوا اور لبن حمار اہلیہ یعنی شیر خر خانگی کا از روی تعبیر کے مرض شدید ہی کہ زایل ہوگا اور لبن الظبیہ و سائر وحوش یعنی شیر آہو و سائر وحشیان بیابان کا جنکا گوشت حلال ہی تو تعبیر اوسکی خیر و صلاح و رزق مباح ہی لبن فرس یعنی شیر مادہ اسب کا نشان صالح ہے اوس شخص کے لیے جسنے خواب مین پیا ہو اور لبن لبوہ یعنی شیر مادہ از روے تعبیر کے ظفر بر دشمن ہے اور لبن کلبہ یعنی دیکھنا شیر مادہ سگ کا تعبیر ہے خوف شدید دشمن سی اور ضرر عاجل ہی کہ جلد پہونچتا ہی اور لبن نمرہ دیکھنا شیر مادہ پلنگ یعنی چیتے کا خوف ہے اور دشمن ہی کہ ظاہر ہوگا اور غالب آویگا و لبن ثعلب یعنی شیر روباہ خیر و فرج و تونگری ہے و لبن سقور[ا] نام کسی جانور کا چنانچہ شیر اوسکا از روی تعبیر کے مرض و خصومت ہی و لبن خنزیر یعنی شیر خوک موجب تغییر عقل ہی براے صاحب رویا کے اور جب ملایا جاوی یا خود پیتا ہو خواب مین درمیان ایام رضاعت یعنی شیر خوارگی کے تو تعبیر اوسکی قید و تنگی ہی کہ اوس شیر خوار یعنی دودھ پینے والیکو پہونچیگی اور اطلاق شیر خوارگی کا بعد دو سال

[ا] صحت اس لفظ کی دریافت نہ ہوئی تحقیق بعض ہوئی ۱۲

بعد دو سال کے نہین ہی اگر کسی عورت نے یہ خواب دیکھا کہ اوسکے پستان مین دودھ
اوترایا جاری ہوا تو تعبیر اوسکی خیر و مال و رزق ہی کہ اوسپر فیضیاب ہوگی اور
بخلاف ایام رضاعت کے رویت خمر یعنی دیکھنا می و شراب کا تعبیر ہے
مال حرام ہی جب تک اوسکے ساتھ نزاع و خصومت نہو اور اگر اوسکی دور جام
اور کشاکشی قدح مین منازعت ہو تو جھگڑنے والے کے حق مین کلام زشت ہی کہ وہ
اوسکے لیے شر ہوگا رویت نبیذ یعنی آب خرما وغیرہ خیسانده تعبیر اوسکی مال
مکروہ و مشتبہ بحرمت ہی اور وہ مال صاحب کو بتعب و رنج تمام پہونچیگا جسقدر کہ
اوس نبیذ کو تعب آتش پہونچی ہی رویت سکر بغیر شراب یعنی دیکھنا نشہ
کا بغیر پینے کے یا دیکھنا اوس نشہ کا جو بغیر استعمال شراب کے ہوتا ہی تو وہ معبر
بہ مکروہات ہی جسمین کچھ خیر نہین بقول تعالے وتری الناس سکارے
وماهم بسکاری ولکن عذاب الله شدید
اور اگر کسینے خواب مین دیکھا کہ وہ شراب یا نبیذ پیتا ہے کسی دوسرے کے ساتھ
اون دونون کے درمیان مین دسترخوان طعام کا بھی بچھا اور بچھا ہی تو وہ
شخص اور وہی تعبیر کے اپنے امور معیشت کے لیے قائم ہوگا اور کسی دوسرے
سے مخاصمت کریگا کیونکہ مائدہ یعنی خوان سے تعبیر بہ معیشت ہی اور اگر کسی
شخص نے یہ خواب دیکھا کہ وہ افشار خمر یا کشی کرتا ہے تو تعبیر اوسکی یہ ہی کہ یہ
شخص فائز بخدمات سلطان ہوگا اور اوسکے ہاتھ سے بڑے بڑے امور
جاری ہونگے اور اگر کسی نے خواب مین دیکھا کہ نہر خمر جاری ہی چنانچہ اگر وہ
نہر اندر کسی باغ سرسبز کے جاری ہی اور باغ نامعلوم ہی تو اس شخص کا داخلہ جنت مین ہوگا

بشرطیکہ اوس نہر خمر سے کچھ پیا ہے یا اوسکے اندر در آیا ا ور اگر سوائے پینے اور اندر داخل ہونیکے کسی اور طور پر دیکھا ہے تو اوسکی زندگانی دنیا مین کوئی فتنہ و فساد پڑیگا

رویت عسل و شہد اگر کسینے عسل و شہد خواب مین دیکھا تو تعبیر اوسکی مال و رزق طیب ہے اور شفا ہے امراض سے اور سائر اشربہ یعنی آشامیدنی جو بیوسینے نکالی جاتی ہین تو پینا اونکا خواب خیر ہے جسقدر اوس نکالنے والے کو اس سے ہو نیچے اور سابقاً اس باب مین کلام مذکور ہو چکا ہے ۔

باب نہم رویت مین نسوان و مردان کے وارداث الحیوان یعنی فضلات

رویت مرد معروف و معلوم جب کسینے کسی شخص معلوم کو خواب مین دیکھا کہ وہ اوسکو کچھ دیتا ہے یا کچھ باتین کرتا ہے تو یہ شخص خواب مین بعینہٖ وہی ہے جسکو خواب مین دیکھا ہے یا مثل و نظیر اوسکا ہے یا اوسکا ہمنام ہے رویت مرد مجہول نامعلوم اگر کسی نے شخص ناشناسا کو خواب مین دیکھا کہ وہ جوان ہے تو وہ ملازم تعبیر کے عدو ہے اور اگر وہ شخص پیر ہے تو وہ اس شخص کی سعادت و بہرہ مندی ایسا شخص ہے جسمین سعی کریگا اور اگر کسینے کسی پیر مرد کو خواب مین دیکھا کہ وہ دیتا ہے یا کچھ باتین کرتا ہے تو وہ اس شخص کی سعادت آور کوشش اور اوسکا خوش بخت اور یہ سب بقدر احوال اس پیر مرد کو ہوگا جیسی خوبی و زشتی اوسکی صورت کی ہوگی یا جیسا کہ وہ کامل یا ناقص یا قوی یا ضعیف ہوگا رویت پیر زن اگر وہ نامعلوم ہے تو تعبیر اوسکی سال سے ہے حسب حال خوبی و زبونی و کمال نقصان اوس سال کے اور اگر کسی نے کسی اس قسم کی عورت کو خواب مین دیکھا و

شخص نے کچھ باتین کرتی ہی یا اوسکو کچھ دیتی ہی یا اوس شخص سے یہ دیکھا کہ اوس زن کم سن کو گلے سے لگاتا ہی یا اوسکا بوسہ لیتا ہی یا اوسکے ساتھ صحبت رکھتا ہی یا اوس سے مباشرت کرتا ہی بدون اسکے کہ کچھ دیکھی تو تعبیر انسبکی یہ ہی کہ یہ سال اوسکا جسمین وہ ہی حال اوسکا حسب حال اس عورت کے ہوگا کہ اگر وہ خوبصورت اور فربہ اندام ہی تو وہ شخص صاحب خواب اپنے اس سال مین خیر و برکت اور روزی فراخ و حلال کو پہونچیگا اور اگر وہ عورت برعکس اس حالت کے ہی تو سال اس شخص کا موافق حال اوس روئیت کے ہوگا جاریہ مولد یعنی دیکھنا دختر صغیرہ کا پیدا ہونا وہ از روی تعبیر کے بہتر ہی فرزند نرینہ سے اور وہ فرح و سرور ہی دیکھنے والیکے لیے روئیت غلام دیکھنا خواب مین فرزند کودک کا از روی تعبیر کے وہ ہم و غم و الم اور مونث و روزی گران ہی حق مین اوس شخص کی جسنے اوسکو دیکھا یا اوسکے یہان پیدا ہوا روئیت اعضاء کے مجاہیل یعنی دیکھنا اعضای نامعلوم کا از روی تعبیر کے دیدار ملایکہ علیہم السلام ہی روئیت راس یعنی خواب مین دیکھنا سر کا تعبیر اوس مردسی ہی جو خواب دیکھنے والے کا رئیس و سردار ہی جسکو درمیان مردم نام زد بہ پدر و برادر یا سید و آقا یا شوہر و داماد یا سلطان وغیرہ کرتی ہین پھر جب کہ کسی نے اوس سر مین کچھ خلل دیکھا تو اوسکے رئیس مین ہوگا نیز دیکھنا سر کا تعبیر راس المال و عین المال و اصل مال مردم سی ہے چنانچہ اگر کسی شخص نے یہ خواب دیکھا کہ اوسکا سر تن سے جدا ہوگیا ہی بدون گردن زدنی تو تعبیر اوسکی یہ ہی کہ وہ اپنے رئیس سردار سے مفارقت کریگا یا اپنے راس المال سے جدا ہوگا یا ... کی اوسپر بستہ و بند ہوگی روئیت شعر الراس

یعنی دیکھنا خواب مین موے سر کا تعبیر ہی مال مردم یا مال اوسکی رئیس سی اور کبھی سواے اسکی
معرو ف صرف بوجوہ چند ہوتا ہی مثلاً کسی شخص نے یہ خواب دیکھا کہ اوسنے اپنا سر منڈایا
بغیر ایام حج کے یا بدون ماہہاے حرام کے تو تعبیر اوسکی یہ ہی کہ اصل مال
اوسکا یا مال اوسکے رئیس کا تلف ہوگا یا یہ شخص اپنے کام سے بیکار ہوگا اور
اگر دیکھنا حلق راس کا ماہہاے حج مین ہوا ہی تو یہ اسکے حق مین صلاح و فلاح
ہے اور کبھی تعبیر یہ ہوگی کہ وہ حج کریگا اور اگر کسی نے یہ خواب دیکھا کہ اوسکے سر
کے بال دراز ہوگئے ہین پس اگر وہ شخص ان لوگون مین سے ہے جو ہتھیار باندھتے
ہین تو تعبیر اوس خواب کی اوس شخص کے حق مین قوت و زینت اور اوسکے لیے
رو داری و رعب و ہیبت ہے اور اگر وہ شخص ہاشمی ہی ہے تو وہ سردار مردم
ہوگا اور اگر وہ مرد تاجر ہے تو اوسکے مال مین افزونی ہوگی اور اگر وہ کاشتکار
ہی تو اوسکی زراعت مین افزایش ہوگی اور اگر صاحب خواب اونمین سے کوئی
نہین ہی تو یہ خواب اوسکے حق مین غم و الم ہی علی قدر درازی و فزونی و نبوہی
بالون کے خصوصاً جب کہ اس شخص نے یہ دیکھا کہ اوسکی سر کے بال منہ پر پڑے ہین یا
اسکے موے سر سیاہ تھی مگر سفید نظر آئے ہین تو اوسکے لیے درمیان مردم کے
قدر و ہیبت ہے اور اگر اوسکے موے سر سفید تھے اور وہ سیاہ نظر
آئے تو یہ اوسکے حال مین تغیر ہے رویت روے و ریش مردم از رو
تاویل کے جاہ و دبدبہ صاحب خواب کا ہی چنانچہ اگر کسینے خواب مین دیکھا کہ
اوسکی ریش دراز ہوئی ہی تو یہ افزونی اوسکے مرتبے کی ہے اور اگر اپنی ریش
کو اسقدر طویل دیکھا کہ عادت و اندازہ ریش سے زیادہ بڑہ گئی ہی تو یہ ہم و غم و حزن و بلا ہی

[illegible] ماہ ہاے حرام مثل ماہ ذی قعدہ و ذی الحجہ و محرم و رجب ۱۲

رویت وجہ لحیہ

بقدر کیفیت درازی ریش کے اور اگر کسینے یہ خواب دیکھا کہ اوسکی داڑھی منڈ گئی تو مرتبہ اوسکا جو درمیان لوگونکی ہے وہ جاتا ہی رہیگا اور اسیطرح اگر کسکے بال داڑھی کے گر گئے اور جھڑ گئے ہون یا اوکھڑ اور نوچ ڈالے ہون اور منڈانا خواب مین ڈاڑھی کا آسانی ہی یعنی بہ نسبت گرجانے اور نوچ ڈالے کے اور کسی نے خواب مین دیکھا کہ بال اوسکی داڑھی اور اوسکی سر کے دونون ساتھ ہی منڈ گئے ہین اور خواب مین یہ بات بھی ہو جو خیر پر دلالت کرتی ہی تو تعبیر اوسکی یہ ہوگی کہ حقتعالی اوسکی دین کو ادا کریگا اور اگر وہ مریض ہوگا تو شفا دیگا اور اگر امین سے کوئی رنج اوسکو نہوگا تو اوسوقت اوسکی تعبیر کے لیے کوئی خیر نہین ہی رویت خضاب ازروی تعبیر کے ستر و صیانت یعنی پردہ و پناہ چنانچہ اگر کسی نے یہ خواب دیکھا کہ اوس نے اپنے سر مین خضاب کیا ہے تو تعبیر اوسکی یہ ہے کہ حقتعالی اوس حالت کو جو اوس شخص پر واقع و نازل ہونے والی ہی اوس سے باز رکھیگا اور کسی نے یہ خواب دیکھا کہ اوسنے خضاب نہین لگایا ہے تو حقتعالے اوسپر سے اون حالات کو باز نرکھیگا رویت تدہین راس ولحیہ و بدن یعنی دیکھنا خواب مین کہ سر و ریش مین روغن لگاتا ہی اور بدن مین ملتا ہے تو تعبیر اوسکی زینت خوب ہی جب کہ قدر معلوم یعنی اندازہ عادت سے زیادہ تجاوز نہ کیا ہو اور اگر اس سے زیادہ تجاوز کر گیا یہان تک کہ اوسکی عارض پر بہا اور اوسکے کپڑے سے ٹپکنے لگا تو یہ ہم و غم ہے کہ اوسکو پہونچیگا اگر وہ روغن جسکو لگایا ہے خوشبودار ہے تو اوسکی زینت خوبون کے ساتھ ہوگی رویت [illegible] بخور یعنی عود سوزی کہ دیکھنا اوسکا خواب

ف یعنی اوس صورت مین جبکہ تعبیر جو کہ گی جو سر مین ہوگا
ف یعنی باوجود عادت کہ نہین لگایا ہے

رویت خضاب

رویت روغن ملنا سر و ریش و بدن

رویت بخور

مین اوسکے ثنا و مدح خوب ہی مگر حول اور خطر کے ساتھ اسلیے کہ دخان یعنی دود دلیل ہی اوپر خوف وخطر کے سلطان وقت سے نبات الشعر یعنی روئیدگی موے چنانچہ خواب دیکھا بالونکا جمنا چہرے اور دونون کف دست مین یا ایسے عضو مین جہان بال نکلنے کی عادت نہین ہی تو یہ معبر بدین ہی کہ وہ قرضدار ہوگا اور عسرت مشقت شدید کو پہونچیگا اور شعر شارب موے لب یعنی سبلب و شعر ابط موی بغل و شعر عانہ موی زہار یعنی اندام نہانی چنانچہ نقصان و ضرار دیکھنا ان اعضاے کے بالونکا دلیل اوپر افزونی سال و ترقی دین کے ہی اور کبھی زیادتی موی اندام نہانی کا دیکھنا معبر لولایت و حکومت ہی مگر اوسکے ساتھ دین نہین ہے اور دیکھنا بالونکا تمام بدن پر تعبیر بمال مردم ہی بشرطیکہ صاحب خواب یا لدار یا صاحب تجارت یا جیب زراعت ہو ورنہ بصورت دیکھنا کمی و زیادتی موی بدن کی دلیل اوپر کمی و زیادتی مال وغیرہ کے ہی اور اگر کسی نے خواب دیکھا کہ وہ اپنے بالون مین لوزہ لگاتا ہی تو اگر صاحب خواب مالدار ہی تو نادار ہوگا اور اگر وہ محتاج ہے تو تونگر ہو جاویگا اور اگر مصیبت زدہ ہی تو مصیبت اوسکی دفع ہوگی اور اگر مریض ہی تو شفا پاویگا اور اگر قرضدار ہی تو حقتعالی اوسکا قرض ادا کریگا رویت بول اگر کسی نے خواب مین دیکھا کہ اوس نے پیشاب کیا تو تعبیر اوسکی یہ ہے کہ اگر وہ شخص سختی مین ہے تو حقتعالی اوسکو کشایش دیگا اور اگر قرضدار ہے تو حقتعالے اوسکا دین ادا کردیگا اور اگر وہ مالدار ہی تو اوسکے مال مین نقصان و زوال آویگا بقدر زیادتی و کمی قدر بول کی دماغ انسان یعنی دیکھنا خوابمین مغز انسان [illegible] تعبیر [illegible] کیا اوخز

رویت نبات الشعر - رویت شعر شارب وغیرہ - رویت عضو [illegible] - رویت بول - رویت دماغ انسان

مغز کا ہی اور اسی طرح سائر مغز سے تعبیر بمال مخزونہ ہی چنانچہ اگر کسینے خواب مین
دیکھا کہ وہ کسی آدمی کا مغز کھاتا ہی تو صاحب خواب اوس شخص کے مال طیب سی کھائیگا
اور اوس شخص نے یہ دیکھا کہ کوئی اور شخص مغز آدمی یا حیوان کا کھاتا ہی تو صاحب
خواب کسب غیر سے مال کھاویگا یعنی کسی غیر کی کمائی کھائیگا رویت لحوم
الناس یعنی گوشت آدمی پکا ہوا یا بھنا ہوا دیکھنا اگر وہ فربہ ہی تو تعبیر
اوسکی غیبت ہے اوس شخص کی جسکا گوشت کھاتے دیکھا ہی جیسا کہ حقتعالی فرماتا ہے
ایحب احدکم ان یاکل لحم اخیہ میتا فکرهتموہ
رویت اذان یعنی گوش کہ وہ از روی تعبیر کے زوجہ یا دختر اوس شخص کی
ہی جیسا کہ جب کوئی خواب دیکھے کہ زوجہ اوسکی مرگئی ہی تو تعبیر اوسکی یہ ہی کہ
اوسکو طلاق دیگا یا وہ خود مریگا یا وہ اپنی دختر کا نکاح کر دیگا اور زیادتی
کان کی اور زینت کی کان کی ساتھ زیور اور در و جواہر کے از روے
تعبیر کے خوبی حال اوسکی زوجہ یا دختر کی ہی و سمع رجل یعنی شنوائی
مردم کہ وہ از روی تاویل کے اوسکا دین ہے چنانچہ اگر کسی نے خواب
مین دیکھا کہ اوسکی شنوائی مین خلل آگیا ہے یا زیادہ ہوئی یا زائل
ہوئی ہے تو یہ سب اوسکے دین مین واقع ہونگے صوت رجل یعنی
آواز مردم از روی تعبیر کے صیت و آوازہ اور اوسکی شہرت درمیان مردم
اور اوسکا فخر ہے کہ یہ سب بقدر اوسکی صورت و صداے گلو کے
ہی باعتبار بلندی و پستی آواز کے اور خوبی اوسکے بخت و وقت کی ہی اور
قرب [illegible] عین یعنی چشم مردم کہ تعبیر اوسکی دین

۴ کہا ہے کوئی شہر مین سکا جابجا [illegible]
ہی اس بات کو کہ وہ [illegible] مردہ کا
گوشت اپنی برادر [illegible]
[illegible] زبانی کان سے
[illegible] کان سکا یا زیادتی
[illegible]
رویت لحوم الناس

رویت اذان
رویت سمع مردم
رویت صوت
رویت عین

ذکر اشفار العین و حاجبین + دونوں الف و جبہہ فی صدغان و ضنتان ولحیان رویت شفتان

لہ یعنی نام آنکھ کے ... بال اور دونوں ابرو وغیرہ

اس شخص کا ہی اور اوسکی ہدایت ہی اور اسی طرح بصر یعنی بینی تعبیر اوسکی نگاہ کی ہی چنانچہ جب کسی نے یہ خواب دیکھا کہ اوسکی آنکھ یا نگاہ مین زیادتی یا کمی ہو گئی ہے تو از روی تعبیر کے اوسکا دین ہی باعتبار بیشی و کمی نظر کے اور یہ زیادتی یا کمی نظر کی مثل کوری و آشوبی چشم و ضعف بصر و سیلان چشم وغیرہ کی ہی اور اگر کسی شخص نے یہ خواب دیکھا کہ اوس نے اپنی آنکھون سرمہ لگایا ہی تو وہ اپنے دین کی اصلاح کریگا اور اگر اوسنے سرمہ لگانے سے قصد زینت کا کیا ہی تو وہ کوئی ایسا کام کریگا کہ درمیان مردم اوسکے دین مین زینت و رونق ہو گی اور کبھی دیکھنا عین یعنی چشم کا دلالت کرتا ہی اوپر قرار گاہ مال کے یا نسبت باولاد و یا برادران با امیر یعنی امارت کے چنانچہ جب کسی نے آنکھ مین کچھ خلل یا زیادت و نقصان دیکھنا تو انھین چیزون مین ہی جسکا ہمنے ابھی ذکر کیا ہی اشفار العین و حاجبین یعنی دید بگوشہ چشم در مزنا برووان تعبیر اوسکی حفاظت دین ہی اور اوس مین بہترین میانہ روی کرتا چنانچہ جس شخص نے اپنی گوشہ چشم سے کسی چیز کی زیادتی یا کمی دیکھی یا کوئی جمال دیکھا تو یہ اوسکی بہترین میانہ روی اور نیک حالی ہی دین مین الف یعنی بینی تعبیر ہی جاہ و فخر مردم سے اور اسیطرح جبین از روی تعبیر کے عز و شرف ہی چنانچہ جو کچھ زیادتی یا کمی اعضا مین واقع ہو تو نسبت اوسکے مراتب کے متصور ہو گی صدغان شانہ گوش و چشم یعنی دونو کنپٹی ضنتان یعنی دونون رخسارے ولحیان ہر دو جانب جا ریش یعنی دونون گال اوسکی تاویل وجہ معاش انسان ہی جو کچھ نقص نسبت ان اعضا کی خواب مین واقع ہو گا وہی نسبت اوسکی معیشت کی جو دا ... درمیان مردم ہی ... شفتان یعنی دونو لب باعث ...

رویت لسان الرجل

انصار مردم ہین اور لب بالا بہتر ہے لب زیرین سے لسان الرجل زبان لسان ازروی تعبیر کے ترجمان و بیان کنندۂ احوال اس شخص کا ہے اور کبھی زبان سے تعبیر بحجت و برہان اوس شخص کے ہے چنانچہ اگر کسی شخص نے خواب مین اپنی زبان کو قطع دیکھا یا کوتاہ یا ناقص دیکھا اور درمیان اوسکی اور کسی شخص کی منازعت و مخاصمت بھی ہے تو تعبیر اوسکی یہ ہوگی کہ حجت و دلیل خصم قطع ہوجاویگی اور اگر کسی سے منازعت نہین ہے تو تعبیر اوسکی یہ ہے کہ اوسکے دین کی اصلاح ہوگی اور اگر کسینے خواب مین اپنی زبان کو دراز دیکھا تو عند المخاصمت اسکی حجت کے ساتھ اعانت کیجاویگی اور جو شخص اوس سے خصومت و نزاع کرتا ہے اوسپر ظفر یاب اور فیروزمند ہوگا اور اگر کوئی اوسکا منازع مخاصم نہین ہے تو یہ شخص ازروی تعبیر کے لغو گوئی اور فحش زبانی اور ہذیان بیہودہ کلامی بہت ظاہر کریگا و بحق زنان تعبیر بقطع زبان ہے ہر حال مین

ف یعنی عورت کو کسیکے ساتھ مخاصمت و منازعت ہو خواہ نہو ۱۲

رویت اسنان

اسنان یعنی دندان کہ تعبیر اوس سے باہلخانہ مردم و بنات فراش ہے یعنی زوجہ ہمبستر اوسکی و ثنایا یعنی دندان پیشین خود دو دو اوپر نیچے کے ہوتے ہین وہ ازروی تعبیر کے اولاد و برادران و خواہران ہین چنانچہ اگر کسی نے خواب مین دیکھا کہ دندان کو حرکت و جنبش ہے تو بنابر تعبیر کے اوسکے مردم خانہ مین سے کسیکے لیے مرض ہے اور اگر اوسنے یہ دیکھا کہ دانتو نکو اوسنے کپڑے مین رکھ لیا ہے یا اپنی جیب مین بھرا ہے یا اپنی گھر مین رکھدیا ہے تو وہ مستفید ہوگا اپنی اولاد اپنی بھائیون یا بہنون سے اور اگر یہ دیکھا کہ دانت کچھ کھاتے یا چباتے ہین تو بعض مردم خانہ کو مصیبت و بلا پہونچیگی اوسکے بدن مین اور جس شخص نے اپنے دانتونکو دیکھا کہ دراز ہین یا اون مین

ع یعنی دانت ... برادرانت ... بہنین

رویت دانت

یا اوس مین سفیدی یا چمک ہی تو وہ شخص اپنے بعض مردم خانہ کے حق مین وہ
دیکھیگا جس سے اوسکی آنکھ ٹھنڈی ہوگی عم وعمہ وغیرہ اقربا یعنی کسیکا چچا یا پھوپھی
وغیرہ رشتہ دار اگر کسینے خواب مین دیکھا کہ اوس مین یعنی دانتون پر کوئی صدمہ
واقع ہوا ہی تو وہ نہین عم وغیرہ کی نسبت ہوگا جیسا کہ بیان کیا گیا ہی ناب
یعنے دندان گرفت بمنزلہ سردار مردم خانہ کے ہی اور وہ ایسا شخص ہی جسپر اعتقاد

رویت ضاحک

واعتماد کرتے ہین ضاحک یعنی وہ دانت جو ہنسنے مین کھلتے ہین کہ وہ از روی
تعبیر کے حال و حالت مردم ہی اضراس علیا یعنی وہ دندان بالا جو کاٹنے
کے ہوتی اور اس نام سے وہ مستعمل بتذکیر ہین تو معبر مذکور ہین اور وہی اضراس
دندان زیرین جو کاٹنے کے ہوتے ہین اور وہ مستعمل بتانیث ہین و معبر بانات

رویت اضراس

ہین چنانچہ اگر کسی شخص نے ان دانتون کی نسبت کچھ دیکھا کہ وہ اوسکی
منہ سے گر پڑے ہین اور اوسکو اوسنے اوٹھا یا نہین ہی اور پھر وہ بدستور
بجای خود جم نہین گئی ہین تو اوس شخص کا کوئی قرابت دار مر جاویگا اور اگر کسی نے
یہ خواب دیکھا کہ اوسکے سارے دانت گر گئے ہین تو از روی تعبیر کے اوسکی
عمر دراز ہوگی اور اوسکے تمام اقارب پہلے مرینگے اور یہ شخص اون سب کے

حکایت

آخر مین مریگا حکایت ہے کہ امیر المومنین منصور نے اپنے خواب مین
دیکھا کہ اوسکے منہ سے دانت گر گئے ہین جب صبح ہوئی تو اوس نے اپنے
خدام سے کہا کہ کسی معبر کو میرے پاس حاضر کرو آخر جب تعبیر دینے والا حاضر ہوا
تو اوسنے اپنے خواب کو بیان کیا معبر نے کہا ای امیر آپ کے سارے اقارب
مرجاوینگے منصور نے کہا حقتعالے تیرا منہ توڑے اور تیرے خواب کو

اچھا نہ کرے اوٹھ میرے پاس سے دور ہو خدا تجکو خوار کرے تب دوبارہ منصور نے کہا
اسکے سوا کسی اور معبر کو حاضر کرو تب لوگون نے دوسرا معبر حاضر کیا اور
یہ شخص مخالطت و واب صحبت ملوک سے آگاہ و خبردار تھا چنانچہ منصور نے قصہ
اپنے خواب کا ذکر کیا تو اوسنے تعبیر دی کہ اے امیر آپ کی زندگانی بعمر طویل ہوگی
اور آپ تمام اپنے اہل و اقارب سے آخر فوت ہونگے یہ تعبیر سنکے منصور ہنسا
اور کہا معنی ایک ہی ہین مگر عبارت تعبیر تیری بہتر ہے اوس سے پہلے معبر سے
بعد ازان منصور نے اوسکو دس ہزار درہم انعام دیا عنق یعنی گردن کہ
تعبیر اوسکی زیادت درازی عنق ہے اور یہ محل امانت و دیانت اور آلہ تحمل
امانت دین کا ہے اور کمی و کوتاہی گردن کی اور ناتوانی اسکی دلیل عجز ہے
اوٹھانے بار امانت و دیانت سے اور اسی طرح دماغ معبر شفقات و استواری
ہے — یدان و عضدان یعنی ہر دو دست و ہر دو بازو اور انکے تاویل
مختلف الاحوال ہین چنانچہ یہ دونون دلیل ہے بحال برادر و نیز دلیل ہین اوپر
ذات و حالت صاحب خواب کے اور یہ دلیلین پہچانی جاتی ہین کیفیات
رویا سے مثلاً کسی شخص نے یہ خواب دیکھا کہ ہاتھ اوسکے کٹ گئے ہین تو تعبیر اسکی
یہ ہے کہ اوسکا بھائی یا دوستدار اوسکا مرجاویگا اور اگر اوسکا کوئی شریک
ہوئے تو وہ جدا ہوجاویگا مگر یہ تعبیر اوسوقت ہے کہ صاحب خواب نے اوس
کٹے ہاتھ کو اوٹھایا ہو اور اگر دست بریدہ کو اوٹھالیا ہے تو وہ مستفید ہوگا
اپنے برادر یا اولاد یا دوستدار سے اور اگر کسینے یہ خواب دیکھا کہ اوسکے ہاتھ
ہمیشہ سے کٹے ہوئے ہیں اور حالت یعنی وقت قطع ہوئے ہاتھ کا اوسنے نہین دیکھا یعنی

رویت عنق و دماغ

لہ یعنی جیطرح طول عنق موجب تحمل و عجز کا ہے دماغ بھی اثر رسے قوت و ضعف کے استوار و ناپایدار ہے ١٢

رویت دو دست و دو بازو

معلوم نہین کہ کیونکر اور کب اوسکا ہاتھ کٹ گیا تو اوسصورت مین تعبیر اوسکی یہ ہوگی کہ وہ حرام چیزون اور گناہون سے بچیگا اور اسیطرح جس شخص نے دیکھا کہ ہاتھ اوسکے گردن مین اوسکی بندھ گئے ہین اور اگر کسینے یہ دیکھا کہ بادشاہ نے اوسکے ہاتھ کٹوا ڈالے ہین تو یہ شخص بنام خدا قسم دروغ کھائیگا اور جس شخص نے یہ دیکھا کہ اوسکے ہاتھ دراز ہوگئے ہین تو مال اوسکا فزون اور بذل کرم اوسکا کثیر ہوگا اور اگر کسینے اپنے ہاتھ مین قوت گرفت دیکھی تو یہ تعبیر ہے اوسکی زیادتی قوت اور فزید مقدرت سے اصابع یعنی انگشتان دست کہ اوسکی تعبیر باولاد برادر و خواہر ہے یعنی وہ برادر زادگان اور خواہر زادگان ہین اور کبھی تعبیر اوسکی انگشتان سے نماز پنجگانہ ہے چنانچہ اگر کسینے اپنی انگلیون مین زیادتی یا کمی دیکھی تو یہی کیفیت اوسکے بھائی بہن کی اولاد مین یا اوسکی نمازمین ہوگی بشرطیکہ خواب مین کوئی بات اس قسم کی بات پر دلالت کرتی ہو اظافر یعنی ناخون کو کہ تعبیر اوسکی مقدرت وحالت انسانی ہے اسلیے کہ اوس سے وہ اپنے بدن کو کھجلاتا ہے صدر یعنی سینہ کہ وہ آدمی کا محل حلم و تحمل ہے چنانچہ جس شخص نے اندر خواب کے اوس مین کچھ تنگی یا کشادگی دیکھی تو نسبت اوسکے حلم و تحمل زیادہ ہوگا ثدیان یعنی پستان کہ بہ از روی تعبیر کے دختران صاحب خواب کی ہین بطن یعنی شکم کہ تعبیر اوسکی مال وولد اوس شخص کا ہے چنانچہ جسنے اپنے شکم کو کوچک دیکھا سوائے اوس بات کے جو اوسپر شاق و دشوار ہے تو اور وہ تعبیر کے مال اوسکا زیادہ ہو بطن و امعاء وغیرہ یعنی رودگان اور تمام جو کچھ اندر شکم کے ہے تعبیر اوس سے ذخیرہ مال اندوختہ ہے چنانچہ اگر کسینے دیکھا کہ وہ ہی انتڑیان بکرہ کہ ...

۵٫ یعنی دونون ہاتھ گردن مین بیوجہ ملکی دیکھی کی تعبیر یہ ہے کہ وہ شخص حرام و معاصی سے بچیگا ۱۲

رویت اصابع

رویت اظافر

رویت صدر

رویت ثدیان

رویت بطن

جوکہ بطن و امعاء بطن

جانوران جسم انسان

اوسکے جو کچھ اسکے پیٹ کے اندر ہے کھاتا ہی یا اوس شخص نے یہ دیکھا کہ اوسکی شکم کو لیا ہی یعنی بکرا ہی یا اوسکو اوٹھائی ہی اور وہ شکم اپنا ہی یا غیر کا ہی تو یہ شخص مال اندوختہ حاصل کریگا اور جو جانور جسم انسان سے پیدا ہوتے ہین اور اونکی غذا بھی جسم انسان سی ہوتی ہی مثل کرم و قمل یعنی جون وغیرہ تو یہ از روی تعبیر کے عیال اس شخص کی ہین اور اگر کسی نے خواب مین دیکھا کہ جون یا کیڑی اوسکے بدن یا اوسکے بعض عضو سے جھڑی ہین یا اوس نے یہ دیکھا کہ جون وغیرہ اوسکی بہت پڑ گئی ہین یا اوسکے کپڑی مین ہو گئے ہون تو اوسکو مال فراوان اور غلمان و خدام دستیاب ہونگے

رویت اضلاع

اضلاع رجل استخوانہا ی پہلو یعنی پسلیان آدمی کی کہ تعبیر اوسکی عورتونسے ہی جو صدمہ اون پسلیون کی نسبت خواب مین دیکھیگا وہ اوسکی عورتون مین واقع ہوگا

رویت صلب

صلب یعنی استخوان پشت تعبیر بعز و شرف مردم اور عبارت اوسکی مہجہ نفس یعنی لب جان و اصل خاطر سی ہی اور کبھی صلب سی تعبیر با ولاد ہی اسلیے کہ وہ اوسکے صلب سے نکلتا ہی

رویت کتف

کتف یعنی شانہ کہ تعبیر با زواج مردم ہی چنانچہ جو گزند نسبت شانی کے خواب مین نظر آوے اوسکی زوجہ کے حق مین واقع ہوگا

بیان ذکر

ذکر یعنی عضو تناسل آدم کہ تعبیر اوسکی بذکر و تذکرہ انسان ہی دنیا مین انسان کے چنانچہ اگر کسینے خواب مین یہ دیکھا کہ ذکر یعنی قضیب اوسکا قطع ہو گیا ہی تو تعبیر اوسکی یہ ہی کہ ولد اوسکا یا وہ خود مرجائیگا اور ذکر جمیل اوسکا منقطع ہو جاویگا اور اگر یہ دیکھا کہ اوسکا قضیب زیادہ یا کم ہو گیا تو اوسمین یا دونون کے حق مین واقع ہوگا اور اگر کسینے خواب مین دیکھا کہ اوسکی دو قضیب یا زیادہ ہین تو تعبیر اوسکی یہ ہی کہ اسیقدر اوسکی اولاد ہوگی

انثیان یعنی ہر دو بیضۂ مردم کہ تعبیر اوس سے اولاد اناث ہی یعنی اوسکی دختران عبارت سے ہی چنانچہ جو کیفیت نسبت دونون خصیون کے خواب مین نظر آویگی وہی حق مین اوسکے اولاد کے ہوگی بیضۃ الیسریٰ یعنی بایان خصیہ اوسکا نکل پڑا یا قطع ہوگیا یا گر پڑا ہے تو اوسکے اولاد نہوگی فخذان دونون زانو کہ تعبیر بعشیرہ و عصبۂ مردم ہی چنانچہ اگر کسینے یہ خواب دیکھا کہ اوسکا زانو اوس سے جدا ہوگیا یعنی قطع ہوگیا تو وہ اپنے اقارب اور قوم سے مفارقت کریگا رکبہ یعنی زانو و ساق یعنی پنڈلی اور قدم ان سب سے تعبیر بمال مردم ہے اور وہی اوسکی معاش ہی اور اسی پر اوسکا اعتماد ہے اور اسی مین اوسکی وسعت اور اوسکا پیشہ ہے اصابع قدم یعنی انگشتان پا کہ تعبیر زینت مال مردم ہی العصب یعنی پٹھہ کہ تعبیر اوس کی وہ چیز ہے جو اوس شخص کے امور اور اوسکی شان کا ارتباط التیام کرے جلد یعنی پوست کہ تعبیر وہ ہی مال متروکہ مردم کہ بعد اوسکے موت کے عورۃ الناس یعنی عضو پوشیدہ مابین ناف و زانو چنانچہ اگر کسینے نسبت ان عضو کے کچھ دیکھا کہ وہ کھل گیا اور اوس سے اپنا کپڑا بنا تا ہے تو بیش مردم اوسکی برہنگی و بے ستری ہوگی جسقدر کہ اوسکا وہ عضو کھل گیا ہی اور اگر کسی نے یہ خواب دیکھا کہ وہ اپنے لباس سے جدا یعنی برہنہ تن ہوگیا ہے تو وہ اپنے اون امور سے جدا ہو جاویگا جسکا وہ طالب ہی اور جسمین وہ آمد رفت و اوقات گزاری کرتا ہی اور اسی خواب کو جب کوئی شخص اوس حالت مین دیکھے کہ وہ طلب دین مین مشغول ہی تو وہ از روے تعبیر کے عبادات و زہد سے کمال خوبی کو پہونچیگا اور اگر وہ طلبگار دنیا ہوگا تو وہ اوسکی [illegible] کو پہونچیگا بشرطیکہ

انثیان - بیضہ یسریٰ - فخذان - زانو - ساق - اصابع قدم - عصب - جلد - عورۃ الناس

ان دونون حالتون مین اسکی شرمگاہ کھولی ہوئی نہو کہ نظر مردم اسپر پڑتی ہو
کیونکہ اگر ایسا ہوگا تو اوسمین خیر نہین ہے اور بعضون نے کہا ہی کہ اگر کسی نے
یہ خواب دیکھا کہ وہ کسی بازار یا مسجد مین یا سوای ان دونون جا کے برہنہ تن
ہوگیا ہی اور شرمگاہ مردم نظر مین دکھائی دیتی ہی اور اس بات پر کوئی سرزنش
نہین کرتا ہے تو ان صورتون مین اوسکے لیے کشایش و نجات مرض سے
ہوگی اور وہ اپنے گناہون سے پاک ہوویگا اور اگر اوسپر کسیکا دین ہوگا تو
اوس سے ادا ہوگا عنق یعنی گلا اگر کسی نے خواب مین دیکھا کہ اوسکی گردن
ماری گئی اور اوسکا سر تن سے جدا ہوگیا اگر وہ شخص کسیکا غلام ہوگا آزاد
ہوجائیگا اور اگر مریض ہوگا شفا پاویگا اور اگر قرضدار ہوگا قرضہ اوسکا ادا ہوگا
اور کبھی تعبیر اوسکی یہ ہوگی کہ وہ حج کعبہ شریف کریگا اور اگر وہ سختی مین ہوگا تو
حق تعالی اوسکو کشایش دیگا اور اگر وہ خائف ہوگا تو حق اوسکو امین کریگا
اور جس شخص نے اپنے تئین دیکھا کہ وہ نصف تن سے دو نیم ہوگیا ہی تو تعبیر اوسکی
یہ ہی کہ وہ بیچ امر ایک جماعت کے واسطہ ہوگا اور میانجی گری کریگا اور اس توسط
سے اونکے احوال کو پورا کریگا اور کبھی نکلنا خون کا اوسکے بدن سے بہ سبب
دو نیم ہونے کے تعبیر یہ ہوگی کہ اس خواب مین خیر نہین ہی اور کبھی از روی
تعبیر کے اوسکے مال مین شبہہ پوشیدگی ہی اور اگر کسینے یہ خواب دیکھا کہ وہ کسی آدمی کو
ذبح کرتا ہی تو تعبیر یہ ہی کہ وہ اوس آدمی پر ظلم کریگا کیونکہ ذبح کرنا اوس جانور کا جسکا
ذبح کرنا جائز نہین ہی ظلم ہی اور اسی طرح جبکہ کسی شخص نے یہ خواب دیکھا کہ وہ کسی چیز کو
ذبح کرتا ہی جسکا کھانا حرام ہی تو تعبیر اوسکی یہ ہوگی کہ یہ شخص ظلم کریگا اوس آدمی پر جسکا یہ جانور ہی

عنق

بدن

ذکر قاتل و مقتول

ذکر صارع و مصروع

ذکر شتم و دشنام

اور اگر کسی نے یہ خواب دیکھا کہ اوس نے کسی آدمی کو قتل کیا ہی تو از روی تعبیر کے وہ مقتول اوس قاتل سے بخیر بہرہ مند ہوگا اور اگر کسی نے یہ خواب دیکھا کہ اوس نے کسیکو کشتی مین زمین زد کیا ہی یعنی پچھاڑا ہی تو وہ شخص جو پشت بر زمین رسیدہ ہی وہ اس صارع سے از روی احوال کے بہتر ہی اور قادر تر ہوگا زمین مین اپنے صاحب یعنی صارع کشتی مارنے والے سے اور اگر کسی نے یہ خواب دیکھا کہ وہ کسیکو گالیان دیتا ہی تو از روی تعبیر کے وہ گالی کھانے والا اوس دشنام دہندہ سے حسن احوال مین بہتر ہوگا حکایت ہی

حکایت عبد اللہ بن زبیر و عبد الملک بن مروان

کہ عبد اللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہ نے اپنے خواب مین دیکھا کہ وہ عبد الملک بن مروان دونون باہم کشتی کرتے ہین اور عبد اللہ نے عبد الملک کو گرا دیا اور اوسکے دونون ہاتھون اور پانوٴنکو چار میخون سے زمین دوز یعنی چومیخا کر دیا پھر جب صبح ہوئی تو عبد اللہ نے ایک شخص کو پاس امام محمد بن سیرین رحمہ اللہ کے بھیجا کہ اونسے اوس خواب کی تعبیر دریافت کرے مگر فرستادہ کو حکم کیا کہ یہ نہ بتانا وہ دونون مین کون صارع و غالب اور مصروع و مغلوب ہی چنانچہ جب وہ فرستادہ امام ممدوح کے پاس آیا اور اونسے خواب بیان کیا تو امام نے جواب دیا کہ یہ خواب تو تیرا نہین اور سزاوار نہین ہی ایسا خواب دیکھنا سوائے عبد الملک اور عبد اللہ بن الزبیر کے تب اوس فرستادہ نے اس بات سے انکار کر کے کہا اے امام بے شبہ یہ میرا خواب ہی پھر امام نے کہا مین تجھسے تعبیر اس خواب کی بیان نہ کرونگا جب تک تو مجھسے راست راست بیان نہ کریگا کہ یہ خواب کسکا ہی یہ سنکے وہ فرستادہ عبد اللہ کے پاس واپس آیا اور مقولہ اوسکے

اونکو خبر دی آخر عبد اللہ نے کہا تو پھر جا اور امام کو میری طرف سے مطلع کر مینے یہ خواب دیکھا ہی تب وہ فرستادہ پھر آیا اور کہنے لگا اے میری سید ہر آئینہ اس خواب کو عبد اللہ بن زبیر نے دیکھا ہی اور اوسنے عبد الملک کو پچھاڑا ہی یہ سنکے محمد بن سیرین رحمہ اللہ نے کہا تعبیر اسکی یہ ہی کہ عبد الملک بن مروان غالب ہی عبد اللہ بن زبیر پر اور وہی اوسکا قاتل ہی اور اولاد عبد الملک کے لیے بعد پدر کے خلافت ہوگی اور یہ بدلیل مینخ دوزی کرنے عبد اللہ کی عبد الملک کو زمین مین چار مینخون سے چنانچہ ایسا ہوا جیسا از روی تعبیر کے امام رحمہ اللہ نے کہا تھا اگر کسی نے خواب مین اپنے تئین دولہا دیکھا اور اوسکی دولھن کو معرفت ہی اور اس شخص کے نام کو وہ جانتی ہی تو یہ خواب بمنزلہ تزویج ونکاح خواب دیکھنے والے کے ہے یا بادشاہ رس ہوگا یا کسی شئی پر قادر ومالک ہوگا اور اگر اوسنے یہ نہین دیکھا کہ عورت اوسکے نا فرد ہوئی ہی تو تعبیر اوسوقت یہ ہوگی کہ اوسکی موت آئی ہی یا مقتول ہوگا یا ملاقات خدا کریگا شہید ہوکر اور اگر کسی شخص نے یہ خواب دیکھا کہ اوسنے اپنی زوجہ کو طلاق دیا ہی تو تعبیر اوسکی یہ ہی کہ یہ شخص جس عملے ومرتبے پر ہے اوس سے معزول ودفردتر ہوگا دم یعنی خون چنانچہ اگر کسی نے خواب مین دیکھا کہ اوسکے بدن سے تعبیر زخم کے لہو بہتا ہی یا اوسنے اپنے بدن مین کوئی چشمہ دیکھا کہ اوس سے خون یا ریم جاری ہی اور اوس سے اوسکا بدن بھی آلودہ ہوگیا ہی تو اوس شخص کو مال حرام دستیاب ہوگا جسقدر کہ خون اور ریم جاری تھا اور اگر اوس خون وریم سے اوسکا بدن وجامہ آلودہ نہین ہوا تو جو چیز کہ اوسکی حق مین حرج ہے اوس سے باہر ہوجاویگا بمقدار سیلان اور خون وریم کے

رویت عروسی

رویت طلاق ورویت دم

اگر کسی نے یہ خواب دیکھا کہ اوسکے بدن مین ناسور اور زخم وقروح یعنی ریش یا دنبل یا دانے نکلے ہین تو از روی تعبیر کے اوس شخص کو مال ہاتھ لگیگا بقدر اوس مدت کے جتنی دیر اون جراحات کا قیام بدن مین دیکھا ہی یعنی اعتبار دیر پائی درود خلاصی کے کیونکہ جس قسم کی زیادتی مثل فربہی اور ورم و آماس کے بدن مین دیکھی جاوے تو وہ عبارت دستیابی مال سی ہی جذام یعنی دیکھنا خواب مین جذام کا تعبیر بمال کثیر ہی زیادہ تر دیکھنی ادرام سی اور بہتر ہے اوس سے از روی مفاد کے برص یعنی سفید داغ کہ معبر بمال و کسوہ ہے جنون معبر بمال ہی مگر وہ شخص اوس مال کو ایسی جا صرف کریگا جہان خرچ کرنا سزاوار نہین یعنی بے مصروف وبیجا صرف کریگا سکر نشہ و نیشے کی چیز کہ تعبیر اوسکی بمال ہی جو حاصل ہو سلطان سی بشرطیکہ وہ شی نشی کی قسم شراب یعنی نیشے کی چیز ونسی ہو اور اگر وہ ایسا نہو گا تو اوسمین خیر نہین ہی بلکہ نقصان ضرر ہی جسم مین مثل ضعف پیری وغیرہ نہین ہی قوت دیکھنا قوت کا دلیل ہی اوسکی دین اور خوبی حال پر اور اگر کسی نے یہ دیکھا کہ وہ بار گران اوٹھاتا ہی تو اوسکو وہم وغم پہونچیگا اور تمام جو کچھ شکم مردم اور شکم دواب سی نکلتا ہی قسم ارواث یعنی فضلات سی تو تعبیر اوسکی بمال ہی اور اگر اوسمین بدبو ہی تو وہ مال حرام ہی اور جسقدر اوس مین بو کم ہوگی اوسکی معصیت و حرمت مین بھی خفت ہوگی یعنی باعتبار زیادتی وکمی بو کی اوس مال کی حرام ہونے مین اور اوسکے گناہ مین کمی بیشی ہوگی یعنی اور فضلہ اوس جانور کا جسکا گوشت نہین کھایا جاتا ہی تعبیر بمال حرام ہی اور جس شخص نے یہ خواب دیکھا کہ اوسکا بدن یا اوسکا کپڑا گندگی یعنی گوہ سی لتھڑ گیا ہی یا وہ اوسکا مالک ہوا ہی اور وہ اوسکی لگہبانی کرتا ہی تو خبر دی گئی

رویت جراحۃ ودو تاسیل و بثور

رویت جذام و برص

رویت جنون

رویت مسکر و نشہ

رویت جسم

رویت حمل اثقال

رویت ارادات

بمال حرام ہی کہ اوسکو دستیاب ہوگا اور جس شخص نے یہ خواب دیکھا کہ اوس نے حدث کیا ہی تو بمقدار زیادتی وکمی حدث کی اوسکے پاس سے مال جائیگا یا وہ شخص کوئی امر اپنی ذات خاص پر احداث وایجاد کریگا جو موجب اوسکے ضرر کا ہوگا اور جسقدر کثرت غائط یعنی پلیدی کی ہوگی کہ مانند گلابہ اور بارش اور سیلاب کے ہوجاویگا تو اوسکی تعبیر مین کچھ خیر نہین ہی اور جس شخص نے خواب مین ایسی چیز کا حدث کیا یعنی ایسا کچھ بطور پاخانے کے پھرا ہے جو خلاف عادت کے ہی مثل خون وریم اور کیڑے اور جون وغیرہ کے تو تعبیر اوسکی یہ ہی کہ وہ شخص جسکے پیٹ سے پاخانہ کی راہ پر یہ سب چیزین نکلی ہین تو وہ مال اپنے سے مفارقت کریگا کہ محتاج ہوجائیگا یا محتاجگی سے مفارقت کریگا کہ مالدار ہوجائیگا اور جس شخص نے یہ خواب دیکھا کہ اوس سے ریح وہوا جسمین آواز ہی نکلی ہی یعنی اوس نے کیا گوز ہے تو تعبیر اوسکی یہ ہی کہ وہ شخص ایسے کلمات بولیگا جسکے سننے والے ہنسینگے اور جس شخص نے یہ خواب دیکھا کہ اوسکی مقعد سے خون نکلتا ہے اور اوس سے اوسکا بدن آلودہ ہوگیا تو اوس شخص کو مال دستیاب ہوگا بقدر کمی بیشی خون کے اور جس شخص نے خواب بصق یعنی تھوکنا دیکھا تو اوس سے وہ کلام سرزد ہوگا جسکی نقل دوسرے شخص سے کیجاویگی سعال سرفہ اگر کسی نے خواب دیکھا کہ وہ کھانستا ہی تو تعبیر اوسکی یہ ہی کہ وہ کسیکی شکایت کریگا اور جس نے یہ دیکھا کہ وہ عرق بسعال ہے یعنی سرفہ اوسکا بمبالغہ وبشدت ہی تو وہ شخص غضب مجنط کریگا اور اوس حالت مین ایسا کلام کریگا جسکا ارادہ نہین رکھتا

رویت حدث غائط

رویت حدث خون وغیرہ

۱ مثل کے بارہ بال [illegible] [illegible]

۲ یعنی پلیدی بہتی

۳ یعنی مثل سیلاب

۴ ہوتا ہو یا سیلاب کے ساتھ بہتا ہو

ریح یا صوت

رویت بصق

سعال

کہ وہ کلام کریگا **قی وودی** کہ از روی تعبیر کے توبہ ورجوع ہی معصیت سی اور ودی آب سفید غلیظ دبنجمد قریب بمنی ہی جو بعد بول کے نکلتا ہی خیانچہ جو کچھ کسی سی قے مین نکلا ہی اگر بو اوسکی اور مزہ اور رنگ اوسکا غیر کریہ ہی یعنی بد نہین ہی تو وہ حقتعالی کیطرف بہ نیت خالص وبمبالغہ تمام توبہ کریگا اور اپنے گناہون سی پھریگا اور باز آویگا اور اگر وہ قے کریہ وناگوار ہے تو وہ شخص اپنی ذات خاص پر ایسے امر کا موجد ہوگا جس سے وہ خود متاذی وگزند رسیدہ ہوگا **حجامت** خون نکلوانا یعنی پچھنے لینا خیانچہ اگر کسی شخص نی یہ خواب دیکھا کہ وہ پچھنے لیتا ہی تو از روے تعبیر کے اوسپر کوئی شرط لکھی جائیگی یعنی شناخت کے لیے اوسپر کوئی نشان ضرور کیا جائیگا اور کوئی امانت اوسکے گلی پڑیگی بشرطیکہ حجام یعنی پچھنا لگانیوالا شخص نامعلوم ہو اور اگر وہ حجام معروف ہے تو اس شخص کے مال سے کچھ تلف ہوگا اور اگر حجامت گردن مین ہوئی ہی تو امانت اوسکی ناقص یعنی اوس مین خیانت ہوگی **رعاف** نکسیر پھوٹنا معبر بہ صحت بدنی ہے کہ اوسکو پہونچیگی اور کبھی وہ موجب نقصان ہی مال مین اور جاہ وشرف مین یا نقصان راس المال ہی **فصادۃ** فصد ورگزنی کہ از روے تعبیر کے نکل جانا مال کا ہی اوس شخص کے ہاتھ سے طرف بادشاہ کے اگر کوئی شخص خواب مین دیکھے کہ وہ طشت مین خون لیتا ہی تو وہ شخص مریض ہوگا اور مال اپنا ایک عورت پر خرچ کریگا اور بعضون نی کہا کہ اپنی ذات خاص پر صرف کریگا **تلطخ بالدماء والارواث** یعنے خون آلودہ ہونا اور گوبر اور گوہ وغیرہ جو چیزین بدن سے نکلتی ہین - اس مین [illegible] اور دی

رویت قی و ودی - رویت حجامت - رویت رعاف - رویت فصد - رویت تلطخ بالدماء والارواث

تعبیر کے احوال غیر طیبہ ہین یہ حکایات اس باب مین لایق بیان ہین
حکایت کہتے ہین کہ ایک شخص پاس مولانا محمد بن سیرین رحمہ اللہ کے
آیا اور کہا کہ مینے خواب مین دیکھا ہے گویا مین اپنے سر کو منڈواتا ہون
یا یہ کہا کہ میرے سر کے بال کٹ گئے ہین تب اون شیخ نے یہ تعبیر دی کہ
یہ تیرا غلام تجھ سے مفارقت کریگا یعتق یعنی آزاد ہو کر تو اوسکو آزاد کریگا
یا یہ کہ مرجائیگا یا تو مر جاویگا چنانچہ پانچ روز سے زیادہ دن نہ گذرے تھے کہ خود
وہ شخص مر گیا جیسا کہ کہا تھا رحمۃ اللہ نے حکایت کہتے ہین کہ ایک شخص
نے بخدمت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ کے حاضر ہو کر خواب دیکھا ہوا
اپنا بیان کیا کہ عورت نے میرے سر کے بال اور داڑھی کے مونڈ دیے
ہین حضرت شیخ نے کہا یہ خواب بہت برا ہے کہ وہ عورت تو بمنزلہ مال
کے ہے اور راس یعنی سر مال شخص اور اسکا مرتبہ اور اوسکی زینت ہے اور وہ
چیزین ہین جو حقتعالے نے اوسپر انعام کیا ہے اور یہ سب چیزین تجھسے دور
ہو جاوینگی ولیکن اور سوائے اوسکے تیرے پاس آویگا کہ یہی سب جو تو نے
دیکھا ہے ہو جاویگا چنانچہ تھوڑے ہی دن گذرے تھے کہ سب کچھ اوس
شخص پر واقع ہوے جیسے تعبیر امام رضی اللہ عنہ نے دی تھی حکایت
حکایت ہے کہ ایک گروہ اہل بغداد سکے بیٹھے ہوئے باہم تذکرہ رویا کا
کرتے تھے ازانجملہ ایک شخص نے کہا کہ مین تم سے اپنا ایک عجیب بیان کرتا ہون
کہ مینے اپنے خواب مین دیکھا گویا حجام نے میرے شارب یعنی سبلت و
رایش کو مونڈ ڈالا ہے پھر جب مین بیدار ہوا تو حضرت امام جعفر صادق

فرمایا مجھسے کہ تو کسی امر زشت مین پڑیگا اور جو رتبہ و آبرو تیری درمیان مردم
حاصل ہی وہ جاتی رہیگی اور تو اوس سے رنج شدید اوٹھاویگا چنانچہ مین
یہ سنکر اونکے پاس سی اندوہگین پھرا اور اپنے گھر مین چار روز تک بیٹھا رہا
بعد ازان مین باہر نکلا اور دروازہ زندان تک پہونچا تو وہان مینی ایک اپنے
دوستدار کو دیکھا کہ وہ زندان سے باہر نکالا گیا اور اوسکے بدنسے کپڑے
اوتارے گئے تاکہ اوسکو ضرب شلاق کی سزا دیوین اس عرصہ مین جب اوسنے
مجکو دیکھا تو کہنے لگا اے فلان مینی کہا ہان حاضر ہون تب اوسنے کہا واللہ
کہ تو نی مجکو اس ضیق و تنگی مین ڈالا ہی اگر تو نہوتا تو مینی لیا ہے اور تیری تئین
دیا ہی اور تو اوسکو اوٹھا کر اپنے گھر لیگیا ہی اوسکو پھیر دی اور مالکان مال
کے حوالہ کر دی اور مجھے اس تنگی سے مخلصی دی یہ سنکے مینے اوس سی کہا اعوذ باللہ
من الشیطان الرجیم یعنی مین خدا کی ساتھ شیطان راندہ سی پناہ مانگتا ہون واللہ
تو نے کچھ بھی میرے سپرد نہین کیا ہی اور مین بری ہون اس تہمت سی جو تو میرے
حق مین کہتا ہی تب پھر اوس نے کہا تو مجھپر زیادتی نکر کہ مین نے تجکو ایسا گوہر
اور فلان فلان مال سپرد کیا ہی چنانچہ یہ سنکر پیادون نے اوسیوقت مجکو
گرفتار کر لیا اور مجھے اوسی کے ساتھ داخل زندان کیا اور جس جس
چیز کا اوس نی مجھ سے نام لیا تھا وہ لوگ مجھ سے طلب کرنے لگی بالآخر
مجھے حال اس مقدمہ سی خبر بھی نہوئی کہ ایکروز انھون نے مجھے زندان سی باہر
نکالا اور مجھپر تینون حدود جاری کین اور مین بعد اذین مشہور ہو گیا کہ مین نے
چوری کی شرکت کی تھی اور مین بدستور و برابر محبوس رہا یہان تک

۱۰

رویت خطبہ

کہ خلیفہ وقت کے یہان بیٹا پیدا ہوتا آنکہ خلیفہ نے قیدیونکو زمرا نسے رہا کرنے کا حکم کیا کہ منجملہ اونکے مین بھی رہا ہو گیا اور ایسا نہوتا مین تا مرگ محبوس رہتا پس ہنی کوئی تاویل صحیح تر اس تاویل سے نہین دیکھی حکایت لوگ حکایت کرتے ہین کہ ایک شخص پاس محمد بن سیرین رحمہ اللہ کے آیا اور کہنے لگا مینے اپنے خواب مین دیکھا ہی کہ گویا مینے ایک عورت سی خطبہ یعنی خواستگاری کی ہی اور مین نے اوسکے تئین دیکھا کہ وہ سیاہ فام کوتاہ قد ہی چنانچہ معبر رحمۃ اللہ نے کہا کہ تو جا اور اوس عورت سے نکاح کر لے کہ سیہ فامی اوسکی دلالت کرتی ہی اوسکے کثرت حشمت و مال پر اور اوسکی کوتاہی عمر پر یہ سنکے وہ شخص اوس عورت کے پاس گیا اور اوس سے نکاح کیا آخر وہ عورت اوسکے ساتھ چند روز ٹھہری تھی ناگہان مرگئی تو یہ شخص اوسکے مال خطیر کا وارث ہوا پس یہ ویسا ہی ہوا جیسا معبر رحمہ اللہ نے کہا تھا حکایت حکایت کرتے ہین کہ ایک شخص محمد بن سیرین رحمہ اللہ کے پاس آیا اور اوس نے اپنا یہ خواب بیان کیا کہ مین نے دیکھا ہے گویا کہ میرے فرزند نے مجھے ایک جبل اسود یعنی کوہ سیاہ مین پناہ دی ہے یہ سنکے معبر رحمۃ اللہ نے یہ تعبیر دی کہ یہ پسر تیرا مبارک ہے کہ تجھپر جو قرضہ ہے وہ عنقریب تیری جانب سے ادا کریگا اور سب وغیرہ یعنی دشنام و سرزنش مردم سی تجکو باز رکھیگا اور تیرے لیے صرف مال کرنے کو دوست رکھیگا اور تیری مروت کو قایم کریگا اس لیے کہ ہر سیاہی از روے تعبیر کے بلندی و برتری ہی تب اس شخص نے کہا اے میرے سید آپ سچ کہتے ہین۔

رویت کوہ سیاہ

باب دہم برویت تزویج نکاح و فروج زنان و حمل و ولادت و رضاعت و مثل اسکے

ذکر تزویج وغیرہ

تزویج یعنی دیکھنا خواب مین نکاح کا از روی تاویل کے فخر و حصول مرام و شرف و سلطنت و غلبہ دیتا ہے علی قدر علاقہ اوس عورت کے جس سے خواب مین نکاح کیا ہی یا جسقدر کہ اوس عورتکو اس شخص کیطرف سے نسبت و مناسبت ہی اور اگر کسی شخص نے کسی زن مردہ سے نکاح کیا تو از روی تعبیر کی یہ شخص ظفر یاب ہوگا کسی امر فانیہ پر جس سے مایوس تھا یعنی امر فوت شدہ و از دست رفتہ پر قادر ہوگا اور اگر کسی نے خواب مین اپنے سے نکلنا منی کا بغیر مباشرت کسی عورت کے دیکھا اور اوس عورت کو نہین دیکھا تو یہ شخص از روی تعبیر باعث قتل انسان ہوگا اور اگر کسی شخص نے خواب مین کسی انسان پر سلام کیا تو اوسکا نکاح ہوگا چنانچہ وہ شخص سلام جسکو کیا ہے اگر معروف و مشہور ہوگا اپنی ذات خاص سے خواہ نسبت اپنی اولاد کے خواہ کسی غیر کے سبب سے اور اوس شخص نے جواب سلام بھی دیا تو وہ اوسکی نکاح یا خطبہ کو گویا قبول کیا اور اگر اوسکا جواب سلام نہین دیا تو قبول نہین کیا اور کبھی اس خواب کی یہ بھی تعبیر ہے کہ وہ مرد بادی یعنی جس نے سلام کیا ہے زوجہ دیگر سے نکاح کریگا اور اگر وہ شخص جسپر سلام کیا ہی غیر معروف و نامعلوم ہی تو صاحب خواب بنا بر تعبیر کے کسی سر زمین غربت مین نکاح کریگا اگر کسی نے یہ خواب دیکھا کہ اوسکی زوجہ نے کسی غیر مرد

رویت نکاح با زن میتہ

رویت خروج منی بلا مباشرت

سلام کرنا کسی پر

رویت نکاح زن با مرد

فیہ ۱۲

ماہ ذوقعدہ و ذی الحجہ و محرم و رجب

روئیت نکاح بازنان ذوات محرم

روئیت نکاح با مرد

روئیت ذکر زن

سی نکاح کیا ہی تو تعبیر اوسکی یہ ہی کہ اوس عورت کے اہلبیت اقربا کو خیر و تونگری بہم پہونچیگی اور اگر کسی نے یہ خواب دیکھا کہ اوسنے اپنی مادر یا خواہر یا کسی اور زن ذی قرابت سی نکاح کیا ہی اور یہ روئیت ماہہای حرام مین واقع ہوئی ہی تو بنا بر تعبیر کے یہ شخص زمین حرم پر چلیگا یعنی مشرف بزیارت خانہ کعبہ ہوگا اور اگر وہ نکاح ماہہای حرام مین نہین ہی تو یہ شخص صلہ رحم کریگا اور اپنے اقارب سی نیکی کریگا اور بعد قطع کے اونسے ملیگا اور اگر کسی نے یہ خواب دیکھا کہ وہ کسی مرد سے نکاح کرتا ہی اور وہ جس سے نکاح کیا ہی مجہول و نامعلوم ہی اور وہ جوان بھی ہی تو بنا بر تعبیر کے صاحب خواب اپنے دشمن پر ظفریاب ہوگا اور اگر وہ مرد جس سے وہ نکاح کرنا دیکھا ہی معروف و معلوم ہی اور درمیان اون دونون کے کچھ دشمنی بھی نہین ہی تو وہ مفعول اپنے فاعل سے یا فاعل کے ہمنام سے یا اوسکے نظیر و مثل سے خیر کو پہونچیگا و نیز اگر وہ مفعول مجہول و نامعلوم ہی تو طلب دنیا فاعل کی محکم و استوار ہوگی اور جو کچھ دنیا مین اوسکا حصہ و نصیبہ ہی اوسکے لیے مجتمع اور مہیا ہوگا اور اگر کسی نے یہ خواب دیکھا کہ کسی عورت کے ذکر ہے یعنی کوئی عورت قضیب رکھتی ہے چنانچہ اگر وہ عورت حاملہ ہی تو تعبیر یہ ہی کہ اوسکو حمل پسر کا ہی اور اوس شخص کے نہتا کی خوبیان ہونگی اور وہ سردار اپنے اہل خاندان کا ہوگا اور اسیطرح جب اوس عورت کا پسر پیدا ہوگا تو وہ بھی صاحب مبلغ اور سردار قوم ہوگا اور اگر وہ عورت جسکا عضو تناسل نظر آیا ہی حاملہ نہتی تو اوس صورت مین تعبیر یہ ہوگی کہ بعد ازین یہ عورت کبھی پسر جنیگی بھی تو وہ قبل بلوغ کے مرجائیگا اور یہی تعبیر اوس عورت کے حق مین ہوگی جسنے

خواب مین دیکھا کہ اوسکے چہرے پر ریش مثل مردون کی ہی اور کبھی تعبیر اوس خواب کی متصرف بسوی انتظام و انصرام خانہ ہوگی یا آنکہ ذکر خیر اوسکا مشتہر ہوکر درمیان خلایق مشہور ہوگا اور اوس سے اوسکو شرافت و عظمت حاصل ہوگی اور اگر کسی مرد نے خواب مین دیکھا کہ اوسکے فرج زن ہی یا دیکھا کہ اوسمین جماع کیا جاتا ہے اسصورت مین اگر وہ فاعل معروف و معلوم ہی تو یہ مرد فاعل اوس مرد مفعول سے اپنی حاجت روائی کریگا مگر بعد اوسکے ذلیل کرنے کے یعنی اوسکو ذلیل کر کے اپنا کام نکالیگا اور اگر وہ فاعل مجہول و نامعلوم ہی تو یہ شخص خود ذلیل و خوار ہوگا اور اگر کسینے خواب مین دیکھا کہ اوسکی مقعد مین کوئی مباشرت و دخول کرتا ہے تو یہ شخص مالک مال میراث ہوگا بشرطیکہ فاعل معروف و معلوم ہوا اور اگر فاعل مجہول و نامعلوم ہی تو مفعول کی عمر دراز ہوگی اور اگر اوسکی مقعد مین کسی جانور نے انواع بہایم و دواب مین سے دخول کیا ہی تو یہ شخص اوس جانور کے مالک سے مال حاصل کریگا اور اگر کسی نے خواب مین اپنا قضیب مثل جانور دیکھا تو بنا بر تعبیر کے یہ شخص کثیر النسل ہوگا اور اگر کسی نے خواب مین دیکھا کہ وہ کسی بہیمہ معروف سے مباشرت کرتا ہی تو اوسکی تعبیر کے اوس شخص کو ذلت و خواری پہونچیگی اور ایک تعبیر اوسکی یہ ہی کہ یہ شخص خیر اپنا غیر مستحق کو پہونچایگا اور کبھی یہ تعبیر ہوگی کہ وصلت اور خیر رسانی اس شخص کی طرف مالک بہیمہ کے ہوگی اور اوسپر اوسکو کچھ اجر نہوگا اور اگر وہ بہیمہ نامعلوم ہے تو یہ شخص اپنے دشمن پر ظفر یاب ہوگا اور اوسکو ذلیل اور اوسکی اہانت کریگا اور یہی تعبیر اوس شخص کیلئے

بقیہ اگر وہ عالم ہی تو اوسکو اور اوسکی ولد کو حجت و افر بضلت فہم حاصل ہوگی اور اگر عالم بمین ہی تو آمین کبھی بہم نہ ہی اگر ہی بھی تو وہ زندہ نہ رہیگا

لواطت جانور با انسان

رویت زن شدن مرد

مباشرت با بہائم

مباشرت و لطیعرات

رویت زینت زن

رویت مسخ زن

رویت لواطہ

ہے جیسے خواب مین کسی طایر یا کسی وحشی سے مباشرت کی ہے اور اگر کسی شخص

رویت حیض زنان

نے یہ خواب دیکھا کہ اوسکی زوجہ حیض سے ہے تو کوئی عورت اوس شخص پر
فریفتہ ہوگی یا اوس سے حاملہ ہوگی اور اگر کسی نے یہ خواب دیکھا کہ وہ خود حائض
ہے تو یہ بنا بر تعبیر کے مرتکب امر حرام کا ہوگا اور اگر کسی نے خواب مین اپنے

رویت جنب شدن

تئین جنب دیکھا تو از روی تعبیر کے امر اوسکا اوسپر مختلط ومشتبہ ہوجاویگا اور
جو خواب ایسا ہے کہ اوس مین انزال منی موجب غسل واجب کا ہوتا ہے تو اوسکی
کوئی تعبیر نہین ہے اسلیے کہ وہ احتلام ہے شیطان رجیم کیطرف سے **حکایت**

حکایت

کوئی شخص پاس محمد بن سیرین رحمہ اللہ کے آیا اور بیان کیا کہ مین نے ایسا
خواب دیکھا ہے جس سے مین مغموم ہون اور مین شرم کرتا ہون کہ اوسکو آپکے
سامنے بیان کرون امام موصوف نے کہا تو اپنے خواب کو ایک کاغذ مین لکھ
بھی اوسکا جواب اوس مین لکھدونگا تب اوس شخص نے ایک ورق مین یہ لکھا
کہ یا سیدی مین تین مہینے اپنے گھر سے غائب یعنی باہر تھا پھر مین نے خواب مین
اوس شہر کے اندر جسمین مین تھا یہ دیکھا کہ مین وہان سے سوار اور روانہ ہوکر اپنے
مکان مین آیا پھر مینے اپنی زوجہ کو دیکھا کہ اوسکی فرج پر دو مینڈھے سینگون سے
لڑتے ہین اور اون دونون مین سے ایک نے دوسرے کو زخمی وخون فشان
کردیا چنانچہ جب سے مین نے خواب دیکھا ہے اسوجہ سے مینے اوس سے مفارقت
کی ہے وحال آنکہ مین اوسکو بہت چاہتا ہون بعد ازان یہ بیان لکھکر وہ ورق
پیش کیا اور امام رحمہ اللہ نے اوسکو پڑھکر سر اپنا اوٹھا لیا اور کہا زنہار اپنی
زوجہ سے مفارقت نہ کر کہ وہ زن پارسا پاکدامن بی بی پاکیزہ ہے اور حال یہ ہے

کہ جب اوسنے تیری آمد کی خبر سنی اور تیری آمد آمد کی جلدی ہوئی اور تو اپنے گھر کے
قریب آپہونچا تو اوسنے ارادہ کیا کہ موی نہانی اپنے اندام نہفتہ کو موچنے سے صاف
کرے مگر وہ اس جلدی مین دستیاب نہوا اور حیلہ و چارہ کار نے اوسکو عاجز کر دیا
اور بار اہے نتف بغیر آلہ مو کنی کے نرکھتی تھی اور اندیشہ تیری جلد پہونچنے کا لگا
تھا تو تدبیر دفع بالونکی ساتھہ مقراض کے کی اور زخم مقراض کا رستگاہ موی پر
لگ گیا کہ نشان اوسکا ظاہر ہے اگر تو ارادہ دریافت اس بیان کا رکھتا ہو تو
اسیوقت اپنی زوجہ پاس جا اور دیکھہ کہ جو کچھہ مینے تجھسے بیان کیا ہے اوسکو
صحیح پاویگا یہ سنکے وہ مرد اوسیوقت اپنی زوجہ پاس گیا اور اس سے قریب ہوا
اور ارادہ مقاربت کا کیا مگر اوس عورت نے اوسکی مباشرت سے گریز کیا اور کہنے لگی
بخدا کہ مین تجکو اپنے سے دسترس ندونگی جب تک تو مجھسے بیان نہ کرے کہ کسوجہ سے
تو نے سات مہینے سے میری مفارقت کی ہے یہ سنکے اوس مرد نے حال اپنے
خواب کا بیان کر کے کیفیت تعبیر امام رحمہ اللہ کی ظاہر کی اوس عورت نے
کہا بخدا کہ امام نے سچ کہا بعد ازان اوس عورت نے اپنے شوہر کا ہاتھہ پکڑ کر
اپنی شرمگاہ پر رکھا تو اوس نے بیہ جمتا ہوا اوس جای زخم پر پایا جہان
کا تبانگ نے بتایا تھا اور اسی نے اوسکو خبر دی تھی اوسوقت اوس شخص نے
حق سبحانہ کی حمد و ثنا کی حبل یا زتسکم یعنی حمل کہ جسنے اوسکو خواب مین دیکھا تو بنابر
تعبیر کے اوسکی دنیا اور اوسکے مال مین فزونی ہوگی اور کبھی حبل سے تعبیر
بخوف ہے منجانب انسان جسطرح یہ شل کہی ہے۔ یعنی زمین کے پیٹ مین
خوف فلان کا سماگیا ہے ولادۃ یعنے جنا اور بچہ پیدا ہونا خواب مین

رویت ولادت ۔ رویت حمل

رویت خرید کنیز یا غلام

جس شخص نے خواب مین دیکھا کہ اوسکے یہان دختر پیدا ہوئی ہی تو بنابر تعبیر کے اوسکو بہتری پہونچیگی اور خوشی جلد حاصل ہوگی اور اگر خواب مین وہ بچہ نرینہ پیدا ہوا ہی تو صاحب رویا کو ہم وغم والم پہونچیگا اور یہی حال ہی جب کہ کسی نے خواب دیکھا کہ وہ خرید کنیز کرتا ہی تو اوس شخص کو خیر وکشائش پہونچیگی اور اگر اوس نے خواب مین خریدنا غلام کا دیکھا ہی تو تعبیر رنج والم ہی اور اوسیطرح اگر کسینے خواب مین دیکھا کہ اوسکی

رویت ولادت پسر یا دختر

زوجہ نے پسر جنا یا اوسنے دختر جنی تو تعبیر وہی ہی جو ہمنے ابھی تاویل کی ہی اور بعضون نے یہ تاویل دی ہی کہ اوسنے اپنی زوجہ کو دیکھا کہ وہ پسر جنی ہی تو دختر جنے گی اگر دختر جنی ہی تو پسر جنے گی اور یہ تعبیر اوسوقت تک ہی کہ زوجہ حاملہ بھی ہو اور اگر کسینے یہ

رویت ارضاع

خواب دیکھا کہ وہ بچہ شیر خوار کو شیر دیتا ہی یا خود بطور شیر خوار دن کے دودھ پیتا ہے تو یہ شخص محبوس زندان ہوگا اور اوسپر دروازہ بند کیا جایگا واللہ اعلم ۔

وارتضاع

باب یازدہم بروئیت موت و موتی و خبر دنیا انکا صاحب رویا کو

رویت موت و موتی

موت دیکھنا موت کا خواب مین تعبیر ہے فاسد ہونے کی دین سے اور برتر ہونے شرف سے بیچ دنیا کے بشرطیکہ اوس موت کیساتھ بکا وگریہ وزاری بھی ہو اور اوسکا سر برجنازہ بھی دوش مردم پر ہو اور جب تک زیر زمین دفن نہ کیا ہو تو ان سب صورتون مین چاہیے کہ صاحب خواب امید اصلاح اپنے دین کی نہ رکھے بلکہ اوسپر شیطان اور دنیا دونون کا غلبہ ہوگا اور اتباع اوسکے سبب تابع اوسکے غلبے کے ہونگے بقدر اون لوگون کے جنہون نے اوسکے جنازہ کی مشایعت کی ہوگی اور وہ ہر حال

مین لوگون پر قہر و زجر کریگا اور لوگونکی گردنون پر سوار ہوگا یعنی اونپر مسلط ہوگا
وہرگاہ کسی نے یہ خواب دیکھا کہ وہ مرگیا ہی مگر نہ تو وہان صورت دفن ہی اور
نہ صورت اموات سے لوازم بکا و گریہ اور غسل و کفن یا اوٹھانے سریر جنازہ
سے تو تعبیر اوسکی یہ ہوگی کہ اوسکے مکان سے کچھ منہدم ہوجاویگا یہ اوسکی
دیوار گرجاویگی یا مکان کی کوئی چوب ٹوٹ جاویگی اور بعضون نے کہا ہی بلکہ
سستی ہی اوسکے دین مین اور کوری ہی اوسکے بصارت مین اور اگر کسینے
یہ دیکھا کہ وہ بلا مرگ اپنی قبر مین دفن ہوگیا تو یہ شخص محبوس زندان ہوگا یا اپنی
امور مین تنگی عظیم کو پہونچیگا اور جس شخص نے یہ دیکھا کہ وہ اپنی قبر کھودتا ہی
تو تعبیر اوسکی یہ ہے کہ یہ شخص اس محلے یا اوس بلد مین اپنا ایک مکان بناویگا
اور اگر کسی شخص نے اپنے خواب مین کسی میت کو دیکھا اور اوس سے کسی بات کا
سوال کیا اور اس میت نے اوس حال سے اوسکو خبر دی تو حال اس شخص کا بلا
کم و زیاد ویسا ہی ہوگا جیسا وہ میت حال اپنا بیان کرے چنانچہ اگر اوسنے
اپنے بہتر حال سے خبر دی تو دلیل ہی اوپر حسن حال صاحب خواب کے اور
اوسکے اصلاح آخرت پر اور جو کچھ میت خبر دیوے اپنے حال یا غیر کے حالات
سے تو وہ حق ہے اس لیے کہ وہ دار الحق مین ہی اور دار الباطل سے
نکلگیا ہی اور باطل سے بری ہی تو جو کچھ وہ بیان کریگا دروغ نہوگا اور اسی طرح
جب کہ کوئی شخص میت کو حسن ہیئت مین دیکھے یا وہ لباس سفید یا سبز پہنے
ہی اور وہ خندان اور شادان ہی تو یہ بھی دلیل ہی صاحب خواب کے اصلاح
حال پر آخرت مین اور اگر کسی میت کو دیکھا اسطرح کہ وہ سر برہنہ

رویت مرگ خود
رویت دفن خود
رویت حفر قبر خود
رویت سوال و جواب از احوال میت
رویت میت بلباس سبز و سفید

رویت میت بحال مریض و موت ثانی × رویت نبش قبر ×

وہوی پریشان و خاک بسر ہی یا اوسپر جامہ کہنہ و زردہ ہی اور یہ حال غضبناک تبلای
غضب کا ہے تو یہ دلیل ہی اور یہ حال بد صاحب خواب کے آخرت مین اور
اسی طرح جب کہ میت کو مریض دیکھے تو یہ دلیل ہی کہ وہ میت اپنے گناہون مین
مبتلا ہی اور کسی نے میت کو دیکھا کہ وہ دوبارہ مرا ہے اور اوسپر لوگ گریہ کرتے
ہین بدون شور و شیون کے تو تعبیر اوسکی یہ ہوگی کہ صاحب خواب بھی عقب
اوسکے اہل و اقارب سے کسیکی شادی کدخدائی ہوگی کہ اس سے اوسکی خوشی و
خرمی ہوگی اور اگر اوس میت پر شور و شیون بھی ہی تو صاحب خواب بھی
عقب اوس میت کے مرجاویگا یا کوئی اوسکے اہل و اقربا سے مرجاویگا اور
اگر کسی نے یہ خواب دیکھا کہ وہ کسی میت کی نبش قبر کرتا ہے یعنی اوسکی قبر سے
اوسکا کفن کھینچتا ہی تو صاحب خواب اوس میت کے دین کی پیروی کریگا اور
اوسکی روش دنیوی اختیار کریگا بشرطیکہ وہ میت شخص معروف و معلوم ہو اور
اگر وہ مجہول و نامعلوم ہی تو اوس صورت مین تعبیر یہ ہوگی کہ صاحب خواب
کسی ایسے امر کی کوشش کریگا کہ اوسکو حاصل نہ کرسکیگا حکایت ابو حنیفہ

حکایت ابو حنیفہ رحمہ اللہ

رحمہ اللہ سے روایت ہی اونھون نے اپنے خواب مین دیکھا کہ وہ قبر رسول خدا صلی اللہ
علیہ وسلم پر آئی اور اونکی نباشی کرنے لگے چنانچہ اونھون نے اپنے اوستاد سے
بیان کیا اور وہ اوس زمانے مین طفل مکتب تھے اونکے اوستاد نے
جواب دیا کہ اگر تیرا خواب درست ہی تو اے فرزند تو ہر آئینہ قدم بقدم
پیروی دین رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی کریگا اور نباشی اونکی شریعت
کی کریگا یعنی اخذ شرایع نبوی ہوگا چنانچہ ایسا ہی ہوا جیسا اوستاد رحمہ اللہ

نے کہا تھا کہ بہت کچھ کرامات ابو حنیفہ رح ظاہر ہوئی واخذ از میت مستحب ہی یعنی
خواب مین میت سے کچھ لینا و پانا بہتر ہی و عطیہ اوسکے لیے مکروہ ہے یعنی
خواب مین اوسکو دینا بد ہی چنانچہ اگر کسی نے یہ خواب دیکھا کہ کسی میت نے
اوسکو کوئی چیز مال واسباب دنیا سے دی ہی تو تعبیر اوسکی یہ ہی کہ اوس شخص کو
بہتری و روزی ایسی جا سے پہونچیگی جہان سے اوسکو امید نہ تھی اور اگر
زندہ نے کوئی شے زندون کے لباس سے یا پوشاک اپنی کسی میت کو دی
ہے اور اوس میت نے اوسکو لیکر پہن لیا ہی تو یہ شخص زندہ مر جاویگا اور
اس میت سے جا ملے گا اور اگر کسی شخص نے یہ خواب دیکھا کہ وہ کسی میت کو
اوٹھائے ہوے ہے مگر بغیر طریقہ جنازہ کے تو تعبیر اوسکی یہ ہی کہ یہ شخص حامل
مال حرام کا ہوگا اور بعضون نے اسکی تعبیر یہ دی ہی کہ یہ شخص حامل مونث و
تکافل امر کسی مرد بیدین کا ہوگا اور اگر بطریق جنازہ اوٹھایا ہے تو یہ شخص مریدی
امور سلطان کی کریگا اور اوسکے خدمات مین سے کسی خدمت کا کار پرداز ہوگا
اور کسی شخص نے یہ خواب دیکھا کہ کسی میت سے معانقہ کیا ہی یعنی اوسکو
گلے سے لگایا ہے مخالطت کی ہی یعنی اوسکے بدن سے بدن ملایا ہے یا
اوسکو قتل کیا ہی تو تعبیر ان وجہون کی طول حیات و عمر و دراز صاحب خواب
کی ہی اور اگر کسینے یہ خواب دیکھا کہ زندہ میت کے ساتھ ہے اور اوسکے
ہمراہ کسی مکان نامعلوم مین داخل ہوا ہے تو یہ شخص مریگا اور اوس
میت کے ساتھ لاحق ہوگا اور اگر کسی نے خواب مین کسی مریض کو دیکھا یا
کسی میت کو دیکھا کہ وہ اوسکے مکان مین داخل ہوا ہی تو تعبیر اوسکی یہ ہی کہ مرض اوس

ف یعنی صاحب خواب یا کسی اور شخص زندہ نے میت کو دیا ہی
عه یعنی صاحب خواب
عه یعنی مکان مین اوس
عه یعنی کسی صاحب خواب
یعنی زندہ یعنی صاحب خواب

رویت اخذ از میت خواہ عطا بمیت
رویت حمل میت
رویت معانقہ با میت
رویت معیت میت
رویت مریض

طول ہوگا یا مرجاویگا اگر کسینے خواب مین کسی میت کو دیکھا اس طرح کہ وہ اپنے
بعض اعضا سے بیمار ہے یعنی بعض اعضا اوسکے آزار رسیدہ ہین تو وہ اپنی قبر
مین سوال کیا جائیگا لوگونکی بابت جو اوس عضو پر درد سے نسبت رکھتے ہین (بازو
سے برادر انگشتانسے اولاد او رشل اوسکے) اگر کسی نے خواب مین کسی میت کو دیکھا
کہ وہ اس شخص سے گردہ نان یعنی روٹی یا خاتم یعنی انگشتری اوسکے ہاتھ سے لیتا ہی
تو تعبیر اوسکی یہ ہی کہ اگر یہ شخص صاحب ولد ہی تو ولد اوسکا مرجاویگا یا اگر صاحب مال ہی تو
مال اوسکا ضایع ہوگا واللہ اعلم

باب دوازدہم برویت کسوہ و لباس و بسط و بساط وغیرہ قسم ملابس

کسوہ از روی تاویل کہ مختلف ہی بنابر انی ماہیت و جنسیت و قماش کے
چنانچہ جو کسوہ قسم حریر و ریشم و دیباج سے ہو تعبیر اوسکی سلطنت یعنی غلبہ ہی کہ
اوسکو پہونچیگا اور مال حرام ہی کہ وہ حاصل کریگا صوف یعنی پشم کوچک گوسفند
چنانچہ جس شخص نے یہ دیکھا کہ وہ لباس صوف پہنے ہی تو اوسکو مال دنیا بہ کثرت
پہونچیگا شعر یعنی موی دراز دبر وبر یعنی موی کوچک و قطن یعنی پنبہ یہ سب
صوف سے کمتر ہین اور کتان یعنی پارچہ پوست درخت کمتر ہی قطن سے و برد
جمع بردہ یعنی گلیم ازروی تعبیر کے جمع دین و دنیا ہی قمیض یعنی پیراہن ازروی
تعبیر کے حال مردم ہی اور دین و دنیا اوسکی علی قدر اوس قمیض کے ہی کہ ہوگا
حال اوسکا جیسا مذکور ہوا اور جس شخص نے خواب مین ثوب خلق یعنی جامہ کہنہ دیکھا
اور اوس خواب مین کوئی ایسی بات ہو جو شر پر دلالت کرتی ہو تو اس

لہ لباس رفیعی ۱۲ لباس ردیی یعنی لقشر یعنی نوبدار
لہ رویان اونٹ کا
لہ کتان اکبر اجبال کا
لہ یعنی باعتبار ذراعی
لہ وکوتاہی کرے ۱۲
لہ یعنی باعتبار خبیث و قماش وصوف و وطن وغیرہ
لہ قوت استعمال کی سبب سے ۱۲

اخذ میت کردہ نان یا خاتم و بساط وغیرہ
رویت کسوہ + رویت صوف + شعر و وبر و قطن و کتان + رویت قمیص + رویت کسوہ لباس

حالت مین یہ خواب دلالت کرتا ہے صاحب خواب کی موت شتاب پر وسخ
فی الثواب یعنی دیکھنا جامہ ریمناک کا بد ہے واسطے صاحب لباس ریم آلودہ
کے اوسکے دین و دنیا مین اور وسخ یعنی ریم آلودہ ہونا حریر مین اوپر بالون
اور بدن مین ہم و غم اور الم ہے اور سفیدی و پاکیزگی لباس کی دلیل
اوپر حسن حال صاحب اوس لباس کے ہے اور پہنا یعنی پہنے ہوے دیکھنا
اوس لباس کا جو گندہ و چرک آلودہ اور دریدہ و کہنہ ہو تو یہ فقرہ و محتاجگی ہے
واسطے صاحب اوس لباس کے جو اوسکو پہنے ہے مرقع یعنی جامہ پارہ
پارہ ہم دوختہ یعنی پیوند لگا ہوا دلیل ہے اشد فقر و محتاجگی پر اور جس شخص نے
اپنے تئین جامہ سفید مطرز سوزنگار پہنے ہوئے دیکھا تو اوسکے لیے امور دنیا و
آخرت دونون مجتمع ہونگے اور بعضون نے اوسکی یہ تعبیر دی ہے کہ یہ رفق
و مہر سلطان اور ذکر جمیل ہے عمامہ معبر لولایت و حکومت ہے بقدر ضخامت
عمامہ گرد اوسکے سر کے چنانچہ اگر وہ عمامہ ریشمی یا پشمی ہے پشم شتر سے تو یہ
اوسکی ایسی ولایت و ریاست ہے جو اوسکے دین و دنیا کو اوسکے حق مین فاسد
کریگی اور جسقدر مال و منال اوسکو اس ولایت سے حاصل ہوگا وہ سب اوسپر حرام
ہوگا اگر وہ عمامہ قطن یعنی سوتی یا پشمی ہے یا پشم گوسفند سے تو یہ ولایت
و حکومت صالح ہوگی اوسکے دین اور اوسکی دنیا مین اور رنگین ہونا عمامہ کا بنا بر
تاویل کے مثل رنگہای جامہ ہے جیسا ہمنے ابھی اوسکو بیان کیا ہے اور عنقریب اوسکی
محل پر توضیح بیان کرینگے انشاء اللہ تعالی قلنسوہ یعنی کلاہ کلان یہ بنا بر تعبیر کے
رئیس صاحب مال ہے مادہ برادر لپسر یا سید و آقا ہے یا تعبیر ہے اوسکے ملک سے چنانچہ

جس شخص نے اپنی کلاہ مین کچھ خوبی یا زبونی دیکھی تو بقدر اوسکے حال اوسکے رئیس کا
ہوگا کہ اگر اوسمین اوسنے دریدگی یا چرک آلودگی یا خشکی و تنگا قنگی دیکھی ہی تو یہ
بدحالی اوسکے رئیس کی ہی کہ باعث ہم و غم و الم کا ہوگا قبا معبر بہ فرح
و سرور ہی حق مین اوس شخص کے جسنے خواب مین اپنے تیئین پہنے دیکھا ہی جبہ مبطنہ یعنی
عیار استر دار عبارت ہی زنان مردم سے اور اسیطرح ملحفہ یعنی چادر و سراویل
یعنی لنگی یا پایجامہ و فراش یعنی بستر و نعل جوتہ چنانچہ جس شخص نے اون مین سے
کسی چیز کو دیکھا کہ وہ جلگیا یا اوس سے چھین لیا گیا یا اوسپر زبردستی کی گئی
تو تعبیر اوسکی یہ ہی کہ یہ شخص اپنی زوجہ سے مفارقت کریگا از روے طلاق یا موت
کے اور اگر کسینے خواب یہ دیکھا کہ اوسمین سے کوئی چیز منع کردہ شدہ و بازداشتہ
ہوئی ہی یا چوری گئی ہی تو یہ شخص اپنی زوجہ کے طلاق پر آمادہ ہوگا مگر یہ ارادہ
پورا نہوگا اور کبھی تعبیر فراش یعنی بستر سے جاریہ و کنیز ہی اور اسیطرح سراویل
یعنی ازار بھی چنانچہ جب کوئی خلل ان دونون چیزون مین ہوگا تو وہ بہ نسبت
جاریہ کے ہوگا نعل مشہور ہی چنانچہ جسنے خواب مین دیکھا کہ اوسکا جوتہ پھٹ
گیا یعنی ٹوٹ گیا ہی اور کچھ اوسمین باقی نہین رہا ہی تو تعبیر اوسکی یہ ہی کہ زوجہ
اوسکی مرجائیگی اور کبھی احد النعلین یعنی ایک دو جوتون مین سے عبارت ہی
برادر یا شریک سے چنانچہ اگر کسی نے خواب مین دیکھا کہ احد النعلین
یعنی جفت جوتون مین سے پھٹ گیا ہے یا چھن گیا ہے اور دوسرے
طاق جوتے سے چلتا ہی تو از روی تاویل کے اوسکے لیے فراق ہوگیا
شریک سے یا برادر یا خواہر سے جراب یعنی پائتابہ موزہ و پوستین آس سے تعبیر نگہبانی

رویت قبا
رویت جبہ ملحفہ
مبطنہ و سراویل
و فراش و نعل
رویت نعل
رویت جراب

ونگہداری مال ہی چنانچہ اگر جراب صحیح وسلم اور خوشبودار ہی تو یہ شخص متولی مال زکوۃ ہوگا اور مال اس شخص کا آفات سی باقی ومحفوظ رہیگا اور یہ شخص اون آفات سے پاک ومصئون رہیگا اور احوال اسکا نیک ہوگا اور اگر یہ جراب دریدہ ہی یا اوس مین سی خراب شدہ ہی تو صاحب خواب اتباء زکوۃ وصدقات سی ممنوع ومحروم ہوگا اور اپنے مال سی نہ وہ صدقہ نکالے گا نہ زکوۃ دیگا نعوذ باللہ من ذلک خف یعنی موزہ کہ تعبیر اوس سی نگہداری معیشت وکسب ہی واسطے صاحب خواب کے چنانچہ اگر موزہ درست ہی تو معاش اوس شخص کی فراخ اور جاری ہی اور کبھی خیر خف نغم والم بھی ہی اور اگر شخص نے خواب مین اپنے تئین پھٹے کپڑے پہنے ہوے دیکھا اور اوس حالت مین خطبہ کرتا ہی یعنی خواستگاری زن کرتا ہی یا نکاح کرتا ہی تو یہ شخص ایتام دوستی اپنے کا ہونکی کریگا اپنے حال وکسب اور اپنی معیشت مین اس لیے کہ ثوب یعنی لباس تغیر ہے حال مردم سی جیسا کہ ہمنے ابھی بیان کیا ہی پس اگر یہ شخص گنہگار ہی تو چاہیے کہ درستی کرے اپنی پریشانی معیشت کو ساتھ توبہ وعمل خیر کے اور جس شخص نے یہ خواب دیکھا کہ وہ خطبہ یعنی خواستگاری زنان یا نکاح کرتا ہی بیچ جامہ اپنی زوجہ کے یا کسی غیر کے یا بیچ مقنعہ یعنی چادر باریک اپنی زوجہ کی یا اوسکی لباس مین پیوند لگاتا ہی تو یہ شخص اپنی زوجہ کیجانب اور لوگون کی ساتھ مخاصمہ کریگا اور جو امر اوسکی اہل واقارب کیلئے ظہور مین آویگا اوسکو وہ اپنی زوجہ پر مقرر کریگا خمار یعنی چادر زنانہ یک عرض اور اوسکی ازار اور مفید اوسکا تعبیر ہی اوسکی شوہر سی چنانچہ جو خلل اون چیزون کی نسبت وہ خواب مین دیکھی گی وہ حق مین اوسکی شوہر کی ہوگی

رویت جراب

رویت خف + رویت جامہ وغیرہ

مقنعہ یعنی [illegible]

خطبہ و مقنعہ زن

خمار و سراویل

مغزل

اور جو کچھ تر بانی اور قباحت و خوبی اور سفیدی نسبت ادن چیزونکی ہوگی وہی حال اوسکی شوہر کا ہی اور یہ سب اوسکے حسب حال ہوگا مغزل یعنی دوک تکلہ چرخہ ازارو سبے تعبیر یہ مرد کے لیے سفر ہے چنانچہ جس شخص نے خواب مین دیکھا کہ وہ صوف یعنی پشم گوسفند یا بال یا دبر یعنی پشم شتر بٹتا ہی یعنی کاتتا ہی اور وہ اوس قماش سی ہی جسکو مرد کاتتے ہین تو بنا بر تعبیر کے یہ شخص سفر کریگا اور اوس سفر مین مال حلال روز افزون حاصل کریگا اور خیر کثیر کو پہونچیگا اور اگر وہ اوس قسم سی ہی جسکو پیشتر عورتین کاتتی ہین مثل پنبہ و کتان یعنی ریشہ درخت کے تو یہ شخص مسافرت کریگا اور مال بھی حاصل کریگا مگر یہ مال نزدیک مردم ناخوب ہوگا اور اگر اوسی خواب کو کسی عورت نے دیکھا تو بنا بر تعبیر کے اگر کوئی اوسکا غائب ہی وہ پھر آویگا اور اگر اوس عورت نے مغزل یعنی تکلہ چرخہ کو پایا ہی تو اگر وہ حاملہ ہی لڑکی جنے گی یا اوسکی بہن پیدا ہوگی اور اگر مغزل اوسمین سوت کی پیچک بھی ہی تو اوسکی دختر کی شادی ہوگی

غزل یعنی صوف وغیرہ کاتنا

پوشیدن زن لباس شوہر

اور اگر کسی عورت نے دیکھا کہ وہ اپنے شوہر کا لباس پہنے ہی تو یہ خواب اوسکے حق مین صالح و نیک ہے اور اگر وہ لباس کسوۂ جنگ ہے تو تاویل اوس خواب کی اوسکے شوہر کے لیے یا خوبی اوس عورت کی اوسکے شوہر کے لیے ہے

پوشیدن مرد لباس زن

اور اگر کسی مرد نے یہ خواب دیکھا کہ وہ لباس عورتون کا پہنے ہوئے ہے تو تعبیر اوسکی یہ ہے کہ اس شخص کو خوف شدید اور عجز خاطر پہونچیگا و بعد ازان یہ دور ہو جاوے گا انشاء اللہ تعالی

مصبغات

مصبغات یعنی ہر قسم رنگ کہ یہ اقسام جامہ ہاے رنگین سی ہے اور تعبیر اوسکی مختلف ہی یا اختلاف الوان لباس کے چنانچہ جس شخص نے

یہ دیکھا کہ وہ کپڑے مختلف الالوان یعنی رنگ برنگ کے پہنے ہوے ہے تو
وہ ایسی باتین سنیگا جسکو وہ مکروہ و ناگوار سمجھیگا اپنی جان کے خوف سے
اور لوگون مین وہ مشہور ہوجائیگا ثیاب ابیض یعنی سفید لباس کی از روے

رویت ثیاب ابیض

تاویل کے صلاح و فلاح کلی ہی ثیاب اصفر یعنی جامہ زرد تمامتر معبر بحزن و
اندوہ ہین واسطے اوس شخص کی جسنے اپنے تئین زرد کپڑے پہنے ہوے دیکھا ہے
اور اگر یہ رنگ یا زرد پارچہ اوسکی جیب مین ہے تو اوسکو ضرر نہ کریگا ثیاب اخضر اگر

رویت ثیاب اصفر

لباس سبز پہنے ہوے دیکھا ہی تو یہ پوشاک اہل جنت کی ہی ثیاب احمر لباس
سرخ از روی تعبیر کے شہرۂ انسان ہے جب کہ کوئی شخص خواب مین اپنے تئین

رویت ثیاب اخضر

اوسکو پہنے دیکھے ثیاب اسود یعنی سیاہ لباس بنا بر تعبیر کے صلاح و
سداد اور مال و غلبہ ہی خصوص اوس شخص کے لیے جسکی عادت جامہ سیاہ
پہننے کی ہو اور جتنے سیاہ رنگ ہین وہ سب صالح خوب ہین جمیع اشیاء مین

رویت ثیاب احمر

سوای انگور سیاہ کے کہ وہ خوب نہین ہی بساط یعنی فرش و بستر کہ بنا بر تاویل
کے صلاحیت دنیا ہے واسطے اوس صاحب خواب کے جسکے لیے فرش
کیا جاوے اور یہ صلاحیت اوسکی بقدر کشادگی و شخانت یعنی سطبری و پاکیزگی

رویت ثیاب اسود

و باعتبار رقت یعنی باریکی اوس بساط کے ہوگی کیونکہ کشادگی اوسکی و نباہ
صالحہ کی ہی اور کوچکی و تنگی اوسکی برعکس ہی اور شخانت و جدت یعنی ضخامت اور نوی
و تازگی اوسکی موجب درازی عمر صاحب خواب کی اور رقت و باریکی اور خلقت
اور کہنگی برخلاف ہی چنانچہ جس شخص نے خواب مین لباط ثخین یعنی ضخیم و
کشادہ و تازہ و نوساختہ دیکھا تو عمر اوسکی دراز و روزی کشادہ اور زندگانی

خوش عیش اور دنیا باخیر ہوگی اور اگر وہ بساط شخین ہی مگر کوتاہ ہی عمر صاحب خواب کی دراز تو ہوگی مگر اوسکے ہاتھہ مین روزی کی کمی ہوگی اور اگر وہ بساط رقیق و باریک مگر وسیع ہی تو اوسکی دنیا مین وسعت ہوگی مگر عمر اوسکی کوتاہی کریگی اور اگر کسی نے خواب مین بساط کوتاہ و کہنہ و باریک دیکھا تو اوسمین اوسکے لیے خیر نہین ہی اور اسی طرح اگر کسی نے خواب مین بساط مطوی یعنی تہ کیا ہوا لپٹا ہوا دیکھا تو اوس مین بھی خیر نہین ہی منادیل جمع مندیل یعنی کمربند و نمارق جمع نمرقہ یعنی گلوبند وسائد جمع وسادہ یعنی گاؤتکیہ یہ سب بنابر تعبیر کے خدام و غلمان و کنیزان صاحب خواب ہین چنانچہ جس شخص نے ان چیزون مین کچھ خلل دیکھا تو یہ نسبت اسکے خدم وحشم کی ہے ستایر جمع ستر یعنی پردہ کہ دربردہ اوسکے ہم و غم و الم ہے براے صاحب خواب ستر کے تو اس مین اوسکے لیے خیر نہین ہی خواہ کہنہ اور خواہ وہ چھوٹا ہو خواہ بڑا ہو کہ وہ سب ردی و خراب ہے واللہ اعلم

باب سیزدہم [۱۳] برویت جواہر و زر و سیم و دینار و درم و فلوس وغیرہ

جواہر بنابر تاویل کے کیفیات جواہر کے مختلف ہو جاتے ہین خواب مین باعث اختلاف اوسکے اجناس و اقسام کے چنانچہ عدد جواہر اگر معلوم ہے تو وہ از روے تعبیر کے زنان و فرزندان و خادمان ہین اور اگر اعداد جواہر نامعلوم اور شمار سے افزون

رویت منادیل

و نمارق و وسائد رویت ستائر

کہ چیز خواب بین پردہ دیکھا ہی ۱۲

باب رویت جواہر و طلائی و دو... و نقرہ وغیرہ

رویت زر و سیم

ہین تو وہ تعبیر مین قرآن و علم و تسبیح و ذکر اللہ ہین پھر جس شخص نے خواب مین یہ دیکھا
کہ اوسکو مروارید دستیاب ہوا تو اوسکو زن جمیلہ ہاتھ آئیگی پر کنیز و غلام ملینگے
اور اسیطرح اگر کسینے خواب یہ دیکھا کہ اوسکو یاقوت یا زمرد یا مثل اوسکی کوئی گہر
ہاتھ آیا ہے تو اگر زوجہ اوسکی حاملہ ہے تو دختر جنیگی اور اگر کسینے خواب یہ دیکھا
کہ وہ عقد لولو یعنی سلک دُر جسکو ہار موتیون کا کہتے ہین پہنے ہے تو یہ شخص
حفاظت و حفظ قرآن کریگا اور کثیر الامانت اور عظیم الورع و تقوی اور
وافر النسل ہوگا اور ذی مرتبہ ہوگا درمیان زنان و سائر مردمان کے اور اگر وہ
لڑی موتیون کی تیلڑی یا چولڑی ہوگی تو اور بھی زیادہ بہتر و بالاتر ہوگا اور
اگر کسی نے خواب مین یہ دیکھا کہ وہ اون موتیون کے ہار کو اوٹھانے سے عاجز
ہے یا اوسکو گلے مین لٹکا نہین سکتا تو یہ صاحب خواب بمنزلہ اوس شخص کے
ہے جسکو پاس علم کثیر ہے مگر اوسکے عمل سے عاجز ہے یعنی اوسکو ضبط نہین
کر سکتا اور اگر کسی شخص نے خواب مین دیکھا کہ اوسکے کانون مین قرط گوشوارے
یعنی نبدے ہین تو وہ شخص از روے تعبیر کے حفظ قرآن و ضبط علم کریگا اور درمیان
مردم ممتاز ہوگا اور قرط یعنی گوشوارہ عورتکا تعبیر اوسکے شوہر یا اولاد سے ہے
اور جس شخص نے خواب مین یہ دیکھا کہ اسکے منہ سے موتی جھڑتے ہین تو تعبیر اوسکی یہ ہی
کہ اوس سے کلام نیکی اور علم کے ظاہر ہونگے اور لوگونکو قرآن بہ کثرت سکھلا دیگا اور
بہت تسبیح خدا کریگا اور جس شخص نے یہ دیکھا کہ وہ موتی کھاتا اور چباتا ہی یا اوسکو
اپنے منہ مین رکھتا ہی تو یہ شخص کلام خدا اپنے سینے مین مخفی رکھیگا اور علم و قرآن
درمیان مردم ظاہر نہ کریگا اور کبھی تعبیر موتی کھانے سے یہ ہے

رویت عقد لولو

ملہ یعنی بسبب گرانی وزن کے ۱۲

رویت قرط

رویت گہر ریزہ ہی او دہان

کھانا

یہ ہی کہ وہ علم حاصل کریگا اور اوس سے استفادہ کریگا اور اگر کسینے یہ خواب دیکھا کہ وہ
زرفشانی اور گہر ریزی کرتا ہی یعنی چھینتا ہر راہوں اور پلید گاہوں یعنی گھوڑوں پر
اور بازاروں ہین تو تعبیر اوسکی یہ ہی کہ وہ علم و حکمت حاصل کریگا اور اون دونونکو
بے محل و بی موقع صرف کریگا قلادہ یعنی حمیل کہ وہ طلائی ہو یا نقرہ اور مرصع بجواہر
یعنی جواہر جڑا ہوا ہو تو گلے ہین ڈالنا اوسکا اندر خواب کی تعبیر اس سے ہی کہ امانت
کسیکی اپنی گردن ہین ڈالیگا اور کبھی جواہر نفیسہ جب کہ وہ بکثرت ہون اور شمار و اوسکا
معلوم نہو اور وہ سب کان زمین سے ہون یعنی معدنی ہون تو تعبیر اوس سے
اموال نفیسہ ہین کہ صاحب خواب اوس سے فایدہ مند ہوگا خرز جمع خرزہ جواہر
منسلکہ تو وہ از روے تعبیر کے وہ مال ہی جسکے لیے کچھ خطر و ضرر نہین ہی اور
کبھی تعبیر اوسکی ایسے کلام باعلم سے ہے جس سے وہ منتقع نہوگا اور اگر وہ
جواہر سفتہ قلیل المقدار ہین تو تعبیر اوس سے نسوان او خدام ہین حلے یعنی پیرایہ و
پوشاک جسکو حسب عادت کے مرد پہنتے ہون تو پہننا اوسکا خواب ہین
تعبیر ہے زینت و جمال سے اور قدر اوسکی علی قدر جواہر و ماہیت و صفت
اوس پیرایہ کے ہوگی اور اگر وہ پیرایہ قسم منطقہ محلی یعنی کمر بند زرین ہی
تو صاحب خواب صاحب مال و شرف ہوگا اور درمیان مردم مستشرف
یعنی زیرک شمردہ ہوگا اور کبھی تعبیر اوسکی یہ ہوگی کہ وہ والی ولایت ہوگا
اور یہ امر اوسکی نصف عمر ہین ہوگا اور اگر اوسکی پوشاک ہین جواہر بھی ٹکے
ہین تو یہ شخص اسقدر مالدار ہوگا جسکے سبب اپنے اہل خاندان پر سرداری کریگا یا
اوسکا کوئی ایسا پسر پیدا ہوگا جو اوسکے تمام اہل کا سردار ہوگا اور کبھی کثرت

روئیت زرفشانی
روئیت قلادہ
روئیت جواہر
روئیت حلی
منطقہ
قطع منطقہ

کمربند ونکا اوسکی کمر مین بندھی ہونا بہت خوب و بہتر و خوشتر ہی اور اگر کسی شخص نے
خواب مین یہ دیکھا کہ اوسکا کمربند کٹ گیا ہی یا ٹوٹ پڑا ہے یا چھن گیا ہی یا کوئی
نقص اوسکی نسبت واقع ہوا ہی تو یہ از روے تعبیر کے حق مین اوس شخص کے بد ہے
جسکا وہ ٹیکہ ہے تاج یعنی کلاہ بابند خیانچہ دیکھنا اوسکا مرد کے لیے غلبہ او رعزو

رویت تاج

شرف ہے اور اوسکی برتری ہی دنیا مین بدون آخرت کے اور اگر کسی شخص
نے خواب مین دیکھا کہ اوسکے سر پر تاج زرین یا نقرہ یا تاج مغرق بجواہر ہی
تو وہ شخص بال کثیر و عزت عظیم سے فائز ہوگا مگر اوس شغل مین وہ دین ضایع کریگا
اور تاج عورت کیلئے اوسکا شوہر ہے اور او سکے شوہر نہین ہے تو وہ کسی مرد
عجمی یا عربی سے عقد نکاح کریگی اور وہ بلند قدر اور ذی رتبہ و شرف ہوگی اور

رویت طوق

اگر کسی شخص نے خواب مین دیکھا کہ او سکے گلے مین طوق ہی تو اوسکی گردن مین
کسی کی امانت پڑیگی خاتم یعنی انگشتری خیانچہ انگشتری مرد کی خواب مین روی
تاویل کے اوسکا مال و ملک ہی کہ جسکے سبب لوگون مین وہ صاحب تجمل ہوگا اور
بہ غلبہ و عزت ممتاز ہوگا اور جو کچھ خلل نسبت اوسکے مال و جاہ وغیرہ کے ہوگا اور

رویت خاتم

اگر کسینے یہ خواب دیکھا کہ اوسکو کسی نے انگشتری عطا کی ہی تو یہ شخص اون مال
وغیرہ مین سے کسی چیز کا مالک ہوگا کہ وہ اوسکو پہونچیگی اور کبھی خاتم سے تعبیر بزن
و فرزند و دواب وغیرہ کے کیجاتی ہی علی قدر حال یعنی حسب حال صاحب
خواب کے اور اگر صاحب خواب سلطان ہی تو ملکون مین سے جس ملک کا وہ ارادہ
رکھتا ہی اوسکا مالک ہوگا اور اگر وہ مرد تاجر ہی تو جنس تجارت مین سے
جسکا وہ سزاوار ہے اوسپر اوسکو دسترس ہوگا اور اوسیطرح

اوسپر اوسکو دسترس ہوگا اور اوسی طرح سایر مردم اپنی اپنی معاش و کسب مین اور
جس شخص نے خواب مین یہ دیکھا کہ اوسکے ہاتھ سے انگشتری چھن گئی ہے تو تعبیر
اوسکی یہ ہے کہ وہ شخص جن چیزونکا مالک ہے وہ اوس سے جاتی رہینگی اور جس شخص نے
یہ خواب دیکھا کہ انگشتری اوسکی چوری گئی یا گم ہوگئی تو جس چیز کا یہ شخص مالک
ہے دربارہ اوسکی اوسپر کوئی صدمہ واقع ہوگا اور کاروبار مردم سے اوسکے
کسی کام مین فتور پڑیگا فص الخاتم یعنی نگینۂ انگشتری بنا بر تعبیر کے خوبی و زینت

رویت فص خاتم

چنانچہ اگر کسی شخص نے یہ دیکھا کہ انگشتری اوسکی شکست ہوگئی اور نگینہ اوسکا
باقی رہا ہے تو بنا بر تعبیر کے جس سے پردہ قادر ہے وہ اوسکے ہاتھ سے جاتی رہیگی مگر ذکر
جمیل اوس شخص کا درمیان مردم باقی رہیگا اور بعضون نے یہ کہا ہے کہ نگینہ انگشتری
عبادت اوس کا ولد ہے جسکے سبب درمیان مردم اوسکی تجمل و رودداری
ہے اور اگر کسینے خواب مین دیکھا کہ اوسکی انگشتری سونے کی ہے تو اوس شخص کو

خاتم ذہب

انگشتری ہاتھ آویگی اور اوسکو پہنیگا جہت حرام سے اور اگر وہ انگشتری

خاتم حدید

آہن کی ہے تو یہ شخص جس چیز کا مالک ہوگا وہ پیشگاہ سلطان سے ہوگی اور اگر وہ
انگشتری صفر یعنی روئینہ یا رصاص یعنی ارزیرہ سے ہے تو یہ شخص جس چیز کا مالک ہوگا

خاتم صفر

وہ خوار و حقیر ہوگی اور جمیع حلی زنان جبکہ خواب مین مرد اوسکو پہنے تو خواب
و خیر نہین ہے سواے قلادہ یعنی جمیل و قرط یعنی گوشوارہ و خاتم انگشتری
کے اور جس نے خواب مین دیکھا کہ اوسکے ہاتھون مین سوارین یعنی جفت

رویت سوارین

دست برنجن یعنی کنگن ہے تو وہ اپنے ہاتھ کے کامون یعنی کسب و
دستگاری مین تنگی و دشواری مین پڑیگا اور اگر کسی نے یہ خواب دیکھا

رویت خلخال

کہ دہ خلخال طاق یا جفت خلخال یعنی پاہی برنجن یا زیب پہنی ہی تو وہ تبلای
سختی و خوف ہوگا یا محبوس بزندان ہوگا یا شل اوسکے کسی بلامین پڑیگا و بلخ یعنی
بازوبند و جوشن کہ بنابر تعبیر کے دہ تنگی و دشواری ہی کہ صاحب خواب کو اوسکے برادر
یا دوستدار کیجانب سے پہونچیگی فضہ یعنی کوئی چیز نقرہ پہنی ہوی دیکھنا ان سب
حلے مذکورہ بالا سے آسان تر ہے اور بہت جلد اوسکو کشایش ہوگی حلی ا
یعنی زیور زنان از روی تاویل کے اونکے حق مین اصلاح اور خوبی و زینت
ہے اور اونکے لیے احوال نیک ہے بشرطیکہ یہ جملہ حلے طلائی یا نقرہ یا مرصع
بجواہر ہوسوا فرد خلخال یا جفت خلخال اور جوڑی سوار ین کے کہ یہ سب چیزین
بنابر تعبیر کے بمنزلہ اوسکے شوہر یا برادر یا پدر کے ہین اور اسی طرح تاج
بھی مگر بعضون نے کہا ہے کہ تاج مراد ہے سلطان سے دینار نیز مجہولہ النوع
و مجہولہ العدد یعنی دینار جسکا حال معلوم نہو کہ وہ کس قسم و کس ضرب و سکہ
یعنے کس گھر کے ہین اور اونکی عدد بھی معلوم نہون کہ شمار مین کتنے ہین جبکہ
چار سے زاید ہون تو از روی تاویل کے دہ بکرہ و اندوہ ہے چنانچہ
جس شخص کو خواب مین اون دیناروں سے کچھ ہاتھ آیا تو وہ در بارہ عزت
و ناموس اونکے کچھ کلام و کلمات وارد ہونگے یا حق مین اس شخص کے واقع
ہونگے جسکے سبب صاحب خواب پر دشوار گذریگا و اما دینار واحد یا جو ایک
سے زاید ہو چار تک تو وہ تعبیر ہے اس عدد تک اور جس شخص کی کوئی قراضہ زر
بہیئت دینار دستیاب ہو مگر اوسپر نقش سکہ نہو تو وہ معبر بولد ہے سبایک الذہب
و اوانی الذہب یعنے گوکہ خشت زر و ظروف زرین ہر قسم کو خواب مین دیکھنا از روی تاویل کی دلالت کرتا ہے

رویت فضہ
رویت حلی
رویت خلخال
رویت دینار مجہول النوع و مجہول العدد
رویت سبایک الذہب و اوانی الذہب
دراہم فضہ

دراہم السود
دراہم سیمہ و دراہم
صرہ دراہم
دراہم واحد
رویت فلس
و فلوس
رویت پیالہ الفضہ
رویت نقرہ غیر مسکوکہ

اور پر کسیقدر زوال اوسکے مال سے اور سپر غضب و قہر سلطان کا ہوگا دراہم الفضہ
یعنی سکہ نقرہ کہ یہ مختلف احوال ہوتا ہے بہ سبب اختلاف طبائع مردم کے چنانچہ
بعضے اونمین سے یہ ہین کہ جب درہم کو خواب مین دیکھتے ہین یا انکو خواب مین دیکھتے
ہین یا ہاتھ آتا ہے تو انکو روزی بہتر ملتی ہے مگر ساتھ کلام و مناقشہ کے اور کبھی وہ
دراہم معبر بکلام حسن ہوتا ہے دراہم اسود یعنی درہم سیاہ کہ وہ عبارت ہے
درہم مغشوش یعنی قلب و کاسد سے تو دلالت کرتا ہے کلام ردی و مغشوش
و خصومت پر اور جب کہ وہ کیسہ یعنی تھیلی مین یا صرہ یعنی ہمیانی مین ہون اور
کسینے خواب مین دیکھا کہ اوسکو ملا ہے تو اوس شخص کو کوئی امر سپرد کیا جاویگا یعنی
وہ کسی سرکار سے آزاد ہوگا اور وہ اوسکی حفاظت کریگا بقدر اپنے حفظ کے اور
اگر اوسنے یہ دیکھا کہ اوس کیسہ درہم کو کسی غیر شخص کو دیا ہے تو وہ بھی اسی طرح کسیکو
کوئی راز سپرد کریگا اور درہم واحد ولد صغیر ہے چنانچہ وہ ایک درہم اگر اوس شخص
سے ضائع ہوگیا یا چوری گیا تو پسر اوسکا فوت ہوجائیگا فلس و فلوس
یعنی پیسہ کہ وہ تعبیر مین کلام ردی اور زندان ہے اوس شخص کے لیے جسکو خواب
مین کچھ ادن فلوس سے ہاتھ آویگا اور یہی کبھی دلالت کرتا ہے نیک روزی
اور دستکاری پر پیالہ فضہ یعنی لوٹہ یا جام نقرہ کا دیکھنا اور اوسکا خواب
مین دلالت کرتا ہے خیر پر اور دیکھنا اوسکا جام زرین سے بہتر ہے کیونکہ وہ دلالت کرتا ہے اوپر نسوان
کے یعنی بمنزلہ زن ہے از روی تعبیر کے اور اگر کسینے خواب مین دیکھا اوسکو نقرہ غیر مسکوکہ یعنی بے سکہ
دستیاب ہوا ہے تو اوسکو کوئی زن نیک ملیگی اور وہ حرہ یعنی بی بی زادی ہوگی یا کنیز اور اگر
کوئی شخص خواب مین نقرہ معدن سے پاویگا تو اوسکو کوئی عورت ایسی جگہ سے ملیگی جو جاننے کی نہین ہے

سیاہ یک احدید والنحاس و الرصاص دیکھنا آہن و مس و راز برگداختہ کا یہ سب بہتر ہین از روے تعبیر کے کہ اوسکو متاع دنیا سے تمتع ہوگی بشرطیکہ یہ چیزین معمول یعنی ساختہ نہون اور جس شخص نے خواب مین یہ دیکھا کہ وہ سونا یا چاندی یا لوہا یا رانگا گھلاتا ہی تو وہ لوگون کی زبانون مین پڑیگا یعنی زبان زد مردم ہوگا کہ اشد غیبت سے اوسکی برائیان بیان کرینگے حقتعالے ہماری کفایت کرے جمیع مصائب مین اور ہمسے جملہ شداید اور تمام شکوک و ریب کو دور کری

بمالک الحدید والنحاس و الرصاص

عـه مواعین جمع ماعون یعنی کام کی چیزین مثل ظروف کار ودہ متراضی وغیرہ ۱۲

باب چہاردہم بیچ تاویل رویت آوانی و مواعین اور مثل اسکے

آوانی یعنی ظروف اکل و شرب وغیرہ از روی تاویل کے خدام و غلمان ہین ولیکن مثل کانون یعنی آتشدان اور قدر یعنی دیگ مسی یا سفالی و سفرا یعنی توشہ دان و دسترخوان و مسرجہ یعنی چراغدان و سراج یعنی چراغ یہ سب از روے تعبیر کے غم و الم ہین واسطے مرد مہتمم خانہ یا زن مہتمم خانہ کے اور ان چیزون مین جس چیز کا نام مذکور ہے تو منفعت اوس چیز کی عام ہے واسطے گھر والون کے مثل سراج و کانون سوا سفرہ کے یہ مخصوص واسطے مرد مہتمم خانہ کے ہے اور جس چیز کا نام مونث ہے مثل قدرہ دیگچی ہانڈی و قسقہ یعنی پارچہ مثل رومال و مائدہ یعنی خوان و دسترخوان و مسرجہ یعنی چراغدان و وقعہ یعنی کاسہ و جام تو یہ سب بمنزلہ زوجہ کے ہین اور جو چیزین انمین سے بنائی ہوئی تانبے اور رانگے سے ہین مثل طشت یعنی تشت اور طاسہ یعنی کاسہ کلان و ابریق یعنی آبخورہ و آفتابہ تو یہ سب خدم و حشم ہین

روئیت آوانی

رویت نمبر ۵

مراۃ یعنی آئینہ کہ وہ بنابر تعبیر کے زن ہی چنانچہ جس شخص نے خواب مین آئینہ دیکھا
اگر زوجہ اوسکی حاملہ ہی تو پسر جنیگی جو مشابہ صاحب خواب یعنی شبیہ اپنے پدر کی
ہوگا اور اگر اوسکی زوجہ حاملہ نہین ہی اور اوس شخص کا کوئی ولد بھی نہین ہی تو اوسصورت
مین تعبیر اس خواب کی یہ ہوگی کہ یہ شخص اپنے عمل خدمت اور اپنے درجہ علیہ سی معزول
ہوگا اور اپنے مکان و مرتبے پر کسی غیر کو دیکھیگا اور اگر یہی خواب کوئی عورت
دیکھی اگر وہ حاملہ ہوگی تو دختر جنیگی جو اوسی کی مشابہ یعنی شبیہ بمادر ہوگی اور
اگر وہ غیر حاملہ ہے تو شوہر اوسکا اوسپر کوئی اور عقد نکاح کریگا اور یہ عورت
اپنی گھر مین اپنے لیے تغیر و پریشانی دیکھیگی اور اگر کسی طفل نے یہ خواب
دیکھا کہ وہ آئینہ دیکھتا ہی تو اوسکا بھائی پیدا ہوگا جو ہمشکل و لیفر اوسی کا ہوگا اور

رویت نمبر ۶

اگر وہ دیکھنیوالی دختر صغیرہ ہی تو اوسکی مادر دختر جنیگی ابرۃ یعنی سوزن کہ
از روی تعبیر دلالت کرتی ہی اوپر زوجہ اوس شخص کے اور سوراخ یعنی ناکا سوئی کا
اور اوسمین ناگا پروتا دلیل ہی اسبات پر کہ زوجہ اوسکی اطاعت کریگی تا وقتیکہ
وہ اوس سوئی سے سیتا نہین دیکھتا اور اگر اوس نے یہ دیکھا کہ وہ اوس
سے لوگون کپڑے سیتا ہی تو تعبیر اوسکی بمنزلہ نصیحت مبدیکے ہی کہ حق مین لوگون
کے وہ خیرخواہی کریگا اور بعضون نے کہا ہی بلکہ یہ سبب حصول مطلوب کا ہی
اوسکی اصلاح حال اور درستی اموراسے اگر کسی شخص نے یہ دیکھا کہ وہ لباس اپنا خواہ غیر کا
دوخت کرتا ہی یا یہ دیکھا کہ رشتہ در سوزن یعنی سوئی مین تاگا ہی تو تعبیر اوسکی یہ ہی کہ یہ شخص
اپنی امور کا التیام کریگا اور اپنے احوال کو مجتمع کریگا اور اصلاح اپنی شان کی کریگا اور اگر وہ اس
سوئی سی کپڑا اپنی زوجہ کا سیتا ہی تو اوسمین خیر نہین ہی اور اگر کسینے یہ دیکھا کہ وہ سوئی تو نگلی ہی تو حال

اوسکا پریشان اور امر اوسکا پراگندہ ہوگا مشط یعنی شانہ کہ بنا بر تعبیر کے جمعیت وجمع

وسرور ہی چنانچہ جس شخص نے یہ خواب دیکھا کہ اوسنے اپنے سر کے یا داڑہی کے بالونکو

کنگھی سے کھینچا اور لٹکایا ہے تو بنا بر تعبیر کے اوسکے غم والم بہت جلد دور ہونگے

اور بعضون نے کہاہی کہ خواب مین شانہ کشی دلیل ہی خیر کثیر پر مثل علم کے وغیرہ دلیل ہی

ایسے شخص پر جسکی ذات اور اوسکے کام سے لوگ منتفع ہوتے ہین مثل حاکم ومفتی و

واعظ وطبیب مقراض بنا بر تعبیر کے دلیل ہی اوپر انضمام شخص کیساتھ کسی شخص

کے یعنی ملاقات وآمیزش صاحب خواب کی ساتھہ کسی شخص کے اور کسی شخص نے

خواب دیکھا کہ اوسکے ہاتھہ مین مقراض ہی جو آسمان سے پسر نازل ہوئی ہی تو یہ دلیل ہی

اوسکے انقراض وانقضاے عمر پر اور اگر اوسنے یہ دیکھا کہ اوس سے وہ مال کاٹتا ہی یا پشم

گوسفند کترتا ہی تو صاحب خواب مال کثیر جمع کریگا زجاج یعنی آبگینہ کہ وہ دلالت

کرتا ہی جوہر وماہیت زنان پر جسطرح سے تو اربر بد ہونہ یعنی شیشیان پر از عطر وروغن

اور کراسی جمع کرسی کہ یہ سب بھی جوہر زنان پر دلالت کرتے ہین اور کبھی ان سب

چیزون سے تعبیر بہ کنیزان وغلامان کے کیجاتی ہی حکایت ایک شخص پاس محمد بن

سیرین رحمہ اللہ کے آیا اور کہا کہ اے مولانا مینے خواب مین دیکھا ہی گویا کہ میرے ہاتھہ

مین ایک قدح زجاج ہی اوس مین پانی ہی ناگاہ وہ جام میرے ہاتھہ سے گر پڑا یا یہ کہا

کہ وہ ٹوٹ گیا اور میرے ہاتھہ مین درمیانہ ہوا یعنی مابین دست وزمین کے معلق

رہا یہ سنکے امام رحمۃ اللہ نے کہا کہ تیری زوجہ حاملہ ہے اوسنے کہا ہان تب

کہا یہ خواب دلیل ہے موت پر تیری زوجہ کی وقت ولادت لیکن کے گر ولد

بحکم خدا زندہ رہے گا چنانچہ امام رحمۃ اللہ نے جیسی تعبیر دی تھی وہی ہوا

رویت مشط

رویت مقراض

سلہ قلعہ ریزی کا ہو کر جو تیر کبھی تھا کر ٹوٹ گیا

رویت زجاج وجواہر وغیرہ

باب پانزدہم رویت مین انواع اسلحہ کے

باب پانزدہم رویت انواع اسلحہ

سلاح

سیف و قوس و رمح وغیرہ

سلاح کہ تمام اسلحہ یعنی ہر قسم کے ہتھیار نبابر تاویل کے غلبہ اور عز و شرف ہین صاحب خواب کو حاصل ہونگے بقدر مبلغ وافزایش اوسکے جود و سخا کی اور بمقدار اوسکی شہرت کی چنانچہ جب کسی طرح کا رخنہ اوس سلاح مین نظر آویگا تو اوسکے مراتب مذکورہ مین واقع ہوگا اور اگر اوس مین کسی طرح کی اصلاح ہوئی ہے تو غلبہ و دبدبہ ہے اوسکو حاصل ہوگا اور اگر کسینے یہ خواب دیکھا کہ ہتھیار اوسکا اوس سے چھن گیا یا اوس شخص پہ بہ قہر یعنی بزور سلاح غالب آیا ہی یا اوس شخص نے اپنا ہتھیار ڈال دیا ہی یا کسیکو دیدیا ہی یا اوسکو فروخت کر ڈالا ہی یا اوسکے پاس سے چوری گیا ہے یا ٹوٹ گیا ہے یا اوس نے اوسکو ضایع و گم کیا یا ہتھیار کسیکو بعاریت دیا ہی تو یہ سائر وجوہ نقصان و خلل کی ہین اوسکی مرتبہ مین اگر کسینے یہ خواب دیکھا کہ اوسکے پاس تلوار ہی یا کمان یا نیزہ یا عمود یعنی چوبدستی ہی یا وہ ان ہتھیارونسی کسیکے ساتھہ مقاتلہ کرتا ہی تو یہ سب اسکے لیے رتبہ و غلبہ ہے کہ اوسکو حاصل ہوگا اور اگر اوسنے ان ہتھیارون سے کسی اور شخص کو مقاتلہ کرتے ہوے دیکھا ہے تو بنابر تعبیر کے منازعت و مخاصمت فیما بین اقوام ہے اور اگر کسینے خواب مین دیکھا کہ اوسنے کسی آدمی کو تلوار ماری ہی تو یہ شخص اوس آدمی پر زبان درازی کریگا اور اگر اوس شخص نے آدمی کو تیر مارا ہے تو یہ بمنزلہ کلام کے ہے کہ نافذ ہونگے رسالون اور کتابون مین

اور اگر اوس شخص نے اوسکو نیزہ مارا ہی تو صاحب خواب اوس نیزہ زدہ کی مدد کو پہونچے
گا تا کہ اوسپر نصرت کرے عمود یعنی جریب و چوبدستی چنانچہ خواب مین مارے عمود نے
اور قضیب یعنی عصا سے اور جو چیز مثل اوسکے ہی تو تعبیر اوس سے وہ کلام ہی کہ جس کو
صاحب خواب اوس مرد مضروب کو مصیبت اور رنج مین ڈالیگا اور اگر کسی شخص
نے یہ خواب دیکھا کہ اوسکو کوئی جراحت پہونچی ہی تو تعبیر اوسکی یہ ہی کہ اوس جراحت
کنندہ کیجانب سے صاحب خواب کے دل پر گزند و صدمہ پہونچیگا اور اوسکے عرض و
مال مین قدح و تعرض کیا جائیگا بقدر اوس جراحت کے اور اگر کسی نے یہ خواب دیکھا
کہ اوس نے کسیکا سر کاٹا ہی یا کسی نے یہ خواب دیکھا کہ اوس نے کسی کا سر کاٹا ہی یا کسی کا
یا کسیکا گوشت تراشا ہے یا ہاتھ یا پانون یا لوئی اور عضو قطع کیا ہی اور اسکو
جدا بھی کر ڈالا ہی تو تعبیر اوسکی وہ کلام ہی کہ درمیان مضروب اور اوس شخص کے
جسکی طرف نسبت اوس عضو کی ہی یعنے نسبت قطع عضو کی اس سے مراد
یہ ہی کہ فیمابین مضروب و ضارب و مجروح و جارح کے کلام بانا قشہ واقع
ہوگا اور اگر کسی شخص نے یہ خواب دیکھا کہ اوسکو کسی نے شمشیر برہنہ دی ہی اور اوس
نے اپنی سر پر باندھی مگر اوس سے کسیکے مارنیکا ارادہ نہین ہی تو یہ شخص غلبہ عظیم کو
پہونچیگا کہ جس سے اوسکی شہرت ہوگی یا دختر نیک اختر اوسکے یہان پیدا ہوگی اور کرمانی
نے تاویل رویت شمشیر مین اس صفت پر بیان کیا ہی اور قائل اس قول کا وہی تنہا ہی کہ وہ
پسر ہی جو خروج کریگا یعنی پیدا ہوگا یا برادری اور اگر کسینے یہ خواب دیکھا کہ اوسکے ہاتھ
مین تلوار دی گئی ہی پھر اگر اوس نے دیکھا کہ وہ تلوار میان مین ٹوٹ گئی ہی تو اوسکا پسر شکم
مادر مین فوت ہو جاویگا اور اگر یہ دیکھا کہ میان ٹوٹ گئی اور تلوار سالم ہی تو سلامت رہیگا

رؤی السہام و فی سنان و غیر ذلک اصابۂ جراحت و قطع راس و غیرہ

له یعنی باعتبار اوسکی نسبت و صفت

سیف مسلوک

رویت سیف و نیام و غیرہ

پسر اوسکا اور مرجائیگی مادر اوسکی اور اگر کسینے یہ خواب دیکھا کہ قبضہ تلوار کا ٹوٹ گیا ہے تو برادر[1] اوسکا یا عم اوسکا یا جو ہمقدر اون دونون کا ہوگا وہ فوت کریگا اور اسی طرح جو کوئی امر تازہ صلاح یا فساد سے نسبت قوائم یعنی قبضہ شمشیر کے سرزد ہوگا تو وہ حق مین اوس شخص کے ہوگا جسکا ہمنے ذکر کیا اور اگر اوس شخص نے یہ دیکھا کہ نصل یعنی پیکان یعنی نوک اوسکی تلوار کی ٹوٹ گئی تو مادر اوسکی یا جدہ یا خالہ اوسکی فوت کریگی یا کوئی اون عورتون مین سے جو اوسکے نزدیک ہمدرجہ ہمرتبہ وغیرہ کی ہے اور جعفر صادق رضی اللہ نے فرمایا جس شخص نے اپنے مین خواب کے اندر شمشیر برہنہ دیکھی تو نسبت مردم کے اوسکی زبان دراز ہوگی پھر اگر تلوار کا وار بھی کیا اور خون بھی جاری ہوا مگر نہ جسم ضارب خون آلودہ ہوا نہ جسم مضروب تو تو اس صورت مین تعبیر اوسکی یہ ہوگی کہ وہ لوگونپر زبان دراز زبان کریگا اور اگر اوسنے تلوار لگائی اور خون اوس سے جاری ہوا یعنی مضروب سے تو تعبیر اوسکی یہ ہے کہ وہ مضروب بہ سبب سیلان خون کے اثم وگنہگار ہوا اور اس امر پر حق تعالی ضارب کو اجر عظیم دیگا جسقدر کہ اوس سے خون جاری ہوا یعنی باعتبار کثرت وقلت کے اسلیے کہ خون معبر باثم وگناہ بشرطیکہ اوسکا سیلان ہوا اور وہ شخص خون آلودہ نہوا اور اگر اوسنے یہ دیکھا کہ مضروب سے خون جاری ہوا اور ضارب اوس سے خون آغشیہ ہوگیا ہے تو بنا بر تعبیر کے مضروب اس ضارب پر زبان درازی کریگا یا ضارب اوس مضروب سے مال حرام اخذ کریگا اور اگر کسینے یہ خواب دیکھا کہ وہ اپنی حمائل یعنی پرتلے مین تلوار لٹکائے ہے تو یہ شخص ولایت وحکومت کو پہونچے گا

روئیت فصل

سیلان دم المجروح

[1] یعنی [illegible]

تعبیر قصر السیف وطول وقصر حمائل

جسقدر کہ تلوار اوسکی زمین سی متصل ہوگی باعث طول پرتلے کی اور یہ شخص عاجز ہوگا تحمل و برداشت اس ولایت سی یا قاصر و متقصر ہوگا اور جس شخص نے یہ دیکھا کہ سیف او سپر کوتاہ ہی باعث کوتاہی اوسکی حمائل کے تو تعبیر یہ ہی کہ یہ شخص اس ولایت سے مرتفع و برخاستہ ہوجایگا اور اوسکو گوارا نہ کریگا اور اگر کسی شخص نے خواب مین یہ دیکھا کہ شمائل اوسکی قطع ہوگئی تو ولایت وحکومت صاحب خواب کیجاتی رہیگی اور اگر کسی شخص نے خواب مین یہ دیکھا کہ اوسکی تلوار مین صدا ہی تو تعبیر اوسکی یہ ہی کہ اوسکے کلام کیلئے فروغ وقبول نہوگا اور یہ بنا کہ قول اوس شخص کے ہی جو صدائے سیف کی تاویل بکلام کرتا ہی اور جو کوئی صدائے سیف کی تاویل بولد کرتا ہی تو اوسوقت تعبیر اوسکی یہ ہوگی کہ ولد اوسکا قلیل الجوہر وبے ہنر ہوگا کہ اوسکے لیے کچھ نفع نہوگا اور جو کوئی تاویل اوسکی بولایت کرتا ہے تو تعبیر یہ ہوگی کہ ولایت اوسکی قلیل النفع وبی سود ہوگی اور جب کسی نی دیکھا کہ تیزی تلوار کی جاتی رہی یا کند ہوگئی ہی قطع سی تو تعبیر یہ ہے کہ نسبت صاحب خواب کے کوئی نفع اور کسی خیر کا اثر نہ پہونچیگا

صدائے سیف

رمح یعنی نیزا اگر بار دیگر اسلحہ کی مرعی ہو تو اوسکی لیے غلبہ ودبدبہ ہی کہ اوسکو حاصل ہوگا اور اسی مین اوسکا نفاذ امر ہوگا آخر مین اور اگر اوس نیزہ کے ساتھ کوئی غیر ہتھیار نہین ہی تو اوسصورت تعبیر اوسکی بولادت پسر یا برادر ہی بشرطیکہ اوس نیزہ مین سنان بھی ہو اور اگر اوس مین سنان نہین ہی تو تعبیر بولادت دختران اوس شخص کے ہے بشرطیکہ وہ نیزہ معروف معلوم ہی اور جو کچھ خوبی وزشتی نسبت رمح

رویت رمح

کے دیکھی جاویگی تو وہ حق مین صاحب رمح کے ہوگی حکایت ابو عمارہ الطبان
رحمہ اللہ نے ذکر کیا کہ ایک شخص پاس امام محمد بن سیرین رحمہ اللہ کے آیا اور اوس نے
کہا مینے اپنے خواب مین دیکھا ہے گویا میرے ہاتھ مین رمح یعنی نیزہ یا یہ کہا کہ قناۃ
ہے یعنی نیزہ طویل امام نے کہا بھلا تونے اسکے اوپر سنان بھی دیکھی تھی اوس نے
کہا نہین تب امام نے کہا اگر تو اوسپر سنان بھی دیکھتا تو تیرے یہان پسر پیدا
ہوتا ولیکن قریب ہے کہ تیرے یہان دختر پیدا ہوگی بعد ازان امام اندکے خاموش
رہے پھر بولے کہ تیرے یہان بارہ بیٹیان پیدا ہونگی چنانچہ محمد بن یحییٰ
نے کہا کہ مینے اس خواب کو ابوالولید سے بیان کیا وہ ہنسا اور کہنے لگا کہ

یعنی ابوالولید نے تصدیق تعبیر محمد بن سیرین رحمہ اللہ کی کی

اونھین بنات مین سے ایک کا مین پسر ہون اور میری گیارہ خالائین ہین اور
ابو عمارہ الطبان میرا جد ہے حقتعالے اونپر اور اونکے ساتھ ہمپر اور سایر مسلمین پر
رحم کرے

رویت قوس

قوس یعنی کمان جب کہ اوسکا وتر یعنی اوسکی زہ اوتری نہو تو تعبیر
اوسکی تغلبہ و بدبہ ہے کہ صاحب خواب کو حاصل ہوگا یا اوسکا پسر یا برادر ہے
اور اگر قوس یعنی کمان بدست طفل دیکھی ہے تو تعبیر یہ ہے کہ اوسکی زوجہ حاملہ
فرزند نرینہ کی ہوگی

رویت قطع وتر

اور اگر کسی نے خواب مین دیکھا کہ اوسکی کمان ٹوٹ گئی
ہے تو اوسکے مرتبے مین فتور ہے یا مصیبت دربارہ اوسکے پسر یا
برادر کے اور اگر کسی شخص نے یہ خواب دیکھا کہ اوس نے اپنی کمان دوش
سے اوتاری اور زمین پر ڈالدی تو یہ نکبت و شامت کہ اوسکے مرتبے
مین واقع ہوگی جسقدر اوس سے رنج دیکھا ہے اور بعضون نے اوسکی
تعبیر یہ دی ہے کہ وہ سفر کریگا وہ وہان سے بسلامت پھر یگا بشرطیکہ

اوسکا رودہ قطع نہین ہوا ہی اور اگر اوسکا چلہ اتر اور قطع ہوا دیکھا ہی تو یہ شخص جہان سفر کرکے گیا ہے وہین مقیم رہیگا اور کبھی تعبیر یہ ہی کہ اوسکی مدت سفر تمام ہوگئی اور اگر کسی شخص نی یہ خواب دیکھا کہ وہ شخص حذف نبدق کرتا ہے یعنی گولی نبدوق کی چلاتا ہی یا یہ گولی چلاتا ہی اور کوئی مارتا ہے یعنی نبدوق تفنگ سر کرتا ہی تو گویا وہ آدمی کو مار گراتا ہی اور یہ اوسکے دین کے لیے بد ہے اور کبھی تیر چلانا اس شخص کا تعبیر بکلام حق ہی کہ باطل کو دور کرتا ہی یعنی حق سی باطل دفع کرتا ہی جسقدر کہ اوسنی تیر چلائی ہین اور اگر کسی نی یہ دیکھا کہ وہ کمان تراشتی یعنی کمان سازی کرتا ہی تو یہ از روی تعبیر کے اسکے لیے غلبہ و دبدبہ ہے یا معربہ پسر و برادر ہی یا وہ نکاح کریگا اور اوس سے اوسکو فرزند روزی ہوگا اور اگر کسینی یہ خواب دیکھا کہ وہ کسی سی کمان چھینتا ہی اور وہ کمان دیتی ہین اوسکی اطاعت کرتا نہین ہی چنانچہ کمان کہ وہ منسوب بغلبہ و دبدبہ و معربہ برادر و پسر یعنی بمنزلہ ان سبھون کے ہی تو تعبیر اوسکی یہ ہی کہ اس شخص کا کام اسکا تنگ ہوگا اور ملتوی رہیگا سنگین کا رو و نیل تیر نیزرگ پیکان و خنجر و حربہ اور سائر آلات آہنی پس یہ سب منجملہ سلاح کی ہین اور تاویل اونکی قائم مقام تاویل اسلحہ کے ہی اور جبکہ انمین کوئی مفرد ہو تو وہ بمنزلہ برادر یا پسر کے ہے مثل رمح یعنی نیزہ اور اسی طرح منجل یعنی آلہ درد بمعنی داس فاس یعنی تبر و قدوم یعنی تیشہ اور مثل اسکے کہ یہ سب بھی تاویل مین مثل اون سب کے ہین درع یعنی زرہ زردیات جمع زرد بمعنی نوع زرہ مرکب بگرہ پاس دو ورق آہن و جوشن

رویت حذف نبدقہ رویت سکین و نیل و خنجر وغیرہ رویت منجل و فاس و قدوم ـ رویت درع و زردیات

وجو ماشن یعنی خفتان و بیضہ یعنی خود بے جھالر و مغفر یعنی خود جھالر دار و رایت یعنی نیزہ نشان یہ سب ازروی تاویل کے بمنزلہ قلعہ اور سپر اور پناہ کے ہین دشمنون سے اور غلبہ اور شدت و ہیبت اور قوت ہین دنیا مین اور برتری و بلندی ہے ترس یعنی سپر جب کہ اوسکے ساتھ سلاح بھی ہو تو وہ وقایہ و پناہ و سپر ہی اور اگر وہ سپر بدون سلاح کے ہی تو بمنزلہ مرادیب و حافظ کے ہے واسطے اپنے براوران کے اور نگہبان اونکا مکروہات اور شناعات سے سوط تازیانہ بمنزلہ دلالت ہی مال صدقات یا مال قلیل پر اور شغل اوسکی

باب شانزدہم تباویل رویت خیل و بغال و حمیر اور تعبیر مین الوان خیل وغیرہ کے

فرس اسپ ازروی تاویل کے عزت و جاہ مردم ہے اور اونکا دبدبہ و شرف ہے اگر کسی نے فرس مین کسیطرح کی زیادتی دیکھی تو یہ زیادتی اوسکی عز و جاہ وغیرہ مین ہے اور اگر کسی نے خواب مین دیکھا کہ وہ فرس پر سوار ہے اور آہستہ آہستہ چلتا ہی یعنی قدم قدم اور ادات فرس کاملہ ہی یعنی لوازم اوسکے مثل زین و لجام وغیرہ کامل ہین تو یہ شخص غلبہ و دبدبہ اور عز و شرف کو حاصل کریگا اور اسی طرح جب کسی نے دیکھا کہ اوسکے پاس گھوڑا ہی یا اوس نے گھوڑا لیا ہی اور باندھا ہی تو وہ بھی صفات مذکورہ کو پہونچیگا چنانچہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

اگر کسینے نسبت بذات فرس یعنی بابت اوسکے لوازم زین و لجام و رکاب وغیرہ کی کچھ نقصان دیکھا تو یہ نقصان بیچ مرتبہ و عز و شرف اوس شخص کے ہوگا بقدر نقصان کی جو خواب مین دیکھا ہی اور اگر خواب مین یہ دیکھا کہ اس گھوڑی کی دم لمبی یا بھاری ہے تو اوس شخص کے لیے اتباع یعنی خدم حشم ہونگے بقدر طوالت و حجم اسدم کے ہو یا اگر وہ گھوڑا مہلوب یا مقطوع دم ہی یعنی باعث انبوہی دم کی اوسکے بال اوکھڑے ہوے یا کاٹے ہوے ہین تو اتباع اوس شخص کے تھوڑے ہونگے اور دیکھنا خواب مین اوسکے سارے اعضا کا شعبہ و آثار دبدبہ ہے واسطے صاحب خواب کے بقدر منزلت اوس عضو کے اور اگر کسی نے خواب مین دیکھا کہ گھوڑا اوسکا شوخی یا شور کرتا ہی تو یہ شخص مرتکب کسی معصیت کا ہوگا اور کسی امر ہولناک کو پہونچے گا بقدر قوہ اوس گھوڑے کے اس مقام مین جہان وہ بشگوخیدگی یعنی لغزش و جنبش سے درماندہ ہی شل باے لا دیوار و بام یا اندر صومعہ یعنی حجرہ وغیرہ کے چنانچہ عز و شرف اس شخص کا پیش مردم مستضعف و مستخف ہوگا و بنا بر تاویل دیگر کے یہ معصیت ذو قباحت و شناعت ہے کہ جسمین خوف و ہول ہے اور اگر کسینے یہ خواب دیکھا کہ گھوڑا اوسکے تئین درمیان آسمان اور زمین کے اوڑاتا پھرتا ہے یا یہ دیکھا کہ اوس گھوڑے کے دو بازو یعنی دو شہپر ہین تو یہ حق مین صاحب خواب کے عزت و شرف ہے کہ دنیا و آخرت مین اوسکو حاصل ہونگے اور کبھی تعبیر اوسکی یہ ہے کہ وہ گھوڑا اپنے صاحب کو سفر کرائیگا اور اگر کسی نے خواب مین کسی گھوڑے کو دیکھا کہ و

کہ وہ شہر مین یا درمیان گھوڑونکے یعنی گلیون مین دوڑتا پھرتا ہی تو یہ ازروی تعبیر کے
سیلاب و شدت بارش ہی پھر اگر اوسپر زین بھی بندھا ہی تو یہ باعث اجتماع فرح و
ترح کا ہی یعنی اس صورت مین خوشی و رنج دونون مجتمع ہونگی الوان اخیل یعنی رنگہای
اسپان چنانچہ اگر گھوڑا ابلق تو صاحب استمرار کریگا یعنی مداومت اور گذران کریگا
نسبت اوسی امر کے جسمین وہ ہی اور اگر گھوڑا ادہم یعنی مشکین ہے تو یہ شخص مال و سرور کو
پہونچیگا اور اگر کمیت ہی تو یہ اوسکے لیے قوۃ و اصلاح ہی دین مین اور اگر وہ
اسمر یا سمیر یعنی گندم گون زیادہ یا کم ہے تو یہ شخص گردش و گشت کریگا سخت
زمین کی اور اگر ابیض یعنی نقرہ تو تعبیر اوسکی مثل ابلق کی ہی اور اگر وہ احمر یعنی رنگ سرخ
ہے تو وہ نیک انجام جمیع اوقات مین ہی اور بہترین اسپان ازروی صفات مذکور کے
اسپ محجل یعنی چکلیان ہی اور اگر کسینے خواب مین کسی شخص کو اپنی گھوڑی پر اپنا ردیف
یعنی اپنے پیچھے سوار کرلیا ہے تو یہ مرد ردیف رسائی کریگا اوس امر مین جسکی
نسبت طرف صاحب خواب کے ہے یعنی اسکے کام مین دخل کریگا فرس
انثی یعنی اسپ مادہ کہ وہ ازروی تعبیر کے بمنزلۂ زن ہی چنانچہ جس شخص نے خواب مین
دیکھا کہ وہ کسی گھوڑی کا مالک ہوا ہی یا اوسپر سوار ہوا ہی اوس صورت مین کہ
خود اوسکا مالک بھی ہی تو اوس شخص کو کوئی زن شریف و مبارک ہاتھ لگیگی اور
اگر وہ گھوڑی ادہم مشکی ہی تو بمنزلہ زن تونگر کے ہے اور اگر وہ شہبا یعنی سفید
مائل بسیاہی ہی تو وہ عورت جمیلہ بھی ہوگی اور اگر وہ گھوڑی خضرا یعنی سبزی
ہی تو وہ عورت با وصف اون صفتون کے لاہیہ و مغنیہ یعنی کھیلنے والی اور گانیوالی
بھی ہوگی یعنی کرہ ذبجہ ناکندکہ دراز روی تعبیر کے بمنزلہ دلہ کے ہی اور جو حادثہ نسبت

رویت الوان اسپ تحجیل

رویت اوصاف فرس انثی یعنی اسپ مادہ

الوان ادہم و شہبا و خضرا

اسپ کے خواب مین دیکھا جائیگا قتل یا موت یا سرقہ وغیرہ تو یہ حق مین اوسکی زوجہ کے ہوگا

اکل لحم فرس

و اکل لحم فرس یعنی کھانا خواب مین گوشت گھوڑیکا معبر بجاہ و شرف ہے اور یہ شخص نیکنامی کو پہونچیگا اور رزق حسن یعنی فراخ و حلال حاصل ہوگا

فرس مجہول

فرس مجہول یعنی اسپ نامعلوم الحال جبکا یہ شخص مالک نہوا اور اوسپر کبھی سوار بھی نہوا ہو اگر اوسکو خواب مین دیکھیگا تو یہ شخص عظیم القدر اور عزیز و شریف ہوگا اور اگر کسی شخص نے کسی گھوڑیکو دیکھا کہ وہ کسی محلے یا مکان مین داخل ہوا ہے تو وہان ایسا شخص وارد ہوگا جو مرد عظیم الشان اور عزیز و شریف و گرامی قدر ہوگا اور اگر کسینے خواب مین گھوڑیکو اپنے مکان یا اپنے محلے سے نکلتے دیکھا تو اوسیطرح یہ شخص بھی یعنی صاحب خواب وہان سے نکلے گا بہ طریق نقل مکان خواہ بموت نکلے گا

رویت براذین

براذین جمع برذون واحد بمعنی اسپ ستور و شترکہ از روی تعبیر کے وہ بمنزلہ جد و جہد اس شخص کے ہے یا وہ اوسکا حظ و نصیبہ ہے چنانچہ جس شخص نے خواب مین اوس برذون کو مطلوع یعنی نرم گردن اور تابع لگام دیکھا تو تعبیر یہ ہے کہ جد و جہد اوسکے موافق ہوگی اور اگر اوس برذون کو برعکس اسکے سرکش و منھ زور دیکھا ہے تو بنا بر تعبیر کے اوسکی جد و جہد مخالف ہوگی اور اگر اوس برذون پر اپنی سواری دیکھی ہے اور اوس شخص کو عادت سواری اسپان عربیہ کی ہے تو اسصورت مین صاحب خواب کے رتبے کو تنزل ہوگا اور اوسکے حظ و حصہ مین نقص و خلل پڑیگا اگر اوس شخص کو ہمیشہ عادت سواری براذین کی ہے تو ذکر اوس شخص کا مشتہر اور آوازہ اوسکا بلند ہوگا و اناثات البراذین مثل اناث الخیل ہے یعنی مادیان براذین

اناث براذین

ازروی تعبیر کے مثل مادیان اسپان ہین اوراسی طرح رنگ اونکے اور انکے
یکسان ہین مگر کہ مادیان براذین بمنزلہ زنان عجمی کے ہین نہ بمثل زنان عربی کے
بغل یعنی استر کہ ازروی تعبیر کے وہ مرد ہے جبکا حسب ونسب نہین مثل
غلام وشبان وولدالزنا کے اور وہ بمنزلہ مرد قوی وشدید کے ہے چنانچہ

روئیت بغل

جس شخص نے یہ خواب دیکھا کہ وہ بغل پر سوار ہوا ہی اوراسی صفت کا کوئی
اوسکا دشمن بھی ہے تو تعبیر اوسکی یہ ہے کہ سوار اوسپر غالب وفیروزمند ہوگا
بشرطیکہ صاحب خواب مرد ہی اور اگر کوئی عورت یہی خواب دیکھنے والی ہے
تو وہ کسی ایسے مرد سے جو صفت مذکورہ پر سخت وقوی ہوگا نکاح کریگی اور
کبھی بغل سے تعبیر سفر ہے ابن جرجم کہتا ہی کہ سفر بالفتح بمعنی معروف وسفر بالکسر بمعنی
جاروب وسفر بضمتین بمعنی ہیک وسپس روہی اور اگر وہ بغلہ ہے یعنی مادہ

روئیت بغلہ

استر ہے تو وہ ازروی تعبیر کے بمنزلہ زن عقیمہ کے ہی چنانچہ جب کسی نے خواب
مین دیکھا کہ وہ مادہ استر یعنی خچری پر سوار ہوا ہی یا اوسکا مالک ہوا ہی اور
اوسکا اسباب زین ولگام وغیرہ پورا ہی تو معبرین نا آبستنی ہی والوان بغال

الوان ولحوم بغال

ازروی تاویل کے مثل الوان اسپان کے ہے جیسا کہ سابق مذکور ہوا اور
کبھی تعبیر بغلہ کی جاہ ومنزلت ومنصب مردم ہے اور لحوم بغال یعنی گوشت
خچر ونکا اور اونکی کھال معبر جال ہے بحسب مقدار اوس چیز کے جو اوسکی
طرف منسوب ہے یعنی گوشت ولبن البغلہ یعنی شیر مادہ استر ازروے

لبن البغلہ

تعبیر کے مکروہ ہے اوس شخص کے لیے جسنے اوسکو پیا کہ اوسکو خبر اور
تنگی بقدر شرب اوس شیر کے پہونچیگی اور یہ اوس شخص کیجانب سی ہوگی جسکی

طرف وبغلہ منسوب ہے یعنی بغلہ بمنزلہ زن عقیمہ ہے رویت حمار یعنی خر کہ وہ بمعیار تعبیر کے جد وجہد اور نیکی ولفیبہ صاحب خواب کا ہے اور حمار ازروی تعبیر کے نرودن سے بہتر ہے چنانچہ جس شخص نے خواب مین کچھ فزونی زیادتی نسبت حمار کے دیکھی تو وہ نسبت اوسکی سعی وکوشش ونیکیون کے ہوگی اور مادہ خر مثل نر کے ہے اور بہتر ہے سائر خیر واقبال مین اور جس شخص نے خواب مین دیکھا کہ وہ خر سوارہ ہے اور وہ خر اوسکے قابو مین ہے اور اوسکی نرم گردن ہے تو بہر آئینہ سعی کوشش اوس شخص کی عین بیداری و ہوشیاری ہے واسطے خیر کے اور تحریک ہے برائے جمع مال ورزق پھر اگر وہ حمار سیاہ رنگ ہے تو اوس شخص کو مال اور سرداری حاصل ہوگی اور سائر رنگہای حمار مثل رنگہای اسپ ہین جیسا کہ مقدم مذکور ہوا اور درمیان اسپ وحمار کے ازروی سواری اور اوسکے باندھے اور بیچنے اور اوسکے مالک ہونے اور اوسکی گرداوری کے کچھ فرق نہین ہے اور حمار موقوفہ (یعنی وقف کیا ہوا یا موقف جسکے دونون پہلو پر سفیدی ہو) تو یہ بہتر اور کثیر الخیر ہے اور اگر کسی نے خواب مین دیکھا کہ وہ حمار پر سوار ہے اور اوسکو چلاتا ہے پھر اوس پر سے گر پڑا ہے تو تعبیر اوسکی یہ ہے کہ وہ شخص جس حال مین ہے اس سے پشت پر تنزل کریگا اور کبھی تعبیر یہ ہوگی کہ وہ شخص مرجاویگا اور جس شخص نے یہ خواب دیکھا کہ وہ پشت حمار سے اوترتا ہے اور اوترنا معمولی طور پر ہے تو یہ کچھ اوسکو ضرر نہ کریگا اور اگر بعد اترنے کے اوس نے اپنے دل مین یہ قصد کیا کہ اب اوسکے طرف عود بسواری کریگا تو تعبیر اوسکی یہ ہے

رویت حمار
رویت حمار مادہ
ف یعنی بخلاف گردن کے
رویت حمار موقوفہ
اوترنا پشت حمار سے

رویت زرثمن

کہ وہ جس حال سے ہی تنزل کریگا پھر اوسکی طرف عود و ترقی نہ کر سکیگا اور اگر کسی نی
خواب مین دیکھا کہ وہ خرید حمار کرتا ہی اور دراہم و دنیار قیمت کو پرکھتا ہی
یا دیتا ہے تو اوسکے ہاتھہ مین پھر آتا ہے تو بہ از روی تعبیر کے خیر د کلام
ہی کہ صاحب خواب اوسکو بیان کریگا اور اگر کسی نے دیکھا کہ اوسنے زر قیمت
مہیا کیا ہے اور زر مشت ہی مگر دراہم کو نہین دیکھتا ہی اور نہ اوسکو اپنے
ہاتھہ مین پھرتا ہی تو اوس شخص کو خیر حاصل ہوگی اور ادای شکر کریگا اسلیے

عجز حمار

کہ ثمن یعنی قیمت بمنزلہ شکر اس نعمت کے ہے اور جس شخص نے دیکھا کہ اوس کا
خر سست نگاہ یا کانا و بھینگا ہی تو یہ بنابر تعبیر کے اوسکے امور معاش مین التباس
ہے یعنی امر مشتبہ موہوم ہے اور اگر اوسکے خر مین کچھ عجز و درماندگی ہی تو یہ شخص

تحول حمار بفیل یا بفرس

اپنے امر مین ہدایت اور راہ نپادیگا اور اگر کسی شخص نی یہ خواب دیکھا کہ اوسکا
خر استر ہوگیا ہی تو تعبیر اوسکی یہ ہی کہ اوس شخص کی کوشش اور معیشت حوالہ و منتہی
طرف اوس شخص کے ہوگی جسکو اوس سے مناسبت و نسبت نہین ہی یعنی وہ
غیر جنس ہوگا اور صاحب خواب سفر مین رہیگا اور اگر کسینے یہ دیکھا کہ اوسکا حمار
متحول و مستحیل بفرس ہوا یعنی گدہی سی گھوڑا ہوگیا تو معاش اوس شخص کیجانب
سلطان سی یا کسی مرد شریف قوم سی حاصل ہوگی اور اگر کسی شخص نی خواب مین

لحوم حمار ولبن اتان

دیکھا کہ اوسکا خر ناتوان و عاجز ہی کسی شی کی اوٹھانی سے یا وہ درماندہ ہی صعود
یا انحطاط یعنی قدم اوٹھانی سے تو تعبیر یہ ہی کہ اوس شخص کی کوشش دربارہ دنیا سست
دنیکوئی اوسکی بمقدمہ دنیا کوتاہ ہوجاویگی اور اگر کسی نی خواب مین گوشت کسی
حمار کا کھایا یا اوسپر اوسکو دسترس ہوا اور اوس نے اوسکو ذبح کیا تاکہ

گوشت کھاوے تو یہ شخص مال خبیث و حرام حاصل کریگا اور اگر کسی شخص نے خواب مین لبن آتان یعنی شیر مادہ خر پیا تو بنا بر تعبیر کے یہ شخص مبتلای مرض شدید ہوا اور بعضون نے کہا ہے کہ وہ اس مرض سے اچھا ہو جاوے گا واللہ اعلم

باب ہفدہم در بیان تاویل رویت ابل و بقر و غنم و معز و تعبیر مین اونکے لحوم اور الوان کے

ابل فشتر بنا بر تاویل کے کبھی سفر ہے اور کبھی مرد فربہ اندام عربی یا عجمی ہے اگر و شتر بختی ہے تو اس سے بھی یہی تعبیرین ہین جیسا ہمنے ذکر کیا و ناقہ یعنے سانڈنی بمنزلہ عورت کے ہے بشرطیکہ اوسکا خواب دیکھنے والا بے حزن ہو اور اگر مرد یا زن ہے تو وہ معبر بہ سفر یا ملک یا زمین یا مکان اگر کسینے خواب مین دیکھا کہ وہ سوار جمل ہے اور اوسکو چلاتا اور ہانکتا ہے تو یہ شخص سفر کریگا اور اگر اوس جمل نے اوس شخص پر تحول کیا ہے یعنی جست ماری ہے تو یہ شخص اندوہگین و حزین ہوگا یا کسی مرض مین مبتلا ہوگا اور اوس شخص نے یہ دیکھا کہ وہ بعیر یعنی شتر سے قتال یا نزاع کرتا ہے تو بنا بر تعبیر کے یہ شخص اپنے دشمن سے مقابلہ کریگا اور اگر وہ جمل بختی ہے تو وہ بمنزلہ مرد عجمی کے ہے اور اگر کسی شخص نے خواب دیکھا کہ اوسکے میان اہل بہ کثرت ہین کہ اونکو وہ ہانکتا ہے یا اہل کثیر کا مالک ہوا ہوا ہے تو یہ شخص کسی قوم پر ولایت و حکومت کریگا اور اگر کسینے خواب مین کسی اہل نامعلوم کو دیکھا کہ وہ کسی سرزمین یا کسی محلہ یا قریہ مین داخل ہوا تو تعبیر یہ ہے کہ

باب ہفدہم در بیان تاویل رویت ابل و بقر و غنم و معز و نجوم و الوان

رویت لحوم الابل

کہ وہان کوئی دشمن داخل ہوگا اور کبھی تعبیر اس خواب کی سیلاب یا وبا
یا مرض ہے اور اگر وہ اہل دنیک شایستہ ہی تو انجام داخلہ اوس عدد کا یا مرض
یا وبا کا بخیر و برکت و صلاحیت ہوگا اور اگر وہ اہل بکردہ ناشایستہ ہی تو امر بر
عکس خیر مذکورہ کے واقع ہوگا لحوم لابل یعنی گوشت اہل کا بنا بر تعبیر مال اوس
شخص خواب مین دیکھے کہ اوسکے گوشت سے کچھ کھاتا ہی تو اوسکو مرض پہونچیگا
اور اگر کسی نے یہ خواب دیکھا کہ وہ ناقہ کا دوہتا ہی تو اوس شخص کو مال حلال
کسی عورت سے حاصل ہوگا اگر کسی نے خواب مین اوس ناقہ سے سوائے
دودھ کے کچھ اور مثل خون یا ریم کے دوہا ہے تو یہ مال جو اوس عورت سے
حاصل کریگا حرام ہوگا اور اگر کسی شخص نے خواب مین دودھ ناقہ کا پیا ہے
وہ حالانکہ اوسنے دودھ اوسکا خود نہین دوہا ہے تو یہ شخص مال
حلال کریگا کسی فربہ اندام صاحب علیہ دوبدبہ سے فصیل الناقہ
یعنی بچہ شتر جسکا دودھ چھوڑایا گیا ہو از روے تعبیر بمنزلہ ولد کی ہی
اگر کسینے یہ دیکھا کہ اوسکا ناقہ اوسکے پاس سے نکلگیا یا گم گیا یا چوری گیا
تو اوسکی زوجہ اوس سے مفارقت کریگی ثور یعنی نرگاؤ کہ ازروی تعبیر کے وہ
مرد فربہ اندام ہے اور وہ عادل اہل کار ہے عمال سلطان سے
یا کوئی شخص صاحب صنعت وہ ذی قوت ہے لبشرطیکہ اوس نرگاؤ
کے سر پر شاخ ہو اور اگر اوس بیل کے سینگ نہین ہے
تو وہ از روے تعبیر کے مرد حقیر ذلیل و کوتاہ قامت
ہی کہ صاحب کی نعمت اوس سے چھن جاوے گی بقیہ

رویت فصیل الناقہ

رویت ثور

یعنی گاؤ مادہ کا زردی تاویل کے سال ہی اور کبھی سبز ہی چنانچہ اگر کسینے یہ خواب دیکھا کہ وہ کسی ثور پر سوار ہی یا اوسکا مالک ہوا ہی تو یہ شخص خدمات سلطان سی کسی خدمت پر فائز ہوگا اور اس عمل خیر کو پہونچیگا یا کسی عامل سلطان سے حصول مکنت کریگا اور اوسکی حمایت مین اوس سے خیر کو پہونچے اور اگر کسینے یہ دیکھا کہ وہ ثور اوسکے گھر کے اندر داخل ہوا اور اوس شخص نے اوسکو مضبوط باندھا ہی تو جائز و حلال ہوگا اوسکیلیے وہ مال جو اوسکو پہونچیگا اور یہ ثور اوسکے حق مین موجب فرید خیر ہوگا اور اگر کسی شخص مال پر حاکم ہوگا اور مال نیچے اوسکے ہاتھ کے ہوگا اور اگر کسینے یہ خواب دیکھا کہ بیل نے اوسکو سینگ ماری ہی تو یہ شخص اپنے عمل یعنی کام سے معزول ہوگا اور بقدر اوس سینگ مارنیکے اوسکو ضرر و گزند پہونچیگا اور یہ دیکھا کہ اوس بیل کے سینگ ٹوٹ گئے ہین تو یہ شخص اپنے عمل و کام مین مکروہ و سختی کو پہونچیگا اور خدمت سے معزول ہوگا اور قرون الثور یعنی شاخہای ستور بنسبت صاحب خواب کے بمنزلہ عزت و مال و سلاح کے ہی اور اگر کسی عورت نے دیکھا کہ وہ ثور پر سوار ہی تو وہ کسی مرد سے نکاح کریگی اسی حالت پر اور یہ اوس صورت مین کہ اوسکے شوہر نہوگا اور اگر شوہر اوسکا موجود ہوگا تو اوس وقت تعبیر یہ ہوگی کہ شوہر اوسکا اوس سی نرمی کریگا اور وہ اوسپر مستولی ہوگی لحم ثور بنا بر تعبیر کے مال ہی اگر وہ ثور عامل یعنی زراعت یا آب کشیکا ہی و جلد ثور یعنی کھال بیل بمنزلہ ترکہ و میراث اوس

فائدہ: بیان مجملا و مفصلا دیگر ... یعنی بچہ بیل ... گاڑی پر سوار ہوگی ۱۲

قرون الثور

رویت شکم ثور

رویت جلد ثور

لحوم البقر وجلودہا وارواثہا

اوس شخص کے ہی چنانچہ جس شخص نے خواب مین کسی ثور کو ذبح کر کے گوشت اوسکا تقسیم
کر دیا تو وہ شخص مر جائیگا اگر وہ ثور جسکو ذبح کر کے گوشت تقسیم کر دیا ہی غیر عامل ہی
تو یہ شخص اوس جگہ جہان ذبح کرتے دیکھا ہی مریگا اور اوسکا مال تقسیم کیا جائیگا
اور اگر کسی نے خواب مین ثور یعنی بیل یا عجل بچہ گاؤ یعنی بچھڑے کو جو ابھی قابل
عمل کے نہوا ہو ذبح کیا تو صاحب خواب کسی شخص پر قہر و غلبہ کریگا اور مال
اوسکا بدون مرگ اوسکے یعنی اوسکے جیتے جی کھا جاویگا اور یہ شخص مثل اوس
شخص کے نہین ہی جسنے ثور کو ذبح کیا اور خود گوشت اوسکا نہین کھایا بیران
مجہول یعنی گلہ گاؤان جسکے مالک کا نام و نشان معلوم نہو جب کوئی اونکو
خواب مین دیکھے کہ اندر کسی محلے یا مکان مین داخل ہوے ہین تو تعبیر اوسکی امراض

رویت بقرہ

یا وبا ہی کہ اوس مکان مین واقع ہوگی خصوصاً جبکہ رنگ اون گاوان کی
مختلف بسرخی و زردی ہون بقرہ یعنی گاؤ مادہ معبر بسال ہی جیسا کہ سابق
مذکور ہوا اور کبھی تعبیر زن ہی اور بقرہ سوداء یعنی گاؤ سیاہ عبارت سے
سال فراخ سے اور جبکہ گاوان سیاہ مجتمع ہون تو تعبیر بسالہائے فراخ ہی بقدر
ذبحی اون گاوان مجتمعہ کے اور اگر گاوان مذکورہ لاغر ہین تو تعبیر اوس
بسالہائے تنگ ہی چنانچہ اگر کسی نے خواب مین گاوان فربہ دیکھین تو وہ معبر بسال

بیران مجہول

فراخ ہی بشرطیکہ صاحب خواب مالک ان گاوان کا ہی یا وہ گائین اوسجگہ کے
رہنے والون کی ہین جہان کا صاحب خواب باشندہ ہی لحوم بقر یعنی گوشت
گاؤ تعبیر باموال ہی جو کہ ان سالہائے فراخ مین حاصل ہو اور اسی طرح جلد
اور سرگین اونکا یعنی کھال اور گوبر کہ اونکی تعبیر بھی تحصیل اموال ہی اور اسیطرح

سائر چرندگان و دواب جو جنگلون مین چرتے پھرتے ہین اوران سب سے تعبیر مال ہی
مگر یہ کہ حرام ہوتا اونکا یا حلال ہوتا حسب خوشبو و بدبو اونکے انذام کے ہی اور
اوسی طرح عذرہ یعنی پشک جو شکمون سے نکلتی ہی وہ بھی مال ہی مگر جب کہ غدرہ
اسقدر بہ کثرت ہو کہ اوس مین وہ شخص چھپ جاوے تو اوسکی تعبیر نہین ہی اور اوسکا
ذکر بیشتر گذر چکا ہی اور فربہی اوس جانور کی جو اون دواب مین ہی زیادہ شیردار
ہو تو تعبیر اوسکی فراخی سال و تونگری ہی اوس شخص کے لیے جو اوسکو پاوے یا اوسکا
مالک ہو اگر کسی نے یہ خواب دیکھا کہ وہ شخص گاے دوہتا ہی اور دودہ پیتا ہے تو تعبیر
اوسکی یہ ہی کہ اگر صاحب خواب محتاج ہی تو تونگر ہوگا اور اگر غنی ہی تو اوسکی
زیادہ ہوگی اور اگر وہ شخص غلام ہی تو آزاد ہوگا اور وہ صاحب مولاۃ و کنیزان
ہی اونکا نکاح کردیگا یعنی اونکو شوہر والیان کریگا اور اگر کسینے گاہ حاملہ
خواب مین دیکھی تو بنابر تعبیر کے وہ ایسا سال ہی جسکے خیر و برکت کی امید ہے
کبش یعنی مینڈھا بنابر تعبیر وہ مرد فربہ اندام ہے اور درمیان مردم منظور
نظر و بخیر مذکور ہے اور تونگر بلند مرتبہ اور مرد شجاع چنانچہ جس شخص نے خواب
مین دیکھا کہ اوسکو کوئی کبش دستیاب ہوا یا اوسکا مالک ہوا ہے تو یہ
شخص غلبہ و دبدبہ اور مال و منال حاصل کریگا اور کسی مرد توانا و تنا ور
پر غالب ہوگا اور اگر کسی نے یہ خواب دیکھا کہ وہ کبش کو ذبح کرتا ہی
بدون غرض اوسکے گوشت کے تو یہ شخص ظفریاب ہوگا کسی شخص
صاحب عزت و جاہ پر اور اگر کسی نے یہ خواب دیکھا کہ وہ اوس مینڈھے
کی کھال کھینچتا ہے تو یہ شخص اس مرد عزیز بمنع کا مال لیگا اور

سائر دواب

حلب بقر

بقرہ حاملہ

رویت کبش

درمیان اپنے اور اوسکے تفرقہ اندازی کریگا اور اگر اوسکا گوشت بھی کھاتا ہے تو اوس شخص کا مال کھا جاویگا اور کسینے خواب مین گیس کی سواری کی ہے اور اوسکو جدھر چاہتا ہے پھرتا اور پھراتا ہے تو یہ شخص اوس شخص سے جابر نخیر ہوگا اور اگر کسینے یہ خواب دیکھا کہ گیش کو اپنی پشت پر اوٹھایا ہے تو یہ شخص کسی شخص کا بار منت یا محتاج کا اوٹھاویگا اگر کسی شخص نے یہ خواب دیکھا کہ خود گیش اس شخص پر سوار ہوا یعنی چڑھ بیٹھا تعبیر اوسکے کہ اوس صاحب خواب پر تسلط و قہر کریگا اور اگر کسینے یہ دیکھا کہ مینڈھا اوسکو ٹکر مار کر زمین پر گراتا ہے تو یہ شخص مقہور درماندہ ہوگا اور اوسکی قوت و نیز بیخ دفع دشمن جاتی رہیگی اگر کسی نے خواب دیکھا کہ وہ مالک گیشان کا ہوا ہے تو یہ شخص مالک و قادر ہوگا اوپر مردمان اشراف و عظیم الشان کے اور اسی طرح کی تعبیر اوسکے لیے ہے جسنے یہ خواب دیکھا کہ وہ گلہ گیشان کی شبانی اور چرواہی کرتا ہے اور اگر کسینے یہ خواب دیکھا کہ اوسنے کسی گیش کو از براے قربانی یا غیر گیش کے کسی اور قربانی کے جانور کو ذبح کیا ہے اور تو بنا بر تعبیر کے ازادی گردن غلام اور رہائی اسیر ہے اور شفاے مریض و اداے دین یا تونگری ہے بعد فقیری کی بھیڑ یعنی زمیش بھیڑی تنبا بر تعبیر کے زن شریفہ و کریمہ و مخطیہ یعنی بہرہ ور وے بی شوہر ہے اگر کسی نے یہ خواب دیکھا کہ اوسکو کوئی دنبی ہاتھ آئی ہے یا وہ اوسکا مالک ہے یعنے ادسیر اوسکا دسترس ہوا ہے تو اوس شخص کو کوئی عورت ہاتھ آویگی اور اگر اوسنے یہ دیکھا کہ اوسکو ذبح کیا ہے تا کہ اوسکا گوشت کھاوے تو یہ شخص اوس

تو یہ شخص اوس عورت سے خیر و مال حاصل کریگا اور اگر اوسنے اوس دنبی کو بغیر ارادے
گوشت کھانے کے ذبح کیا ہی تو یہ شخص کسی عورت سے نکاح کریگا اور اگر کسی نے
خواب مین کسی دنبی کو دیکھا کہ اوسکے گھر سے نکل گئی یا ضایع ہوئی یا چوری
گئی یا اوس شخص کیلیے دربارہ زوجہ اوسکے کوئی ایسی بات واقع ہوگی جو
موجب اوسکی ناخوشی اور برائی کی ہوگی شحوم الغنم یعنی چربی بز میش بھیڑ
کی اور گوشت پوست اور شیر اور پشم اوسکا اور مینگنی اوسکی یہ سب ازروی
تعبیر کے بمنزلہ مال غنیمت کے ہے بشرطیکہ صاحب خواب کو ان چیزونسے
کچھ ملا ہی سخلہ یعنی برہ و بزغالہ بنابر تعبیر کے بمنزلہ پسر ہو چنانچہ اگر کسی نے یہ خواب
دیکھا کہ وہ اس شخص کو ہاتھ لگا ہی تو اسکے یہان پسر متولد ہوگا اور اگر کسی نے
یہ خواب دیکھا کہ وہ اس شخص کے ہاتھ لگا ہی تو اسکے یہان پسر متولد ہوگا اور
اگر کسی نے یہ دیکھا کہ اوسنے کوئی سخلہ یعنی برہ بدون ارادے گوشت کے ذبح کیا
ہی تو بنابر تعبیر کے اوسکا پسر یا کوئی اوسکے اہل سے مرجاویگا اور اگر اوسنے
خواب مین یہ دیکھا کہ وہ گوشت سخلہ کا کھاتا ہی تو یہ شخص بدولت اپنے اس ولد
کے مالدار ہوگا اور اگر کسینے یہ خواب دیکھا کہ وہ لحم شاہ یعنی گوشت گوسپند یا
بکری کا ہوا کھاتا ہی تو یہ شخص روزی و فراغی حاصل کریگا اور اگر کسی شخص نے یہ خواب
دیکھا کہ وہ گوشت خام و ناپختہ کھاتا ہی یا کہ اوس گوشت سے کسی آدمی کو
مارتا ہی تو یہ شخص کسی شخص کی غیبت کریگا یا اوسکا مال کھاویگا اوسکو اپنی
زبان سے ضرر و ایذا پہونچاویگا اور اگر کسینے یہ خواب دیکھا کہ وہ گوشت بریان کھاتا
ہی تو یہ شخص ایسی چیز پاویگا جس سے اوسکو رنج و تعب تو کچھ پہونچیگا اور اگر کسینے خواب دیکھا کہ کوئی بکری کھال

ہو گی یعنی صاف کی ہوئی اوس شخص کے گھر مین یا اوسکے محلہ مین داخل کیگئی تو اوس مقام
مین کوئی شخص مریگا اور اگر اعضای شاۃ سے کوئی عضو دیکھا ہے تو جسکی طرف وہ عضو
منسوب ہے وہ فوت کریگا اور اوس شخص نے شاۃ کو یا اوسکے کسی عضو کو کھایا ہے
تو اوس شخص کے عترۃ و اقارب مین سے کوئی مریگا اور اگر اوسکی پسلی کا گوشت کھاتا
ہے یا اوسکا استخوان پہلو چباتا ہے تو اوسکے یہان کوئی عورت مریگی اور یہ جملہ
تعبیرات مین شرط ہے کہ وہ گوشت تازہ ہو اور اگر کسی نے یہ خواب دیکھا کہ وہ
گوسفند چراتا ہے تو یہ شخص لوگون پر ولایت حکومت کریگا عنز قسم بز وا ہو گر یہان
مراد بز ہے چنانچہ اگر وہ نر ہے تو بنا بر تعبیر کے عزت و بہرہ مندی مین مثل
کبش کے ہے اور قایم مقام کبش کے ہے اون جملہ اوصاف جنکا ہمنے
ذکر کیا ہے اور عترہ یعنی بز مادہ دار و دے تعبیر کے مثل نعجہ کے
ہے مگر یہ کہ شرف عترہ کا کمتر شرف نعجہ سے ہے اور بعضون
نے کہا ہے کہ عنز مثل بقرہ کے ہے مگر وہ کمتر ہے بقرہ سے فراخی
سال و برکات مین شعر موئے عنز کا مثل صوف پشم گوسفند کے ہے
تعبیر مین اور بروہ بچہ اوسکا اور شیر اوسکا مثل برہ و شیر نعجہ کے
ہے مگر شرف مین اوس سے کمتر ہے ولحم المعز یعنی بز چہ نحیر
گوشت اوسکا از روے تعبیر کے مرض ہے اوس شخص کے لیے
جسنے خواب مین گوشت مغز کا تمام کھایا یا کچھ اوس مین سے کھایا
قصاب مجہول یعنی گاؤکش نامعلوم بنا بر تاویل کے بمنزلہ ملک الموت
ہے چنانچہ اگر کسی شخص نے خواب مین دیکھا کہ وہ کسی سے کسی قسم کا

گوشت خرید کرتا ہی اور قصاب کے گھر گیا ہے تو یہ شخص مصیبت زدہ ہوگا بہ نسبت اوس عضو کے جسکا گوشت لیا ہی اور اگر اوس شخص نے اوس گوشت کی قیمت بھی دی ہی تو یہ شخص اپنی مصیبت پر اجر پاویگا اور اگر قیمت نہین دی ہی تو اس مصیبت مین جزع وزاری کریگا اور کچھ اجر نہ پاویگا اور اگر کسینے یہ خواب دیکھا کہ وہ بشکل گوسفند کے ہوگیا ہی تو یہ شخص خیر وبرکات کو پہونچیگا اور جمیع اجزاے گوسپند جو اوسکی شکم کے اندر ہی مثل جگر وچربی ودل وتلی وگردہ وغیرہ کہ یہ سب ازروی تاویل کے بمنزلہ مال منقولہ کے ہین کہ صاحب خواب اوسکو نکالیگا یعنی حاصل کریگا پس جس شخص نے خواب مین دیکھا کہ وہ ان چیزون سے کھاتا ہی یا اون مین کوئی چیز اوسکے قبضہ مین ہی تو یہ بھی بمنزلہ مال کے ہی اور ان چیزون کے مطبوخ وبریان وقلیہ مین کچھ تفاوت تعبیر نہین ہی اور اسیطرح یہ اجزاے سائر حیوان سواے شاہ کے ہین یعنی اجزاے شاہ بہ نسبت دیگر حیوانات کے بہتر ہین اور اوس سے اجزا اندرونی آدمی بطریق اولی وافضل ہونگے اور اس شاہ وغیرہ حیوان یعنی ہر کلی جاندار کا دلالت کرتا ہی طول عمر پر نسبت اوس شخص کے جسنے خواب مین اوسکو کھایا ہی اور وفور مال وکثرت خیر پر بھی دلالت کرتا ہے اور بہترین سر ہر ایک کے حیوان ازروی تعبیر کے سر آدمی ہے واللہ اعلم،

باب ہیجدہم رویت مین ان وحشیان بیابانکے جنکا گوشت کھایا جاتا ہے مثل حمار وبقرہ وعول طبارہ اور گوشت وشیر اونکے

ذکر الوحوش یعنی وحشیان ترکہ یہ سب بنا بر تاویل کے بمنزلہ مردمان بیدین کے ہین
جنھون نے جماعت مسلمین سے نفاق کیا اور اپنے خواہشہای نفسانی کی پیروی
کی اور یہ تعبیر اس صورت مین ہی کہ صاحب خواب نے میل اوسکے شکار کرنے
کا نہ کیا ہو چنانچہ جس شخص نے یہ دیکھا کہ وہ حمار وحشی پر سوار ہوا یا ثور وحشی
وایل وحشی پر سوار ہوا یا اس مین سے کسیکا مالک ہوا یا اوسپر تمکن و دسترس
وہم پہونچایا یا اوسکے پاس آیا یا اوس سے مخالطت و سازگاری کی اور اوسکے
شکار کرنے کا قصد نہین رکھتا ہی تو بنا بر تعبیر کے یہ شخص کسی مرد بیدین کیساتھ
مخالطت سازگاری کریگا اور اوس سے تمکن و دسترس پاویگا اور اگر ان [illegible]
مین اور جو اون دونون یعنی فیمابین اوس جانور اور صاحب خواب کے
غالب ہوگا وہی ظفریاب ہوگا باعث اختلاف جنسیت و نوعیت اون دونون
دونون کے اور جب کہ کسینے خواب مین دیکھا کہ اتفاق نزاع درمیان دو
یک جنس کے واقع ہوا یعنی دونون حمار یا دونون بقر ہین تو ان دونون مین
جو غالب تھا وہی مغلوب ہوگا جیسا کہ ہمنے ذکر کیا ہے قصہ عبد اللہ بن
زبیر و عبد الملک بن مروان اور اگر صاحب خواب نے خواب مین قصد شکار
بھی کیا تو بہ بنا بر تعبیر کے مال غنیمت ہے کہ اوسکو وہ جائز و گوارا
کریگا اور در صورت قصد شکار کے درمیان نر مادہ کے کچھ فرق نہین از روی
تعبیر کے واناس الوحوش یعنی وحشیان مادہ جب کہ صاحب خواب
قصد اونکے شکار کا رکھتا ہے و بنا بر تاویل کے وہ بمنزلہ زنان مردمان
و جوار یعنی ہمسایہ کے ہی چنانچہ اگر کسی خواب مین دیکھا کہ وہ کسی آدمی کا شکار

تو اوس شخص کو کوئی جاریہ یعنی چھوکری نیکبخت و ہتیات ہوگی یا کسی زن خوبصورت سے نکاح کریگا اور اگر کسی نے خواب مین کسی آہوی نر کو ذبح کیا تو یہ شخص کسی جاریہ کا ازالہ بکر کریگا اور اگر ذبح کرنا پشت کیجانب سے یا غیر موضع ذبح سے واقع ہوا ہے تو یہ شخص لواطہ کریگا بقر الوحش یعنی گاو دشتی کہ وہ بھی معبر بزن جمیلہ ہے اور اگر کسی نے خواب مین کسی آہو یا گاو کو بغیر قصد شکار کے قتل کیا ہے تو از روی بغیر قصد شکار کے قتل کیا ہے تو از روی تعبیر کے یہ شخص کسی عورت سے مال حاصل کریگا ارنب خرگوش کہ یہ بھی معبر بزن ہے اور دیکھنا اسکا خواب مین نہ ضرر پہونچاتا ہے نہ نفع اولاد وحوش یعنی بچگان وحشیان ماکول اللحم بمنزلہ اولاد آدمیون کی ہین اور کبھی تعبیر اونسی بغلمان و خدام ہے اوس شخص کے لیے جسنے خواب مین اون وحشی بچون سے کوئی بچہ پایا ہو اور جس شخص نے یہ خواب دیکھا کہ وحشیون پر دسترس ہوا ہے یا اونمین کوئی وحشی اوسکے ہاتھہ لگا ہے اور یہ وحشی اوسکی تابع ہے اور یہ شخص اوسکو جدھر چاہتا ہے پھیرتا پھراتا ہے تو بنا بر تعبیر کے اہل خواب کسی قوم پر والی و حاکم ہوگا جلود الوحوش یعنی کھال وحشیون کی اور شیر انکا یا چربی انکی اور اونکے جملہ اجزا و اعضا از روی تعبیر کے مال و منال ہین اسلیے کہ تاویل مین نسبت ان چیزون کی غنیمت و فراخی روزی وغیرہ سے دیگئی ہے اوس شخص کے لیے جسکو لبن وغیرہ سے کچھہ حاصل ہوا

باب نوزدہم تاویل مین رویت فیل و سباع ضاریہ کے جو درندے شکار و درندہ ہین اور فروع اونکے یعنی جو مشابہ فیل و سباع ہین

ذبح وحوش مثل بقرہ وحش آہو - ارنب - اولاد الوحوش - جلود الوحوش - باب تاویل رویت فیل و سباع وغیرہ

تعبیر فیل [illegible]

اور وہ عجمی ہی چنانچہ جس شخص نی یہ خواب دیکھا کہ وہ سوار فیل یا مالک فیل ہوا ہی یا
اوسکو چلانے والا یا اوسکا گھیرنے والا ہی یا اوس مین تصرف کرنیوالا ہی یہ دن
معرکۂ حرب کے تو یہ شخص دبدبہ وقہر وغلبہ کو پہونچیگا اور مملکت ومرتبۂ سلطان عجمی کو
حاصل کریگا اور اگر کسی شخص نے یہ خواب دیکھا کہ وہ گوشت فیل کھاتا ہی تو اس شخص
کو مال وغلبہ حاصل کریگا جسقدر کہ اوسکا گوشت کھایا ہی اور اسی طرح تعبیر اوس شخص کیلئے
ہی جسنے موی فیل یا اوسکی کھال یا ہڈی یا اوسکی تمام اجزا واعضا سی کچھ لیا ہی اور اگر اوسنے
دیکھا کہ وہ سوار فیل ہی ہنگامۂ حرب مین تو از روی تاویل کے غلبہ ہی اصحاب فیل
یعنی فیل سوارہ پر حکایت کہتے ہین کہ ایک گروہ تھا جزیرہ صقلیہ سی چنانچہ اونکی
ملک یعنی بادشاہ نی عزم اوپر قتال مسلمین کے کیا اور بر سبیل دریا ایک لشکر
عظیم تیار کیا اوسی اثنا مین ملک نی خواب دیکھا کہ وہ فیل سوار ہی اور اوسکے آگے
ڈھول ونقارے بجتے ہین اور بعد ازانکہ وہ خواب سے بیدار ہوا اور اپنے
بیان کے اساقفہ یعنی پیشوایان ترسا مین سے بعضونکو طلب کرکے اونسی
قصہ خواب نقل کیا انھون نی اوسکو مژدہ فتح وظفر کی دی اوس امری جسپر اوسکا
قصد تھا ملک نی اونسی اس تعبیر کی دلیل طلب کی اون لوگون نے بیان کیا فیل بزرگترین
حیوانات بیابان سی ہے اور قوۃ وغضب مین اون سب سے سخت تر ہی اور
سوار بھی قایم ومستقل رہیگا بسبب دبدبہ وغلبہ کے اور ڈھول ونقارون کا
آثار فرح وسرور اور مژدہ وشہرہ اور موجب اشتہار کا ہی تمام ممالک مین اسلیے کہ یہ
باجے بجای نہین جاتی ہین مگر پیشگاہ ملوک وسلاطین یا وقفات مسرت وشادمانی
کے پھر جب ملک نے اونسے یہ تعبیر سنی تو اوسکے تئین بہت خوش

حکایت

آیا بعد ازان اونکو رخصت کیا وبعد ازان حکم کیا کہ احبار یہود کو یعنی اونکے علما
کو حاضر لاؤ تو اونھون نے بھی اوسکو مردہ علیہ و نفرت کا دیا آخر انکو بھی رخصت
کیا بعد ازان ایک گروہ کو علماء مسلمانون مین سے طلب کیا اور اونسے
قصہ رویا بیان کیا اور اون مین سے ایک شیخ عالم کیطرف یہ طلب تعبیر اشارہ
کیا تب اوس شیخ نے کہا اگر مجکو امان دو تو مین تم سے تمھارے خواب
کی تعبیر بیان کرون اوس نے امان دی اور قسم کی اوسوقت شیخ نے بیان
کرنا شروع کیا کہ اے بادشاہ مین آپ کے اس عزیمت اور خروج کرنیمین
نہین دیکھتا ہون کہ آپ بخیر فائز ہونگے چاہیے کہ اس لشکر کو جنگ کے لیے
نہ بھیج کیونکہ یہ لوگ وہان سے بسلامت نہ پھرینگے بلکہ مقہور و مغلوب ہونگے
اور اس تاویل مین مجھپر تہمت و بدگمانی نہ کیجئے یہ سنکے ملک نے کہا اے شیخ اس
تعبیر مین تیری کیا دلیل ہے اونھون نے کہا اس بارہ مین مین نے اپنی دلیل کتاب خدا
سے کی ہے اونسے کہا وہ کیا ہے کہا فرمایا حقتعالی نے الم تر کیف فعل ربک باصحاب الفیل
پھر یہ ساری سورہ آخر تک تلاوت کی بادشاہ نے کہا بھلا یہ تمھاری دربارہ فیل کی ہے مگر
دربارہ نقارہ کی تمھاری کیا دلیل ہے انھون نے کہا یہ بھی بنا بر قول حقتعالی کی ہے
کہ فاذا نقر فی الناقور فذلک یومئذ یوم عسیر علی الکافرین غیر یسیر
چنانچہ جسوقت ملک نے کلام شیخ سنا تو گھبرایا اور ڈرا مگر اپنی خوف سے شیخ کو آگاہ ہونے
نہ دیا بلکہ اوس سے کہا اے شیخ اگر تو مسلمانون مین نہوتا تو مین تیری بات کا یقین کرتا
مگر یہ تجکو ناگوار ہے مقابلہ کرنا ہمارا مسلمین سے تب شیخ نے کہا اے بادشاہ آپ اس
بات کو عنقریب مشاہدہ کرلینگے بعد ازان وہ شیخ اور اوسکے ہمراہی سب چلے

گئے اوسکے بعد بادشاہ درباب قول شیخ کے فکر کرنے لگا اور دربارۂ قتال
مسلمین کے ارسال لشکر سے ارادہ اوسکا سست ہوگیا پھر جسوقت یہ خبر
قسیسین و بطارقہ و ولادۃ امر یعنی علماء و روساء نصاریٰ کے اور والیان کو پہونچی تو
وہ لوگ اسبات پر روبرو بادشاہ کے حاضر ہوئے اور کہنے لگے اے بادشاہ
ہمیشہ آپکا غلبہ و اقبال ہے اور تمام آپکی نصرت ہو آپ اوس مرد مسلمان کی
تصدیق کرتے ہین کہ وہ ہمسے کراہت و نفرت رکھتا ہے اور وہ ہمارے قتال
کو مسلمانون سے مکروہ و ناگوار سمجھتا ہے اگر آپ ہمکو اجازت دیجئے تو ہم اوسکو برچھی
مارتے مگر بادشاہ نے اونکو اسبات سے منع کیا بعد ازان وہ سب بادشاہ کے دست
راست پر یعنی قریب کھڑے ہوئے اور اوسکی ہمت و عزیمت کو استوار کرنے لگے
آخر بادشاہ نے اونکے اقوال کیطرف رجوع کرکے اپنے فرزند کو امیر لشکر کیا و
بعد ازان یہ سب روانہ ہوئے اور باز رکھا اونکو کشتی روان و دیگر وجوہ نے
راہ دریا سے اور لشکر مسلمین قیروان سے پہونچکر اونسے مقابل ہوا تب وہ لوگ خشکی
کیطرف دوڑے اور وہان باہم مقاتلہ ہوا آخر بعد تین روز کے اوس لشکر نے بادشاہ
کے لشکریونکو تا آخر فنا کردیا اور اونکے سائر مراکب یعنی اسپان سواری و بار برداری کو
چھین لیا اور اونمین ایک شخص واحد بھی واپس نہ پھرا چنانچہ جسوقت بادشاہ
کو خبر ہلاکت اون لوگون کی پہونچی تو بادشاہ نے اوس شیخ معبر کو اپنے پاس طلب
کرکے بہت سا عذر کیا اور کہا مجھسے مواخذہ نہ کرو کہ ہمنے تمہارے قول پر عمل کیا
اور اوسکے ہاتھ پر بادشاہ اسلام لایا اور اونکے ساتھ احسان عظیم کیا اور انکو شب
روز اپنی ملازمت و مصاحبت مین مقرر کیا اور اون شیخ نے اوسکو تمام قرآن تعلیم کیا

ف قسیسین جمع قس و قسیس عالم نصاریٰ و بطارقہ جمع بطریق رئیس نصاریٰ ۱۲
ع یعنی باعث بادشاہ ... سے ... وغیرہ سے ... ۱۲
یعنی بادشاہ کا لشکر اسلام ... خشکی کیطرف دوڑا ۱۲ ۱۲ ۱۲

یہان تک یہ خبر تمام اہل صقلیہ مین مشہور ہوئی اور کرمانی نے کہا جو کوئی خواب مین دیکھے کہ وہ ننگا ہاتھی پر سوار ہے تو بنا بر تعبیر کے یہ شخص اپنی زوجہ کو طلاق دیگا اسد یعنی شیر کہ از روی تاویل کے بمنزلہ دشمن مسلط اور غالب اور سخت و شدید کے ہے چنانچہ جس شخص نے خواب مین دیکھا کہ وہ شیر سے منازعت یا مقابلہ کرتا ہے تو وہ شخص نزاع کریگا کسی دشمن مسلط قوی سے اور اگر کسی نے یہ خواب دیکھا کہ وہ سوار شیر ہے اور جدھر چاہتا ہے اوسکو پھیر آتا ہے اور پھرتا ہے تو یہ شخص غلبہ و دبدبہ عظیم کو پہونچیگا اور کسی دشمن زبردست کو زیردست کریگا اور اگر کسینے خواب مین دیکھا کہ وہ شیر کے سامنے گیا ہے مگر اوس سے مختلط اور باہم پیوستہ نہین ہوا ہے تو یہ شخص کسی سلطان یا کسی مرد زبردست سے فزع و جزع کریگا یعنی اس سے نالان و ہراسان ہوگا مگر وہ اوسکو ضرر نہ پہونچا ویگا اور اگر کسینے خواب مین دیکھا کہ وہ شیر سے مختلط و باہم پیوستہ ہوگیا ہے اوسکے ساتھ مداخلت کرتا ہے یا وہ شیر اوس شخص کے گھر مین داخل ہوا ہے تو یہ وہی مرد مسلط ہے جسکا وصف ہمنے ابھی بیان کیا ہے اور اگر کسی نے خواب مین دیکھا کہ وہ شیر کا گوشت کھاتا ہے تو یہ شخص سلطان سے یا کسی مرد زبردست سے مال پاویگا اور اسی طرح جب کسی نے دیکھا کہ وہ اپنے خواب مین کچھ کسی عضو شیر سے کھاتا ہے اور جلد یعنی کھال شیر کی از روی تعبیر کے بمنزلہ ترکہ کسی مرد بلند مرتبہ و زبردست کے ہے چنانچہ جو کوئی خواب مین مالک جلد شیر کا ہوا تو وہ مالک میراث کسی مرد عالی مرتبت کا ہوگا لبوہ یعنی مادہ شیر کہ از روی تاویل کے مثل شیر نر کے ہے چنانچہ جس شخص نے خواب مین دیکھا کہ گوشت اوسکے سر سے یا سارا سر اوسکا

رویت اسد

له یعنی اسی طرح حصول مال سلطان سے یا کسی مرد زبردست سے ہوگا جبکہ وہ خواب مین سر تین عضو شیر کا سمجھتا ہے ۱۲

رویت لبوۃ

یعنی اوسکی ساری سپر کو کھاتا ہی یا اوس شیرنی پر اوسکو دسترس ہوا ہی یا اوسکو
رویت ببر
ہنکایا یا گھیر لیا ہو تو بنا بر تعبیر کے ملک عظیم یعنی بادشاہی ہی اور جس شخص نے
خواب مین شیرنی کا شیر پیا تو اوسکو روزی وبرکت حاصل ہوگی اور اپنے دشمن پر
ظفر پاویگا نمر یعنی پلنگ جسکو نیندوا کہتے ہین کہ وہ از روی تاویل کے عدوی
رویت نمر
شدید عداوت اور سخت شوکت سے ہے اور بمنزلہ مرد عظیم الخطر و بزرگ اقتدار
کے ہی اور نمر اسد سے از روی تعبیر کے بہت بڑھا ہوا ہے چنانچہ جس شخص
نے خواب مین دیکھا کہ اوسکی مسابقہ منازعت ومقاتلہ کرتا ہی تو بنا بر تعبیر کے یہ شخص
رویت وبر
نزاع کریگا کسی ویسی مرد شدید العداوت وعظیم الخطر سے اور اگر کسینے خواب مین
دیکھا کہ وہ پلنگ سوار ہی تو یہ شخص شرف وعزت اور سر تک پہونچیگا اور کسی ویسے
رویت فہد
ہی مرد عظیم الخطر وبزرگ الاقتدار پر قہر وتسلط کریگا اور شیر پلنگ بنا بر تعبیر کی حزن
شدید ہی اوس شخص کے حق مین جسنے خواب مین اوسکو پیا ہو یا اوسکے ہاتھ
آیا ہو اور گوشت وپوست اور سائر اعضا سے پلنگ بنا بر تاویل کے مال
ہی کہ صاحب خواب اپنے دشمن سے حاصل کریگا وبر ایک جانور ہی مثل گربہ کے کہ از روی
تاویل کے قایم مقام پلنگ کے ہی فہد یعنی یوز جسکو چیتا کہتے ہین وہ از روی
رویت ضبع
تاویل کے بمنزلہ دشمن احمق کے ہی جو قدر مردم سے جاہل ہو اور کبھی بد
معبر بدخو ہی اور تعبیر مین قایم مقام درندون کے ہی مگر یہ کہ جسنے خواب مین اوسکا
شیر پیا بہت جلد خیر کو پہونچیگا ضبع یعنی گفتار ہندی مین ہنڈار اکہ وہ بنا بر
تاویل کے بمنزلہ زن بد ناشایستہ کی ہی اور یہ بھی قایم تعبیرات مذکورہ کی ہی مگر یا کہ
جسنے خواب مین دودھ پیا ہو تو عورت اوس شخص کی خیانت رویت

رویت ذئب

اور اوسکے ساتھہ غدر کریگی اور اگر وہ صیغ نرہی تو وہ بمنزلہ دشمن مخذول و
مرجوم و ملعون کہ ہی ذئب یعنی گرگ بنابر تعبیر کے بمنزلہ سلطان ظلوم یا مرد زد و
دلا درو کذاب و مخالف کے ہی اور کبھی ازروی تعبیر کے وہ خصم ہے کہ اوس صفت
پر یعنی سلطان ظلوم یا دزد و کذاب کے طور پر صاحب خواب سی مخاصمت کریگا مگر
یہ کہ ہنا اوسکے دودھہ کا موجب خیر کثیر کا ہی اور اگر وہ شخص غمگین ہوگا تو حقتعالی
اوسکو کشایش دیگا اور اگر وہ محتاج ہوگا تو اوسکو تونگر کریگا سنور

رویت سنور

گربہ بنابر تعبیر کے بمنزلہ دزد کے ہے چنانچہ جسنے گربہ کو خواب مین دیکھا کہ
اوسکے گھر مین داخل ہوئی ہی یا کسی اور کے گھر مین گئی ہی تو وہان چور آدیگا
اور اگر وہ گربہ کچھہ لیگئی ہی تو اوس گھر سے کچھہ جاتا رہیگا اور اگر کسینے خواب مین
دیکھا کہ اوسنے بلی کو مار ڈالا یا ذبح کیا تو وہ شخص اپنی دشمن پر ظفر پاویگا اور
اگر کسینے یہ دیکھا کہ بلی اوس شخص سی بے رخی و ناسازگاری کرتی ہی تو یہ شخص
بہت جلد کسی مرض مین مبتلا ہوگا اور اگر وہ بلی مغلوب یعنی دبی ہوئی ہی تو یہ
شخص مرض سی بہت جلد نجات پاویگا اور اگر اس گربہ نی اوسکو دانت مارا ہی تو
اوس شخص کے مرض کو طول ہوگا اور محمد بن سیرین رحمہ اللہ نے اسکی تعبیر مین
یہ کہا ہی کہ وہ شخص ایکسال کامل بیمار رہیگا اور گربہ صحرائی بدتر و سخت تر گربہ خانہ

رویت ابن عروس

پرورده سی ہے ابن عرس و ابن عروس یعنی راسو نیولہ از روی تاویل کے

رویت فرو

قائم مقام گربہ ہی مگر اوس سے کمتر ہی فرو یوزنہ بندر بنابر تعبیر کے بمنزلہ دشمن مغلوب
کی ہی اسلیے کہ اوسنی باعث معصیت و خباثت کی نعمت حقتعالی کو اپنی اوپر تبدیل و تغییر

رویت خنزیر

کر ڈالا اور تاویل مین قایم دزدون کے ہی خنزیر کہ از خوک شنا بر تاویل

کے بمنزلہ مرد سخت خلش و خبیث طبیعت و خبیث دین کے ہی اور جو کچھ اوسکی
گوشت و خون و موے وغیرہ سے ہے وہ معبر بمال حرام ہوگا جیسا کہ اوسکی تعبیر مین
مقدم مذکور ہو چکا ہی مگر یہ کہ خواب مین پیا اوسکی دودھ کا اور روے تعبیر کے صاحب

رویت کلب

خواب مصیبت زدہ ہوگا باہت اپنی عقل اور اپنے حال کی کلب سگ ازروی تاویل
کے بمنزلہ اوس دشمن کی ہی جو حد عداوت تک نہین پہونچا اور منقلب بدوستی ہوگیا اور
وہ دمی ذلیل النفس و کمتر مروت ہی چنانچہ اگر کسینے خواب مین کسی کتے کو دیکھا کہ وہ

گوشت سگ

اوسپر بھونکتا ہی تو یہ شخص کسی مرد بیمروت سے ایسا کلام سنیگا جو اوسکو ناگوار ہوگا
اور اگر کسینے یہ دیکھا کہ وہ کتا اوس سے جھگڑتا ہی یا اوسکو کاٹتا ہی تو یہ شخص اوس
شخص نا ملائم سے کچھ زیادہ سخت تر سنیگا اور اگر اوس کتے نے اوسکو کاٹ لیا ہی یا
اوسکا کپڑا پھاڑ ڈالا ہی تو وہ مرد دریدہ دہن اس شخص کی پردہ دری و آبروریزی
کریگا اور بقدر پھاڑنے کپڑے کی یہ شخص اوس ناکس سے کسی امر زشت کو پہونچیگا اور جس
شخص نے یہ خواب دیکھا کہ وہ گوشت سگ کھاتا ہی تو وہ اپنے کسی دشمن سے مال حاصل
کریگا اور اوسپر غلبہ کریگا اور جس شخص نے یہ دیکھا کہ وہ کوئی کتا پالی ہی اور ہلائی ہوئی ہی

رویت لبن الکلبہ

یا اوسکے سبب کسی چیز پر دسترس پایا ہی تو اس صورت مین وہ کتا معبر دشمن
نہین ہی بلکہ بمنزلہ ایسے شخص کے ہی جس سے اپنے امر مین طلبگار امداد ہوگا لبن
الکلبہ یعنی شیر سگ مادہ معبر بخوف شدید ہی اوس شخص کے لیے جسنے خواب مین

سائر ذوالانیابات

اوسکو پیا ہو اور سائر جانوران ذوالانیاب یعنی قوی دندان جو دانت گاڑنیوالے
اور دانتون سی پھاڑنیوالے ہین وہ سب بنا بر تاویل کے عدا ہین علی قدر قوہ
دندان کے یعنی جسقدر وہ سگ وغیرہ تیز دندان ہے اوسیقدر وہ دشمن قوی ہی

باب تاویل مین رویت حیات و عقارب و ہوام الارض یعنی حشرات الارض اور جو کیڑے اونکی طرف منسوب ہین نیش زنی و دندان گزی مین

حیّہ مار کہ از روی تاویل کے وہ بمنزلہ اوس دشمن کے جو عداوت مین کامل تر اور دشمنی مین اوسکو مبالغہ اور غلو تمام ہو بقدر اوسکی درازی و بدہیبتی و کراہت منظر کے چنانچہ جس شخص نے خواب مین دیکھا کہ وہ کسی سانپ سے مقاتلہ کرتا ہی تو یہ شخص اپنے کسی دشمن سے جنگ کریگا اور اگر اوس نے دیکھا کہ اوس سانپ پر غالب آیا ہی تو یہ شخص اوس دشمن پر ظفر یاب ہوگا اور اگر وہ سانپ غالب آیا ہی تو اوس پر دشمن ظفر یاب ہوگا اور جس شخص نے خواب مین یہ دیکھا کہ اوسکو سانپ نے ڈسا ہی تو اوسکو دشمن سے کوئی امر مکروہ و زشت پہونچیگا جسقدر زیادہ سانپ نے کاٹا ہوگا اور اگر کسی شخص نے خواب مین دیکھا کہ اوسنے سانپ کو مار ڈالا ہی تو وہ شخص اپنے دشمن پر ظفر یاب ہوگا اور اگر کسی نے یہ دیکھا کہ اوس نے سانپ کو دو ٹکڑے کر دیا ہی تو وہ شخص اپنی داد دشمن سے پاویگا اور اگر کسینے کسی سانپ کو دیکھا کہ اوسکی قوائم یعنی دست و پا ہین تو یہ موجب زیادتی شدت و قوت اوس دشمن کا ہی اور اگر کوئی شخص خواب مین سانپ سے خوف کرتا ہی مگر اوسکو دیکھتا نہین ہی یہ اوسکے دشمن سے اور اوسکو دیکھا بھی ہے تو اس شخص کو دشمن سے خوف پہونچے گا مگر ضرر سے بچا رہیگا اور سائر خوف جو خواب مین وارد ہون جب تک اوس شئے کو نہ دیکھین جسکا خوف ہی تو صاحب

خواب کیلئے وہ دامن ہے اور اگر اوسکو دیکھا بھی ہے تو وقوع اوس خوف کا ہوگا
اور اگر کسی نے خواب دیکھا کہ کوئی سانپ اوسکے گھر مین داخل ہوا ہے
خواہ اپنے گھر مین سانپ دیکھا ہے تو از روی تاویل کے بمنزلہ دشمن
خانگی کے ہے جہت زنان یا جہت یگانگان کے اور اگر وہ سانپ اوسکے
گھر سے نکل گیا ہے تو یہ شخص دشمن سے اور دشمن اوس سے دور رہوا اور اگر کسی نے
یہ خواب دیکھا کہ سانپ اوسکے مقعد یا اوسکے کان یا شکم سے نکلا ہے
تو از روی تعبیر کے اونکے عیال مین سے کوئی اوسکا دشمن ہے کہ اوس سے دور ہوگا
اور اگر کسینے یہ خواب دیکھا کہ وہ کسی سانپ کا مالک ہوا ہے یعنی اوسکو اوسپر
دسترس ہوا ہے اور وہ اوس سے کچھ خوف نہین کرتا ہے تو اوس صورت مین وہ
سانپ معبر بہ عدو نہین ہے بلکہ ہر آئینہ وہ بمنزلہ ملک و بادشاہی اور نعمت و
خیریت کے ہے کہ اوس شخص کو بقدر عظمت و طولانی مار کے حاصل ہوگی

رویت مار سیاہ و سفید

اور اسی حالت مین اگر وہ مار سیاہ ہے تو یہ شخص لشکرکشی کریگا اور اگر یہ
مار سفید ہے تو تعبیر اوسکی جدوسعی و سعادت اوس شخص کی ہے اور اگر یہ شخص مالک و
قادر ہوا ہے کسی ایسی مار لطیف کا جو نہایت درخشندہ اور صاف ہے اور اوس
مین کسیطرح کی شر و بدی نہین ہے تو اوس شخص کو گنجہای بادشاہی خزانہ حاصل ہوگا

رویت عقرب

عقرب کژدم کو وہ بنا بر تعبیر کے بمنزلہ دشمن مکار کے ہے جو اپنی زبان کی
ساتھہ محاورہ نہین کرتا ہے بلکہ وہ اپنے دشمن و دوست سبکو اپنی زبان
سے نیش زنی کرتا ہے اور اوسکا کوئی دین نہین اور نہ اوسکے
کسی قول کا یقین ہے چنانچہ جس شخص نے خواب مین دیکھا کہ بچھوئی اوسکو ڈنک

ماراہی تو وہ اوسکا کوئی دشمن ہی کہ اپنی زبان سے اس شخص کی غیبت کرے گا
اور اوسکے حق مین ایسی باتین کریگا جو اوسکو ناگوار ہوگی پھر اگر اوس شخص نے
بچھو کو مار ڈالا ہی تو اوس دشمن پر ظفر پاویگا اور اگر کسینے یہ خواب دیکھا کہ اوسکا
ہاتھ مین بچھو ہی اور اوس سے لوگون کو کٹواتا ہی تو یہ شخص اپنی زبان سی غیب مردم کریگا
اور جس شخص نے خواب مین یہ دیکھا کہ وہ گوشت بچھو کا کھاتا ہی تو اپنے دشمن
سے مال پاویگا اور اگر کسینے یہ دیکھا کہ وہ بچھو اوسکی جوف مین (جوف شکم اندرون
ہر چیز و جاے خالی درمیان کسی چیز کے) گھس گیا ہی یا اوسکے گھر مین یا اوسکے
بستر یا پیراہن مین یا اوسکے لحاف مین داخل ہوا ہی تو تعبیر اوسکی یہ ہی
کہ اوسکے پاس کوئی دشمن ہوگا جو اوس سے باتین سنکر پیش مردم پہونچاویگا
اور اوسکی غیبت اور غمازی کریگا اور باقی تاویل عقرب قائم مقام اون
تعبیرات کی ہی جو ہمنے دربارہ مار ذکر کیا ہی زنبور از روی تعبیر کے خلش مین مگس
رویت زنبور
سے سخت تر ہے جس شخص نے خواب مین دیکھا کہ اسپر بھڑون یا مکھیون کا ہجوم
ہی تو بنا بر تعبیر کے وہ باتین ہین جو شور و غوغا سے لکان مردم سے سنیگا نمل مور
رویت نمل
کہ رویت اوسکی دلالت کرتی ہی اوسپر مرد کسب دار کثیر البرکت کے اور نفع
دینے والا اوس شخص کا ہی جو اوسکی صحبت اختیار کرے اور یہ بھی قائم
مقام اون تاویل کے ہے جو مقدم مذکور ہوا بقہ پشہ کہ وہ از روی
رویت بقہ
تعبیر کے انسان ضعیف و خوار ہے اور اسیطرح فراشہ یعنی پروانہ شمع کی
بھی تعبیر ہے چنانچہ جس شخص نے نمل کو خواب مین اپنے گھر کے اندر یا کسی
محل و مقام پر دیکھا تو اوس جا کے باشندون کے لیے کثرت ہوگی اور نسل و

شاخین اونکی ٹرھینگی اور اگر کسی شخص نے خواب مین دیکھا کہ چونٹیان اپنے مقام سے نکلتی ہین تو اس صورت مین تعبیر اوسکی یہ ہوگی کہ اوس جا کے باشندے وہان سے نقل و حرکت کرینگے مرنے سے یا دوسرے جا چلے جانے سے اور اسی طرح ذباب یعنی مگس مگر یہ کہ از روے تعبیر کے وہ ضعفاے مردم ہین جراد ملخ کہ ملخ و مگس بنا بر تعبیر کے بمنزلہ لشکر کے ہین جو دار دہونگے اور مضرت اونکی علے قدر مضرت ملخ کے ہوگی چنانچہ جس شخص نے خواب مین دیکھا کہ فوج و لشکر کسی زمین معروف یا کسی مقام معلوم مین چلے جاتے ہین تعبیر یہ ہی کہ اوس مقام مین ٹڈیان پڑینگی خنافس گرمہاے سرگین یعنی گبرونڈا و جعلان یہ بھی وہی قسم ہے عنکبوت مکڑی و سائر ذباب یعنی مگسان ہر قسم کہ یہ از سب از روے تعبیر کے ضعفا و ارذال مردم ہین و از انجملہ عنکبوت بنا بر تعبیر کے مرد عابد و زاہد پرہیزگار کنارہ کش از امور کا تازہ عہد براے عبادت و توبہ یعنی مستعد بہ عبادت و توبہ ہے قصاص یعنی عنکبوت کلان جسکو مین مکڑ کہتے ہین وہ تعبیر مین برعکس مکڑی کے ہے اسلیے کہ وہ از روے تاویل مرد فاسق و خبیث ہے جو فساد انگیز ہے درمیان آدمیون کے اور بعضون کو بعضون پر برانگیختہ کرتا ہے فارہ موش کہ بنا بر تعبیر کے وہ زن بدخو و فساد انداز ہے اور اوسکے نر و مادہ مین کچھ فرق نہین ہے چنانچہ جس شخص نے یہ خواب مین دیکھا کہ موشان سے کسی موش کو شکار کیا ہے تو وہ کسی عورت کو دستیاب کریگا اور اسی طرح جاری ہونگی ساری تعبیرین مقدم مذکور ہوئین اور یہان یہ حکایتین مناسب مقام ہین حکایت

رویت ذباب یعنی مگس

رویت جراد و ملخ

رویت خنافس و جعلان و عنکبوت

رویت عنکبوت

له یعنی باعتبار معنی ... مضرت ملخ کی مضرت لشکر مقصود ہوگی

قصاص

رویت فارہ

حکایت

منقول ہی کہ ایک شخص پاس خواجہ محمد بن سیرین رحمہ اللہ کے آیا اور کہنے لگا مین
خواب مین دیکھا ہی گویا کہ مین ایک جھولی اوٹھائے ہون اوس مین سانپ
بچھو بھری ہین اور اوسکو مین اپنی پشت پر لادی ہون یہ سنکے شیخ نے یہ تعبیر
کہ تو مرد عادی ہی شہر مردم کا او ر متحمل ہی اونکی عداوت کا اور قریب ہی کہ وہ تجھ
ظفریاب ہون تب اوس شخص نے کہا مین آپ پر فدا ہون مین وہ شخص ہون
بادشاہ نے مجکو مال صدقات عرب مین داخل کیا ہی یعنی مین اوس مال کا قا
و محاسب ہون اسلیے وہ لوگ مجھ سے بغض رکھتے ہین حکایت ایک شخص دوس
انھین خواجہ رحمۃ اللہ کے پاس آیا اور کہنے لگا مینے خواب مین دیکھا ہی
گویا ایک سانپ میرے گھر مین ہی اور اوسنے میری ہاتھ اور میرے پہلو مین منھ مارا ہی
یعنی کاٹا ہی کہ اوسکی گزند سے مجھے درد ہو گیا ہی شیخ نے کہا تیرا کوئی بھائی یا تیری
کوئی بہن ہی اوسنے کہا ہان تب شیخ بولے تیرے گھر مین تیری اہل قرابت مین
سے تیرے لیے اپنے دل مین شر و فساد رکھتے ہین کہ اونسے تجھکو ضرر کثیر
گا پھر اوس شخص نے کہا میرا ایک برادر مادری یعنی حقیقی بھائی ہی کہ اوسنے میرے
باپ کا ترکہ اپنے قبضے مین کر لیا اور تین روز ہوے کہ وہ سب لے کر بھاگ
گیا حکایت منقول ہی کہ ایک شخص خدمت مین امام جعفر صادق علیہ السلام
کے آیا اور بیان کیا میرے یہان ایک کاسہ شیشے کا ہے اوسمین مین
کھانا کھایا کرتا ہون چنانچہ مینے خواب دیکھا گویا کہ اوس کاسہ مین چونٹیہ ین
یہ سنکے حضرت نے فرمایا تیری کوئی زوجہ ہے اوسنے کہا ہان پھر فرمایا تیرا کوئی
غلام ہی اوسنے کہا ہان فرمایا اوس غلام کو اپنے گھر سے نکالدے کہ اوس مین خیر نہین

چنانچہ وہ شخص اپنے گھر کو غمگین پھرا تب اوسکی زوجہ نے اوس سے سبب غمگینی کا پوچھا اوسنے تعبیر اپنے خواب کی جیسا کہ امام رضی اللہ عنہ نے فرمایا تھا بیان کیا اوس عورت نے کہا پھر اس غلام کی نسبت تیرا کیا ارادہ ہی اوسنے کہا مین نے فروخت غلام کا قصد کیا ہی اوس عورت نے کہا اگر تو اس غلام کو فروخت کرتا ہی تو مجھے بھی طلاق دیدے آخر اوس مرد نے اوس غلام کو فروخت کر ڈالا پھر جب اوس عورتکو حال فروخت غلام سے اطلاع ہوئی تو اوسکے پیچھے وہ بھاگ گئی اور جب اوس عورت کے گھر والون نے یہ کیفیت سنی تو اوس عورت کے پیچھے گئے تو معلوم ہوا کہ وہ اوس غلام کے ہمراہ شہر حران کو چلی گئی آخر اوس عورت کو ایسی دسترسی اوس غلام پر پہونچی کہ اوسنے اوسکو خود خرید لیا پھر اوس سے عقد نکاح کیا

باب بست ویکم رویت مین جانوران آبی ماہی تازہ وغیرہ کے

اگر کسی شخص نے ماہی کلان تر و تازہ کو خواب مین دیکھا اگر وہ کثرت مین کہ عدد اونکے معلوم نہین اور وہ سب اس شخص کو دستیاب ہوئین یا کچھ اونمین سے تو وہ غنیمت و اموال ہی اور اگر وہ مچھلیان کوچک ہین تو تعبیر اوسکی ہموم ملال ہی اور اگر ایک ماہی ہے یا دو ہین تو وہ ایک عورت ہے یا دو جنسے یہ شخص متمتع ہوگا و اما گوشت ماہی تازہ اور چربی اوسکی اور نشتر یعنی پوست و چھلکا اوسکا مال و غنیمت ہے اگر اوسکو کھایا بھی ہی یا اوسپر دسترس ہوا ہی تو بھی یہ فایدہ اوس شخص کو پیشگاہ سلطان یا کسی عورت سے ہوگا اور ماہی نمکین نمک سرشتہ رنج و الم ہے جانب ملوک لینے غلام

وخادم یا برادر سے اور اسصورت مین کلان وکوچک اوس شخص کیلئے جو اسطور سے دیکھے مساوی ہے **تمساح** یعنی سنگ دریا یہ دشمن مکار و دزد و سرافق ہے اوسکا دیکھنے والا اپنے دوست و دشمن سے امین و مطمئن تر ہے اور گوشت و پوست و استخوان اور سائر اجزا اوسکے مال دشمن ہے چنانچہ جو کوئی اوسکو پاوے تو جسقدر وہ پاویگا اسیقدر مال دشمن اوسکے ہاتھ آویگا **ضفدع** یعنی مینڈھک اگر وہ ایک ہے یا دو ہین تو وہ مرد عابد ہے جو اپنی عبادت مین بڑی جہد و اجتہاد کرنیوالا ہے یعنی اسکا خواب دیکھنے والا ایسا عابد ہو خواہ ایسے مستفید ہوگا اور جبکہ کثرت ضفادع کی دیکھی تو لشکر خدای عزوجل اور بندگان باخدا ہین چنانچہ جو کوئی اوسکو کسی مکان کے اندر یا کسی محلے یا کسی زمین مین دیکھے تو تعبیر اوسکی یہ ہے کہ وہان کے لوگون پر عذاب خدا نازل ہوگا **اسلحفا** یعنی کشف کچھوہ یہ کبھی مرد عابد مجتہد باعمال عالم کثیر العلم والعمل ہے چنانچہ جس شخص نے سلحفات کو خواب مین دیکھا یا اوسپر مالک ہوا یا اوسکو اپنے منزل و مکان مین داخل کیا تو یہ شخص کسی مرد کذاب پر ظفریاب ہوگا اور درمیان اوسکے اور اسکے کسی طرح کی وصلت جاری ہوگی یا کوئی سبب فیما بین پیدا ہوگا اور اگر کسینے یہ دیکھا کہ وہ اوسکے گوشت سے کچھ کھاتا ہے تو یہ شخص اوسکے علم سے کچھ نصیبہ پاویگا اور جس شخص نے سلحفاۃ کو کسی راہ یا کسی مزبلہ پر دیکھا تو اوس نواحی کے باشندون مین علم مجہول ہوجاویگا اور اگر وہ سلحفاہ مصانہ و مصبون ہوگا تو وہان علم بھی عزیز و مصئون کا ہے **سرطان** جو موذن ہے وہ مرد عظیم الاخلاق ہے مگر تعبیر مین عسر بعید المزاجعت یعنی بعید الزوال ہے اور امر مطلوب

مین نامبارک ہی چنانچہ تاویل مجربہ اوسکی حسبطور کہ ہمنی مقدم بیان کیاہی عظیم متکبر ہے اور اس طرح سائر حیوان بحری و نہری علی قدر اپنے اوصاف اور اپنی خلقت کے یہ سب تاویل مین منسوب ہین طرف اعوان داعیان ملوک و امراء وسلاطین کے موافق اپنی طبقات و درجات کے یعنی اون سبکو خواب مین دیکھنی سی بنا بر اوسکی اوصاف کے وہ شخص ملوک وغیرہ سی منتفع خواہ متنفر ہوگا واللہ اعلم

باب بست و دوم رویت مین سباع الطیور یعنی جو پرندون کے درندی ہین مثل نسر و عقاب و شاہین و باشق وغیرہ انواع طیور شکاری

چنانچہ یہ سب سباع طیور جو طائرون کے شکار گیر ہین از روے تاویل کے شرف و رفعت مین منسوب بسلطان و غلبہ ہین یعنی اونکی لیے صولت و تسلط ہے مثلاً کسینے خواب مین نسیر یعنی کرگس کو دیکھا اس طرح کہ وہ نسر اوس کا مطاوع یعنی اوسکی تابع مین ہی تو یہ شخص سلطان و غالب ہوگا اور مال و ریاست کو پہونچیگا و مثلاً کسی نی دیکھا کہ وسنی نسر کو اوٹھالیاہی یا اوسکی ساتھ اڑتاہی اور اڑنا عرضاً ہے یعنی کسی سمت پہنائی مین اور سامنے باہم اڑتے ہین تو یہ شخص طرف سلطان کے ترقی پاویگا اور شرف رفعت کو پہونچیگا اور اگر یہ شخص اوسکے طرف آسمان کے اوڑتا ہے تو سفر مین مریگا کیونکہ یہ حالت و علامت ملک الموت کی ہی عقاب یعنی قسم جرہ دباز سے کہ وہ سلطان ظلوم و غشوم یعنے ستمگار اور جنگ آور اور سخت حملہ آور ہے از روے تاویل

کی اون ساری باتون مین جنکا ذکر مقدم کیا گیا قایم مقام نسر کے ہی اور اسی طرح
باز و شاہین و سائر سباع طائر جیسا مقدم مذکور ہوا حداۃ یعنی چلیواز و زغن بہ
منزلہ ملک یعنی بادشاہ خامل الذکر یعنی گمنام کے اور متواضع مقتدار یعنی فروتن و
صاحب اقتدار ہی اور اسی طرح بومیہ یعنی بوم کہ خاصیت اوسکی انسان رنجدیدہ و ضعیف
سامان کی ہی کہ کوئی اوسکا معین و ناصر نہین ہی غراب زاغ کہ خاصیت مین
وہ مرد فاسق و کذاب ہی اور اوسکا کوئی دین نہین اور اسی طرح رخم یعنی قسم کو
کس خرد و عقعق یعنی کرگس کلان چنانچہ محمد بن سیرین رحمۃ اللہ نے کہا ہی کہ جو کوئی
رخم کو اپنے خواب مین دیکھے کہ رخم اوسکے ہاتھ آیا ہی تو وہ سخت مریض ہوگا ہدہد
مردم خادم سلطان و صاحب اخبار یعنی اخبار گزار اور رہبر و رہنمائے بادشاہ ہی
اوس امر کیطرف جو موجب زیادتی و فزونی اوسکے ملک و بادشاہت کی ہی
اور بعضون نے کہا ہے کہ ہدہد سے تعبیر مرد کاتب و حاسب و صاحب بصیرت و
و ہیبت و وقار و عالم بہ تصرفات ہی کرکی یعنی کلنگ اوس سے عبارت مرد غریب
الوطن و مسکین ہی نعامہ یعنی شتر مرغ سے تعبیر زن غریبہ بدویہ ہی ظلیم یعنی قسم
شتر مرغ مراد مرد مسافر عرب دیک یعنی خروس مرد عجمی یا مملوک ہی اور بعضون نے
کہا ہی کہ وہ مرد منادی و موذن ہی کہ ہمیشہ لوگ اوسکی صدا مثل موذن وغیرہ
کے سننگے دجاجہ یعنی ماکیان وہ بمنزلہ زن مبارک کے ہی اور اگر دجاج کی
کثرت خواب مین دیکھی ہی تو یہ مردمان و زنان ہمسایہ ہین کہ اجتماع اونکا
بہ تقریب اور خوشی اور شادی کے ہوگا دراجہ یعنی کبک و تدرو و بمنزلہ
زن غدارہ بے وفا کے ہے اوسکے لیے نہ عقیدہ نیک

نیک ہی یعنی فاسد عقیدہ ہی اور نہ اوس مین کوئی خیر ہے ورشان یعنی قسم
کبوتر یہ بمنزلہ زن بازیچہ سرشت وطرب دوست وخوش فراج کے ہی ببغبان
یعنی طوطۂ سبز یہ گویا کنیزان وغلامان ہین طاؤس ترکیہ مرد عجمی یا با ل ع
جمال ہی یا بمنزلہ اتباع کے ہے حمامہ یعنی کبوتر مثل قمری وغیرہ بمنزلہ زن
ہی اور کبھی تعبیر اس شخص کی زوجہ یا دختر سے کیجاتی ہے اور اگر کثرت حمام
کی دیکھی ہی تو وہ کثرت اولاد ہی طاؤس مادہ بمنزلہ زن جمیلہ عجمیہ صاحب
حسن وجمال کے ہے اور اگر وہ طاؤس مادہ زشت رو ہی تو وہ زن غیر
مالوفہ وغیر مونسہ ہے یعنی وہ مثل اس عورت کے ہے جسکو الفت وانس
نہین یعسوب پرندہ کوچک ترکہ تعبیر اوسکی پسر نشاطر مبارک ہی فاختہ بمنزلہ
زن کم حیا وبے دین کے ہی اور یہ سائر طیور تاویل مین ایک طور پر ساوی
ہین چنانچہ اگر کسی نے یہ دیکھا کہ اونمین سے کسیکو کھاتا ہی یا اوسکا مالک ہوا ہی
تو وہ عورت ہی اور اسیطرح جس شخص کو اوسکے سر یا انڈے ملین یا اوسکا
مالک ہوا ہی تو وہ عورت ہی اور پہونچیگا اوسکو اور اگر اوسنے یہ دیکھا کہ اوس چڑیا
کو تیر یا پتھر مارا ہی تو یہ شخص اوس عورت کو قذف وبہتان کرے گا بلبل
غلام مبارک ومیمون قبنرہ چکاوک طفل صغیر عصفور کنجشک مرد ضخیم سطبر و
خطیر وبلند قدر وکنجشک مادہ بمنزلہ زن ہی مگر اوس مین شومی ہی اور اگر
کوئی شخص کثرت عصافیر کی دیکھے اور اونکو شکار کرتا ہی تو یہ اموال وغنیمت ہی
اسیطرح سائر طیور مذکورہ جب کہ اونمین سے اکثر شکار کرنے مین آوین
تو وہ اموال وغنیمت ہین اور آواز عصافیر کی خواب مین اگر سنی جاوے

تو اخبار حسنہ و پسندیدہ ہین خطاف رزاف جسکو بعضے قسم شترمرغ کہتے ہین
اور کوئی اوسکو ابابیل کہتے ہین وہ بمنزلہ مرد عابد مجتہد باعمال ذکیر والخیر و بابرکت
ہی زرزہ ذرہ نام پرندہ غیر معروف بعضی اوسکو قاز کہتے ہین وہ بمنزلہ مرد کثیر السفر
ہی کہ ہمیشہ سفر مین رہتا ہی مثل جمال شتربان وغیرہ صرد نام ایک طائر کا ہی کہ
وہ بزرگ سر ہے اور گنجشک کا شکار کرتا ہی وہ دلیل وراہبر آدم علیہ السلام کا
تھا چنانچہ دیکھنا اوسکا تعبیر مین اوسکی رشد و ہدایت ہے اور دیکھنا خواب
مین طیور آبی کا پانی مین گویا وہ بمنزلہ اعوان و خدم و حشم بادشاہ کے
ہین اور اگر اوسکو دشت و بیابان مین دیکھا ہی تو وہ خیر و فراخ سالی ہی ولیکن
اوسکا کھانا دیکھنا خوب نہین ہی کیونکہ وہ حزن و اندوہ ہی واما طیور مجہولہ یعنی
جو غیر معروف ہین اور وہ پہچانے نہین جاتے یعنی خواب دیکھنے والا اوسکو
نہین جانتا ہی تو وہ تاویل مین ملایکہ ہی اور رویت اوسکی اونہین امور پر دلالت
کرتی ہی جو رویت ملایکہ مین سابق بیان ہو چکی بیضہ مجہول یعنی تخم طیور غیر
معلوم بایمعنی کہ معلوم نہین کس چڑیا کا انڈا ہی تو وہ تاویل مین عورتین
ہین ہیبت دار یعنی صورتدار بشرطیکہ یہ شخص اون بیضہ مین سے کسیقدر کا
مالک ہو یا کوئی اوسکے پاس لاوے اور اگر یہ شخص اون انڈون مین سے کچھ کھاوے
بشرطیکہ وہ انڈے قلیہ پکا ے ہوے یا بریان کیے ہوے یا گھی مین
تلے ہوے ہون تو وہ مال و رزق صالح ہی اور اگر اوسکو خام تناول کیا
تو حرام دستیاب ہوگا اور اگر کسی نے خواب مین پوست بیضہ یا اوسکی سفیدی
بدون زردی کے کھائی ہی تو یہ شخص مال مردوں کا یا مقتولون کا کھاویگا

اور بعض اوقات مین تعبیر اوسکی یہ ہی کہ یہ شخص قبرونکی نباشی کریگا کفن کھسوٹ ہوگا
واللہ اعلم یہ چند حکایتین ہین جو متعلق اس باب سے ہین حکایت حکایت
ہی کہ ایک شخص ایک روز امام محمد بن سیرین رحمہ اللہ کے پاس آیا اور کہا مین نے
خواب مین بالاے مسجد مدینہ ایک کبوتری سفید دیکھی ہی کہ حسن اوسکا بہت خوش
آیا بعد ازان ایک باز آیا کہ اوسکو اوٹھا لیگیا یہ سُنکے ابن سیرین نے کہا اگر
یہ تیرا خواب راست ہے تو خلیفہ حجاج دختر سے عبد اللہ بن جعفر الطیار کے
اپنا عقد تزویج کیا تب لوگون نے ابن سیرین رحمۃ اللہ سے استفسار کیا کہ اے
ابا عبد اللہ تمنے کیونکر اس امر کیطرف ہدایت پائی تھی یعنی تمکو کیون کر اس قسم
کی آگاہی ہوئی تھی اونھون نے جواب دیا کہ کبوتری از روے تعبیر کے بمنزلہ
عورت کے ہی اور سفیدی اوسکی تفاوت و پارسائی ہی اور شرافت و بلندی
مسجد اوسکی شرافت و نجابت ہی اور حال یہ ہی کہ مدینہ مین کوئی عورت اوس
دختر سے حسن و خوبی جمال مین پاکیزہ تر و بہتر نہین ہی اور شرافت نسب مین
کوئی اوسکا نظیر و مثال نہین بعد ازان مینے در بارہ صقر یعنی باز کے جو نظر و
فکر کی تو تعبیر اوسکی سلطان ظلوم و ستمگار ہے چنانچہ مین نے سلاطین مین سے
کوئی بڑا شاہین حجاج بن یوسف سے نہ دیکھا اسوجہ سے مین نے
یہ تعبیر دی یہ سنکے سایر حضار محفل تعجب و حیرت مین آئے حکایت
حکایت ہے کہ کوئی اور ایک شخص ادخین شیخ رحمہ اللہ کے پاس آیا
اور کہنے لگا کہ مینے خواب مین ایک طایر فربہ کو دیکھا ہے پر مین اوسکو
نہین پہچانتا ہون چنانچہ وہ بلندی آسمان سے اترکر ایک درخت پر آبیٹھا ہی اور

اوس درخت سے کلیان چنے لگا اور توڑ توڑ ڈالتا تھا بعدازان وہ اڑگیا یہ سنکر امام کا رنگ وردی اڑ گیا اور متغیر ہوگیا اور کہا کہ یہ ایسی شی ہی یعنی یہ ایسا خواب ہے کہ علما کی موت پر دلالت کرتا ہی آخر اوسی سال حسن بصری اور ابن سیرین دونون نے وفات پائی حکایت ہے کہ عمر رضی اللہ عنہ نی لوگون کے سامنے ایک روز بیان کیا کہ جس طرح لوگ سوتی مین خواب دیکھتے ہین مینی بھی خواب دیکھا ہی کہ ایک دیک یعنی خروس نی اپنی چونچ سے مجھی ایک یا دو ٹھوڑ ٹھوڑ مار رہی ہی لوگون نی کہا ای امام آخر اسکی تعبیر کیا ہی فرمایا لابد ہی کہ کوئی شخص عجمی قریب ہی کہ مجھی قتل کریگا چنانچہ اسبات کو زیادہ چار روز نہ گذرے تھی کہ ابو لولو نی حضرت کو ضربت ماری کہ اونکو شہید کیا رضی اللہ تعالی عنہ حکایت ہی کہ ایک شخص امام محمد بن سیرین رحمہ اللہ کے پاس آیا کہ آپ کیا کہتی ہین کہ ایک شخص کے حق مین کہ اوس نے اپنی خواب مین دیکھا ہی گویا اوسنی انڈا توڑا ہی اور سفیدی لیلی ہی زردی چھوڑدی ہی ابن سیرین نی اوس سے کہا تو اوس شخص ہی کہدے کہ وہ خود میرے پاس آکر مجھ سی سوال کری اوس نی کہا مینی ہی اوسکا پیغام آپکو پہونچادیا اور اوسکی طرفسے آپ سے سوال کیا ہی اور مین ہی جو کچھ آپ تعبیر دینگے اوس سے بیان کرونگا ابن سیرین نی انکار کیا اور کہا اوسی کو بھیجدی پھر اوس شخص نی اعادہ اصرار کیا کہ مجھ ہی آپ بیان کیجئے مگر شیخ ہر بار تکرار اپنے اول جواب کی کرتی تھی آخر اوس شخص نی کہا کہ جس نی یہ خواب دیکھا ہی وہ مین ہی ہون تب محمد بن سیرین نی کہا تو میرے سامنی قسم خدا کی کر کہ تجھی نی یہ خواب دیکھا ہی چنانچہ اوس نی قسم خدا کی کھائی

کہ مین نی ہی یہ خواب دیکھا ہی تب شیخ رحمہ اللہ نے اپنے نزدیک والون سی کہا
اس شخص کو پکڑو اور سلطان کے پاس لیجاؤ اور اوس سی بیان کرو کہ یہ مرد
نباش ہی جو مردونکا اونکی قبرون سے کفن کھسوٹتا ہی یہ سنکے اوس شخص نے کہا یا سید
مین اپکے ہاتھہ پر خداے عزوجل کے واسطے اوسیوقت توبہ کرتا ہون اور جو کچھ مجھسی سرزد
ہوا ہی پھر مین یا بمرگ ایسا فعل نہ کرونگا حکایت ہی کہ ایک اور دوسرا شخص
پاس امام محمد بن سیرین رحمہ اللہ کے آیا اور کہنے لگا مینے خواب مین دیکھا ہی گویا
مین نے ایک طائر کو دیکھا ہی جسکو طبطری کہتے ہین اور یہ نام ایک
طائر کا ہے سو مینے چاہا کہ ذبح کرون اور مینے اوسکی گردن پر چھری تین بار
رکھی مگر وہ ہر مرتبہ پھسلجاتی تھی آخر چوتھی دفعہ مینے اوسکو ذبح کیا شیخ نے جواب
دیا کہ تو نے اچھا خواب دیکھا کہ یہ زن بکر ہے کہ تو نے تین بار اوسکا قصد کیا
مگر چوتھی مرتبہ تو اوسپر قادر ہوا اوس نے کہا یا شیخ آپ نے سچ فرمایا یہ امر یون ہی
ہی کہ آج پانچوین رات ہی تب شیخ نے بعد تبسم تھوڑی دیر سکوت کرکے سایل سے
کہا تو میری نزدیک آوہ نزدیک آیا تو اوس سے کہا کہ تیری خواب مین کچھ اور بھی
باقی رہگیا ہی اوسنے پوچھا وہ کیا ہی شیخ نے کہا اوسی جگہ ایک جاریہ یعنی چھوکری
بھی گوز مارتی تھی یعنی شدت حسرت سے اوس نے کہا سچ ہے اور
شرما کر چلا گیا واللہ اعلم

(یعنی بکر کہ سننے مین ۱۲)

باب بست وسوم تاویل رویا مین حرفے وصناعات وملاہی وغیرہ کے

وزان وکیال یعنی تولنے والا اور ناپنے والا کہ یہ دونون ازروے

تاویل کے قاضی ہین اگر یہ دونون ناتشنا سا ہین اور ان دونونکو خواب مین دیکھا
کہ معاملہ بیع مین صنفقہ کیا ہے یعنی ہاتھ مارا ہی تو تعبیر اوس قاضی سی ہی جو اپنی
حکم مین جور کرتا ہے یعنی حکم بجور کرتا ہے اور ظالم ونا انصاف ہے اگر ان
دونونکو اسطرح دیکھا کہ رقص کرتے ہین یعنی ناچتے ہین تو تعبیر اوس قاضی
سی ہی جو حکم بعدل و انصاف کرتا ہی اور اگر کسی نے اپنے تئین وزن کش و
پیمانہ دار یعنی تولتے یا ناپتے دیکھا تو یہ شخص قاضی و حاکم ہوگا اور اگر
کسی قاضی کو دیکھا ہی جسکو نہین پہچانتا ہی تو تعبیر اوس سے رویت خدای
عزوجل ہی خطیب خطبہ خوان و خطبہ گو کو دیکھنا اوسکا خواب مین تعبیر ہے
حصول فقہ و علم دین سی اور اسی طرح دیکھنا عطار یعنی عطر فروش و خوشبو ساز
کا صغیر کم سن تعبیر اوس سے سوای منفعت باسباب دنیا اور کچھ نفع نہین ہوگا بزاز
یا بزار یعنی بزرگتر تعبیر ہی اوس شخص سے جو اپنی زندگانی دنیا مین صاحب
خطر عظیم ہی یا مرد شاعر و حکیم و دانشمند سے خراز موزہ دوز یا مشک دوز و دلو دوز تعبیر ہی
مرد شاعر سے جو عرض و ناموس مردم فاش و باش کرتا ہی خیاط جامہ دوز
یعنی درزی تعبیر ہے اوس شخص سے جو اپنے دین کو دنیا کے ساتھ بیچتا ہی اور
دنیا اپنے ہاتھون پر تمام کرتا ہے فرای پوستین دوز تعبیر ہے مرد مالدار
خوش پیشہ سے رفارہ رفوگر تعبیر ہے مرد محاصم سے اسکاف کفشگر تعبیر ہی
اوس شخص سے جو درمیان مردمان یا میان مرد و زن تالیف و اصلاح کرتا
ہی نخاس خبر رسان یا بردہ فروش یا چوب تراش تعبیر ہے اخبار نویس
سلطانی سی نجار درود گر تعبیر ہی اوس مرد سے جو لوگون پر فتنہ کرتا ہی

ف یعنی اسکو قاضی سی کلام پہنچیگا ۱۲
ف یعنی اسکو قاضی سے معاملہ پڑیگا ۱۲
رویت قاضی
رویت خطیب و عطار
رویت صغیر
رویت بزاز
رویت خراز
رویت خیاط
رویت فرا
رویت نخاس
رویت نجار

قدّاد آہنگر تعبیر ہی صاحب ملک وسلطنت وذی سطوت وقوہ سے صفار بعفر برید
یعنی بازوار تعبیر ہے ایسے شخص سی جو خیر وشر مین تتابع کرتا ہی یعنی بعد خیر کے شر و
بعد شر کے خیر کرتا ہے قصار گازر تعبیر ہے اوس شخص سی جو بغض وعداوت
کرتا ہی اون لوگون سی جو ارتکاب معصیت کا کرتے ہین اور اونکو جو توبہ کرتا ہی
گناہون سے طباخ یا ورچی نان پز وشوار گوشت یعنی گوشت بھوننے والا
کہ کبابچی ہی تو تعبیر ان دونون شخص یعنی باورچی وکبابچی سے وہ شخص ہے
جو اپنے طلب رزق مین کثیر الکلام ہی اور وہ خیر کثیر کو پہونچتا ہی قصاب
بوچڑ اگر وہ ناشناسا ہی تو تعبیر اس سی ملک الموت ہی اور اگر وہ شناسا ہی تو عبارت
ہے اوس مرد سے جو تبلاش دنیا پھرتا چلتا ہی ملاح کشتیبان تعبیر ہے
اوس شخص سی جو مداوات مردم ومعالجات ملوک وسلاطین سی خبردار رہتا ہو
ہو صائغ زرگر یا مسگر یعنی کسیرا وغیرہ جو تانبا پیتل وغیرہ ڈھالتے ہین تعبیر اوس
مرد کذاب سے ہے جسکی بات مین جھوٹ سچ ملا ہو صاف نہو اور اوسکی
کام ناپسندیدہ ہون حجام خون کش جو پچھنا لگاتا ہے یا رگزن جو
نشتر دیتا ہی اوس سی تعبیر بروکاتب ہے اور کاتب سے تعبیر بحجام
ہی حلاج پنبہ کش پنبہ دانہ برآورندہ یعنی دھنیا تعبیر اوس شخص سی ہی جو کلام
بحق وعمل بخیر کرتا ہی اور خبیث کنندہ کو طیب وپاکیزہ سی جدا کرتا ہی آسیابان
آسایابان و آسیا گردان یعنی چکی پھرانیوالا تعبیر ہی مکاری سی یعنی جانور دنکو
کرایہ پر چلاتا ہی یا حمال بارکش وبار بردار سی ساقی سقا وغیرہ جو پانی وغیرہ پلاتی ہین
تعبیر ہی اوس شخص سی جسکی ہمت وشد اور برادرانہ ہون مطرح مشعلدار یعنی مشعلچی تعبیر ہی

رویت حداد
رویت صفار
رویت قصار
رویت طباخ
وشواء یعنی کبابی
نشر و کلام کثیر و دلال وغیرہ ۱۲ رویت
قصاب رویت
ملاح رویت
صائغ رویت
حجام رویت
رویت حلاج
رویت آسیابان
حمال رویت
سقا رویت

رویت صیاغ
اوس شخص سے جو درمیان زن و شوہر کے بہتان ڈالنا صیاغ یعنی زرگر تعبیر ہے
رویت بقال
مرد دروغگو و ریاکار و جعلساز سے بقال ترہ فروش کنجڑہ تعبیر ہے مرد سخن شناس
ضراب دراہم و دینار
سے جو مبصر بکلام مردم و عارف بدلایل ہو اور بعید نہ جہنی سے ضراب الدراہم
والدنانیر یعنی سکہ زن و سکہ گر جو ٹکسال مین روپیہ اشرفی پر ٹھپہ مارتا ہی تو اوس
سے تعبیر ہی اوس شخص سے جو درمیان مردم خصومات پیدا کرتا ہی اور واقعات
رویت جدا دالشعر
دوار دات ڈالتا ہے جدادالشعر مو تراش جسکو ہند مین عرفا حجام کہتے ہین تعبیر
رویت تراش
ہے بمرد مالدار و کثیر الفرح سے تراش سپر گر تعبیر اوس شخص سے ہے جو
لوگون کو اوٹھاتا ہے اور ایک جا سے دوسری جگہ پہونچاتا ہی مثل کہار
رویت جزار و گوار و
وغیرہ جزار یعنی شترکش و گاؤکش یعنی ذابح و گوار یعنی گلہ بان شتران و
گاؤان وغیرہ و زجاج یعنی شیشہ گر و قصار یعنی گاذر و خواص یعنی زنبیل
زجاج و قصار و
باف و نیز خوص بمعنی برگ خرما و خواص خوص فروش یہ سب آرزو کی
خواص یعنی
تاویل کے مجالس و ہمجنس جزار کے ہین کیونکہ جزار بمعنی پشم برشتن و کشت
و کردن ہی و جزار پشم باف و درود گر ہی سوا اس کے تعبیر زن ہی معلم اخوند المعانی
رویت معلم
تعبیر اوس سے ضعیف دخل یعنی ضعیف دخل یعنی دوست یا وزیر ہے چنانچہ جو شخص اخوند
کے ساتھ مکتب مین خواب دیکھے تو عمر اوسکی دراز ہوگی اور ارذل عمر یعنی
رویت نساج
خرافت کو پہونچیگا نساج جامہ باف یعنی جولاہہ تعبیر ہے مرد مسافر سے
رویت خزان
خزان خزینہ دار خزانچی تعبیر ہی مرد کثیر النسل و کثیر الاولاد سے مگر یہ کہ وہ
رویت بناء
امور معیشت مین بلد دو یعنی ہورد خصومت ہی بناء معمار تعبیر ہے اوس شخص سے
جسکے ہاتھ پر لوگ توبہ کرین یعنی اوسکے ہاتھ پر بیعت بترک معصیت

کرین بیطار سلوتری گاوان تعبیر ہی مرد منجم و کاہن و ساحر و کذاب سی مگر یہ کہ وہ سلطان سے محترم رہیگا معزم یعنی عزیمہ و تعویذ نویس و صاحب رقبہ یعنی فسونگر تعبیر ہے اوس شخص سی جو اپنی خوش و شیرین زبانی سی لوگونکو خدیع و فریب مین لیوے راقی دعا و افسون خوان و سائیس یعنی چاکر اسپان و دجال شتربان و فہاد بمعنی معلم یوز یعنی قراول جو قشکار سکھلاتا ہی یہ سب تعبیر مین والیان امور ہین سماک یعنی ماہی گیر درداس یعنی رواس بمعنی سیاہی ان دونون سے تعبیر لبرداری مردم ہے مصور تصور ساز صورتگر و عکس کش تعبیر ہے اوس سے جو حق تعالے پر دروغ بندش کرتا ہی وہان روغن ساز تیلی یہ تعبیر اوس شخص سی ہے کہ جو کوئی اوس سے آمیزش یا معاملہ رکھتا ہی اوسکو یہ زینت و رونق دیتا ہے نباش کفن کش و کفن چور چنانچہ جس شخص نے نباش کو خواب مین دیکھا ہی اگر وہ صاحب خواب صاحب امن و امانت ہی تو دریاے علوم و حکمت کا غواص و غوطہ زن ہوگا او اگر یہ شخص منصف بصفت مذکورہ نہین ہے تو وہ مرد طلبگار رہوگا حفار مراد بحفار القبور و الارض یعنی گورکن و زمین کن و چاہ کن وغیرہ ہے اگر تو خواب دیکھنیوالے نے یہ دیکھا کہ اوس نے اوسکو اپنے مقام سے ہٹا دیا اوسکے کسی جانور نے اوسکو روند ڈالا یا اوس شخص کا منبر شکست ہوگیا یا منبر سے گر پڑا اور آپ حالت نزع مین ہی یا اپنا بستر لپیٹا ہے یا مجلس اوسکی نگونسار و برہم ہوگی ہی یا اوسکا عمامہ یا کلاہ گر پڑا ہی یا اوسکا ہاتھ قلم ہوگیا اور زبان قطع ہوگئی ہی یا نابینا ہوگیا ہی تو یہ سب چیزین دلالت کرتی ہین اوس شخص کی معزولی یا موت پر واللہ اعلم

رویت بیطار
رویت معزم از رویت
راقی و سائیس و دجال
و فہاد و سماک و رواس
رویت مصور رویت
وہان رویت نباش
رویت حفار

لہ یعنی رویت ان لوگون کی تعبیر بحصول ولایت حکومت ۔ ۱۲

باب بست وچہارم رویت مین اشیای متفرقہ کے جنکا ذکر ہم اس فصل مین کرتے ہین

نور رویت نور یعنی خواب مین روشنی مشعل وغیرہ یا نور آسمانی دیکھیگا تو تعبیر اوسکی ہدایت یابی ہی اور اگر ظلمت یعنی تاریکی ارضی یا سماوی دیکھی تو یہ ضلالت وگمراہی ہی اور دیکھنا خواب مین طریق یعنی کسی راہ کا دلیل ہی راہ حق کی اور خواب مین پھرنا اوس راہ سی بازگشت طرف لطالب وضلالت کی خراب خرابہ یعنی ویرانہ زمین کا خواب مین دیکھنا اوس شخص کے لیے ضلالت ہی جو اپنے تئین اوسکے اندر دیکھی حصن قلعہ وحصار بموجب صیانت وحفاظت دین ہی اوس شخص کے لیے جو اپنے تئین اوسمین داخل دیکھی کتب المطبوتیہ یعنی کتابین یا نوشتے ومکاتبات پیچیدہ لپٹے ہوی دیکھنا خواب مین معبر بخیر مستور وبہبودی نہفتہ کے ہی کتاب منشور یعنی کتاب یا نوشتہ خطوط وغیرہ واشدہ کشادہ کھلا ہوا دیکھنا خبر آشکارا ہی ختم یعنی مہر کی ہوئی چیز اور چھاپ لگی ہوئی عبارت بہ تحقیق امر ہی کتب مختومہ یعنی نوشتے مہری کا دیکھنا معبر بحصول مواریث ہی بقولہ تعالے ختم اللہ علی قلوبہم وعلی ابصارہم غشاوہ کتب العلوم والفقہ یعنی کتابین علوم صالحہ اور علم فقہ دین کا دیکھنا بموجب تحصیل علم وحکمت ہی کتب الشعر یعنی دیوان مثنویات وغزلیات وغیرہ کا خواب مین دیکھنا غوایت وگمراہی اور مکر وو دروغگوئی ہے مصحف اور دیکھنا مصحف مجید کا اوس شخص کو فیض حکمت پہونچاتا ہی چنانچہ جو شخص خواب مین دیکھی کہ وہ اپنے ہاتھ سے مصحف لکھتا ہی

تو تعبیر اوسکی یہ ہی کہ وہ شخص دین اور علم اور مال کریگا اور اوس سے لوگونکو نفع دیگا اور اگر کسینے یہ دیکھا کہ اوسنے مصحف کو خرق وخرق کیا یعنی پھاڑ ڈالا ہے تو وہ شخص انکار کریگا اون چیزونکا جو احکام خداے عزوجل نے نازل کیے ہین اور اگر کسینے خواب مین یہ دیکھا کہ اوسنے اوراق مصحف کھالیا اور چبا گیا ہی تو وہ شخص کتاب خدا سے استہزا و مضحکہ کریگا اور اوسکے بعض احکام کی ساتھہ تمسخر و دل لگی کریگا اور دین اوسکا ضایع و برباد ہو جایگا اور اگر کسینے یہ دیکھا کہ اوسکی بازو یا ساق یا یا کوئی لباس اوسکا یا کوئی عضو اوسکے اعضا مین سے آہنی ہو گیا ہی تو وہ شخص دراز عمر ہوگا اور اگر کسینے اپنے تئین دیکھا کہ وہ کسیکا مملوک غلام یا کسیکا اسیر ہو گیا ہی تو اوسپر تنگی و ذلت ہوگی اور پھر اوسکا رنج وغم دور ہو جائیگا مگر اوسکی عزت بھی جاتی رہیگی اور اگر کسینے خواب دیکھا کہ اوسکے اعضا مین سے کچھہ فراز یعنی کراز کجی و تشنج ہو گیا ہے تو تعبیر اوسکی کوتاہی عمر اوس شخص کی ہے اور اگر کسینے خواب دیکھا کہ اوسنے کسی سے کوئی شے مانگ لی ہی یا کوئی چیز اپنے ظرف و باسن مین کر لی ہی تو یہ اوسکا حق مرافق ہی جو اوس شخص سے دفاع نزاع نہ کیجا ویگی اگر کسینے خواب مین غلام و کنیز کو فروخت کیا تو وہ رنج وغم سے آزاد ہوا اور اگر کسینے غلام کنیز خواب مین خرید کیا تو تعبیر اوسکی برعکس ہی یعنی مبتلاے غم والم ہوگا اور خرید کرنا کنیز کو خواب مین از روے تعبیر کے بہتر ہے اوسکے فروخت کرنے سے دیکھنا مشک کا موجب فرح و سرور ہی اور دیکھنا خوشبوی عود کا باعث ذکر جمیل کا ہے اور اسیطرح دیکھنا جملہ بخور لوبان وغیرہ خوشبودار چیزون کا

رویت کتاب
رویت مصحف
رویت خرق مصحف
رویت اکل مصحف
رویت آہنی ہونا اعضا
رویت مملوک ہونا یا اسیر ہونا
رویت استحالہ یا بعض اعضا
رویت کوتاہی
رویت استعار و دعا
رویت بیع مملوک
رویت خرید مملوک
رویت مشک
رویت عود

چیزونکا نیک ہی اور دیکھنا زعفران کا از روی تعبیر کے مال مجموع طیب وسیاح ہی
اوس سے کچھ رنگا جاتا ہو تو وہ معبر بمرض ہو جاویگا اور اسی طرح دیکھنا عصفر و
معصفر یعنی گل کا جیرا کا جسکو ہندی مین کسنبہ و کسم کہتے ہین تعبیر مین مثل
رویت زعفران کی ہی اور دیکھنا کندر کا کہ وہ یعنی گوند ہے مصطگے کے اور
تعبیر اوس سے فقہ ہے کہ کسی مرد مبارک سے حاصل کریگا اور دیکھنا شہد
کا چھتے مین تعبیر بمال مجموع یعنی گنجینہ سے ہے اور کبھی معبر بمیراث ہی اور اسیطرح
ہر ایک قسم شہد سے یا کوئی شیرین چیز جو ہاتھ آئے اوس سے عبارت بمال
طیب و رزق حلال ہی چنانچہ اگر حلوی یعنی اگر کسی قسم کی شیرینی خواب مین
ہاتھ لگے تو وہ اپنی کد و مشقت کا اجر پاویگا اور اگر اوس حلویکو اوس شخص نے
خود اپنی ہاتھ مین نہین لیا ہی بلکہ شخص دیگر کے ہاتھ مین ہی تو اوسی شخص کے لیے
غنائم موازیت ہے اور غلہ حاصل ہوگا اور دیکھنا عسل یعنی انگبین شہد خالص
کا دلالت کرتا ہی علم و قرآن و نکاح پر اور شفا ہے ہر ایک مرض و سکر یعنی مستی
و جوش طبعی سے اور اگر کسی شخص نے خواب شہد سے کچھ نوش کیا تو اوسکی حلاوت
و شیرینی سے تعبیر بدرہم دینار ہے اور کبھی اوس سے تعبیر بکلام شیرین
و لذیذ کے کیجاتی ہی اور استعمال اوسکا دوا بہ طریق شرب وغیرہ معبر بعافیت
و صحت و شفا و برکت ہی عیدان یعنی دیکھنا دونون عیدونکا یعنی فطر و
عید الضحی دلالت کرتے ہین اسبات پر کہ جس شخص نے ان دونون عیدون
مین جس عید کو دیکھا تو وہ غم و کرب سے باہر نکلگیا اور وہ جمع رزق
و فراغ معاش سے متمتع ہوگا مالم اگر کسی نے ماتداری

رویت زعفران عصفر و معصفر رویت کندر

ےلہ شہد انگبین ۱۲ موم یعنی شہد کا چھتہ شہد پیتہ ۱۲ رویت حلوی

ےلہ یعنی جو موم سے صاف کیا ہوا ہو

رویت عسل ۱۲

ےلہ یعنی چیزین حاصل ہونگی ۱۲

ےلہ مراد از حصول

ےلہ یعنی وہ باتین سرت منصف ہوگا لیے منفعت ہو ۱۲

متمتع ہوگا ۱۲

رویت عیدین

دیکھی تو تعبیر اوسکی عرس یعنی شادی ہی وعرس یعنی شادی نکاح وغیرہ دیکھنا معتبر بماتم ہی اور لہو یعنی بازی دکھیل کا دیکھنا غم والم ہی اور غم کا دیکھنا لہو ولعب ہے وقید یعنی اگر کسینے قید ہونا دیکھا تو وہ حقیقت مین معبر بہ ثبات وقرار ہی چنانچہ جس شخص نے اپنے تئین مقیّد دیکھا تو تعبیر اوسکی دلالت کرتی ہے صلاح وخیر پر اور رویت قید کی تاویل مین اختلاف حیثیت ہے مثلاً مقید بہ مسجد ومقید بہ نماز ومقید بہ جہاد پس تعبیر سے ان قیود سے تو ثبات بدین وباز رہنا گناہون سے ہو اور اگر کسینے خواب دیکھا کہ وہ مقید اپنے بلد کا ہی یا اپنے محل ومحلے کا مقید ہے تو تعبیر اوسکی یہ ہے کہ وہ عقد تزویج کریگا اور اگر کسینے یہ خواب دیکھا کہ وہ اپنے حالات مین سے مقید کسی حالت کا ہے تو آئینہ یہ اوسکا ثبات ہی اوس امر مین جو مناسب اوس حالت کے ہے اور اگر کوئی شخص یہ خواب دیکھے کہ وہ پابقید یا پابہ زنجیر پاؤن اوسکے پھندے مین بندھے ہین یا جال مین پھنسے ہین یا وہ کسی غار وچاہ مین مقید مین مقید ہے تو تعبیر اوس سے یہ ہی کہ وہ ایسے امر پر قایم ومقیم ہی جسمین مکر وغم ہی وسرج یعنی زین واکاف یعنی پالان چنانچہ اگر کوئی شخص خواب مین اسی سواری کا جانور پر زین وپالان رکھے تو تعبیر اوس سے بزن ہی وشطرنج یعنی اگر کوئی شخص خوبین اپنے شطرنج دیکھے تو تعبیر اوسکی بطالت وزور وبہتان ہی اور کبھی مراد اوس سی کلام جدال ہی اور یہی کیفیت نرد کی ہی یعنی جو تعبیر شطرنج کی ہی وہی تعبیر نرد کی بھی ہی کعاب جمع کعب مہرہ نرد جو استخوان شتالنگ سے بنتا ہی اور اوس سے نرد وشطرنج کھیلتے ہین اگر کوئی شخص خواب مین اس سے کھا

تو تعبیر اوسکی شور انگیزی و خصومات ہین اور اسی طرح لعب و بازی بفصوص و بازی نگینہ کہ مراد بانگشتری ہی اور اسی طرح بازی بجوز یعنی گردگان جسکو گولیان کھیلنا کہتے ہین تو تعبیر ان سب کی مثل تعبیر لعب بہ کعب ہی اور دیکھنا دوات کا تعبیر بزن ہی اگر کسینے خواب مین دیکھا کہ دوات ٹوٹ گئی ہی یا چوری گئی ہی تو تعبیر اوسکی یہ ہی کہ زوجہ اوسکی مرجاویگی اور دیکھنا قلم کا ساتھ قرآن مجید کے معبّر بحصول علم و حکمت ہی اور دیکھنا قلم کا دوات کے ساتھ تعبیر بولد ہی اور معلوم کرنا چاہیے کہ جب انسان اپنے خواب مین دیکھتا ہی کہ اوسکے امور مجتمع ہین اور مقصود اسکے تمام و کمال کو پہونچے ہین اور دنیا مین سائر مطلوب اسکے ممکن و حاصل ہین تو تعبیر اوسکی دلالت کرتی ہی اوسکے تغیر احوال اور نقصان امر پر چنانچہ حقتعالی نے فرمایا ہی حتی اذا فرحوا بما اوتوا اخذناہم بغتۃ فاذا ہم مبلسون ؂ اور اسی معنی مین ایک بیت کہی گئی ہے شعر

اذا تم امر بدا نقصہ + ترقب زوالا اذا قیل تم

واضح ہو کہ کذب گزارش مین یعنی خلاف بیان کرنا خواب کا اصل خواب کو فاسد کرتا ہے اور اوسکی اصول سے اوسکو متجاوز از جا رفتہ کردیتا ہے حالانکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے یعنی دروغ بندش سے منع فرمایا ہی اور اسبات مین بہت شدت و قدغن کی ہی چنانچہ فرمایا علیہ السلام نے من کذب علیّ متعمداً فلیتبوء مقعدہ من النار ؂ و نیز فرمایا علیہ السلام نے من کذب علی نبیہ او علی والدیہ او علی حبیبہ لم یشم رائحۃ الجنۃ اور فرمایا علیہ الصلوۃ نے ثلاثۃ یعذبون یوم القیمۃ اشد عذاب

ق رویت دواۃ رویت مجتمعہ ۲ رویت امور مجتمعہ و حصول مقاصد بعد زوال ہی ۳ ع بیان [illegible]

[illegible] نقصان اوسکا یعنی وہ [illegible]

کذاب فی الرویاہ فہو مکلف ان یعقد بین شعرتین ولیس بعاقدہما

ورجل صور التماثیل فہو مکلف ان ینفخ فیہا الروح ولیس بنافخ

ورجل امام قوم وہم لہ کارہون

اگر کوئی شخص اپنے خواب مین ایسی کوئی چیز دیکھے کہ اوس سے وہ پریشان ہو اور اوسکو ناگوار ہو تو جسوقت یہ شخص بیدار ہوا اور جس گھڑی اوسکی آنکھہ کھلجاوے لازم ہے کہ اپنے بائین جانب تین بار تفل کرے یعنی تین مرتبہ تھتکار دیوے اور کہے اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم اور یہ طریقہ مروی ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور تابعین سے اور یہ منقول ہے امام محمد بن سیرین رحمۃ اللہ تعالی سے

باب بست و پنجم تاویل مین قراۃ سورتہای قرآن مجید کے

شیخ رحمۃ اللہ نے بیان کیا اور رہنما اور سائر مسلمین کو اوس سے منتفع کیا فاتحہ کریمہ یعنی سورۃ فاتحہ سورۂ الحمد چنانچہ جو شخص اپنے خواب مین اس سورہ کو خواہ کچھہ اسمین سے تلاوت کریگا تو تعبیر اوسکی یہ ہے کہ وہ دعا کرے بہت سی دعائین کہ اون سب مین اجابت دعا ہوگی اور ایسے فائدے کو پہونچیگا جس سے مسرور ہوگا اور بعضون نے اوسکی تعبیر مین کہا ہے کہ وہ شخص تلاوت کرنیوالا ہفت زنان متفرقہ مختلفہ سے عقد نکاح کریگا و نیز یہ شخص مستجاب الدعوات ہوگا اور اس بات پر دعا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی دلالت کرتی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جو دعا کرتے تھے اوسکے قبل و بعد سورۂ فاتحہ پڑھا کرتے تھے بقرہ یعنی سورۂ کہ جو شخص اپنے خواب مین اس سورۂ

ایک تو وہ شخص جو اپنا خواب دروغ بیان کرے تو وہ ناموس کیا جاویگا کہ وہ بال مین گرہ لگاوے اور وہ لا انکہ وہ دو بالون کو باہم پیوند نہ کر سکیگا اور دوسرے وہ شخص جو تصویر بناتا ہے تو وہ ناموس ہوگا کہ اوسمین روح پہونکے اور وہ لا انکہ وہ روح پہونک نہ سکیگا سے عاجز ہوگا تیسرے وہ شخص جو ایسی قوم کا امام ہو [illegible] ۱۲

[illegible] ۱۲

سورہ کو خواہ کچھ اوسمین سے اگرچہ ایک حرف بھی پڑھیگا یا کوئی اور شخص اوسکی سامنے
پڑھیگا تو یہ شخص اپنی مدت عمر رزق سے آسودہ رہیگا اور صلاح دین حاصل کریگا
اور کبھی ایسا بھی ہوگا کہ اسکا تلاوت کرنیوالا ایک جگہ سے دوسری جگہ نقل و
حرکت کریگا تو وہان اوسکو حظ وغیرہ یعنی منفعت و عزت ملیگی اور بعضون نے
بھی تعبیر کی ہے کہ اگر تلاوت کرنیوالا اسکا قاضی ہوگا تو از روی تعبیر کے
مدت زندگانی اوسکی قریب پہونچی ہی اور اگر وہ تلاوت کنندہ عالم ہوگا
تو اوسکی عمر دراز ہوگی اور وہ نیکو حال رہیگا سورۃ آل عمران جو کوئی اس
سورہ کو اپنے خواب مین پڑھیگا تو وہ اپنی اہل مین متمتع و محفوظ ہوگا اور اپنی
پیری مین باروزی رہیگا اور کثیر السفر ہوگا سورۃ النساء جو کوئی اس سورہ
کو اپنے خواب مین تلاوت کریگا تو تعبیر اوسکی یہ ہوگی کہ آخر عمر مین اسکی پاس
ایک ایسی زن جمیلہ ہوگی کہ اوسکی ساتھ حسن معاشرت و خوش گذرانی نہ کریگی
اور یہ شخص قوی الجثہ وسیع الکلام و بلیغ الفصاحت ہوگا سورۃ المائدۃ
جو کوئی خواب مین اس سورۃ کو تلاوت کرے گا وہ کریم النفس گرامی منش ہوگا
باعث طعام داری کے مگر یہ کہ ایک قوم جفاکار مین مبتلا ہوگا سورۃ الانعام
جو کوئی اس سورۃ کو تلاوت کریگا تو وہ از روئے تعبیر کے متوجہ بحفاظت دین و
مصروف بہ تحصیل حسن معاش ہوگا اور اوسکو دنیا و آخرت مین حظ و افروزی ہوگی
سورۃ الاعراف جو کوئی اس سورہ کو اپنی خواب مین تلاوت کریگا تو وہ ہر علم کے
حظ و نصیبہ پاویگا اور ایسا بھی ہے کہ وہ زمین غربت مین مریگا اوسکو غربت و ظفرمندی
حاصل ہوگی اور وہ اپنی دین مین سالم و عاصم رہیگا سورۃ التوبہ جو کوئی اس سورہ کو اپنی خواب مین تلاوت

وہ محب و دوستدار مردم صالحین و ابرار ہوگا سورۂ یونس علیہ السلام جو کوئی یہ
سورہ تمام خواہ کچھ اوس مین سے اپنے خواب مین پڑھی تو وہ ازروی تعبیر کے اپنی زبان
سے کسیقدر نقصان اوٹھاویگا اور بعضون نے اوسکی تعبیر مین کہا ہی کہ خواب
مین اوسکا تلاوت کرنیوالا استعداد بشارت و خیر کی رکھتا ہی سورہ ہود
علیہ السلام جو کوئی یہ سورہ خواب مین تلاوت کرے تعبیر اوسکی یہ ہی کہ اوسکے
دشمن بہت ہونگے اور وہ غربت و سفر اختیار کریگا سورۃ علیہ السلام جو
کوئی خواب مین یہ سورہ پڑھی تو اوسکے دشمن اوسکے اہل ہوجاوینگے اور اوسکی
تئین عالم غربت مین فائدہ و حظ وافر حاصل ہوگا سورۃ رعد جو کوئی اپنی
خواب مین یہ سورہ پڑھی اوسکے لیے سند فقر ہوگا اور ازروی بعض قول
کے موت اس سے قریب ہوگی سورۃ ابراہیم علیہ السلام جو کوئی خواب مین
یہ سورہ تلاوت کرے وہ منجملہ مسبحین و اوابین کے ہوگا یعنی زمرہ تسبیح
خوانان سے ہوگا جو سبحان اللہ بہت پڑھتے ہین اور توبہ کنندگان سے ہوگا
سورۃ الحجر جو کوئی اپنی خواب مین یہ سورۃ تلاوت کریگا تو وہ ازروی تاویل
کے اپنے اہل مین محفوظ رہیگا مگر مسکین ہوگا اور اگر اسکا تلاوت کرنیوالا
کوئی بادشاہ ہی تو اوسکے لیے تعبیر بقرب موت ہی اور اگر قاری اوسکا صوفی
ہی تو سیرت اوسکی نیک ہوجاویگی اور وہ مرد تاجر ہے تو اپنے اہل پر فضل
کریگا اور اگر وہ شخص عالم ہے تو وہ باعزت مریگا سورہ النحل جو کوئی
یہ سورہ اپنے خواب مین تلاوت کرے وہ شیعیان و موالیان محمد
صلی اللہ علیہ وسلم سے ہوگا اگرچہ اونکی صحبت و معیت مین نتھا سورۃ الاسراء

سورۃ یونس سورۃ ہود سورۃ یوسف سورۃ ابراہیم سورۃ النحل سورۃ الاسراء

جو کوئی اپنے خواب مین یہ سورہ تلاوت کرے اوسکے حق مین سلطان وقت کچھ حکم لغزر جاری کریگا ونیز وہ شخص بگرد مکارہ قوم سے امن پاویگا اور وہ کسی فتنہ وفساد سے خائف وہراسان ہوگا مگر اوس سے بری جاویگا سورہ الکہف جو کوئی یہ سورہ اپنے خواب مین پڑھیگا اوسکی عمر دراز ہوگی اور اوسکا مال نیک ہوگا یعنی بغش وخلش ہوگا اور خط عظیم اوسکو قوم سے روز ہوگی اور اونکی پناہ مین رہیگا سورۃ مریم علیہا السلام جو شخص یہ سورہ اپنے خواب مین تلاوت کریگا اگر وہ نیکی مین ہوگا تو حقتعالی اوسکو کشایش نصیب کریگا اور اوسپر آسانی کریگا سورہ طہ علیہ السلام جو شخص یہ سورہ اپنے خواب مین تلاوت کرے وہ نماز شب کو بہت دوست رکھیگا اور افعال خیر کے اوس سے سرزد ہونگے اور اوسکی تئین معاشرت یا اہل دین بہت محبوب خاطر ہوگی سورۃ انبیا علیہم السلام جو شخص یہ سورہ اپنے خواب مین تلاوت کرے اوسکو حسن طن یا مردم روزی ہوگی سورۃ الحج جو کوئی یہ سورہ خواب مین تلاوت کرے اوسکو حج وعمرہ نصیب ہوگا اور اگر وہ بیمار ہوگا تو نجات پاویگا سورۃ المومنون تلاوت کرنا اس سورہ کا خواب مین دلالت کرتا ہے اوسکی محبت ورغبت طول قنوت پر نماز شب مین اور دلالت کرتا ہے ابتہال یعنی اخلاص وانابت پر کسیو پروردگار اوسکے حق مین خوف ہے کہ وہ کسی مرض مین مبتلا ہوگا سورۃ النور تلاوت کرنا اس سورہ کا خواب مین تعبیر ہے اس بات سے کہ وہ شخص امر بمعروف کریگا یعنی لوگونکو واجبات ومستحبات پر برانگیختہ کریگا اور منع کریگا منکرات یعنی محرمات ومشتبہات سے خدا ہی

لوگون سی محبت رکھی اور خدا ہی کیواسطے لوگون سی عداوت کریگا اور دنیا مین اوسکی
تئین مرض ناحق ہوگا سورۃ الفرقان تلاوت کرنا خواب مین اس سورہ
کا تعبیر ہی اس بات پر کہ وہ حق کو دوست رکھیگا اور باطل سی کراہت کریگا
سورۃ الشعرا تلاوت کرنا اس سورہ کا خواب مین معبر تعبیرت ہی کہ اوسکی
رزق مین تنگی ہوگی اور اوسکو کوئی شی نہ پہونچیگی مگر تبختی و ناشی اور وہ
دوستدار سفر و قلیل الحظ و کم نفع ہوگا سورۃ النمل تلاوت کرنا اس سورہ
کا خواب مین تعبیر ہی اس امر سے کہ وہ حق کو دوست رکھے اور باطل کو
مکروہ جانیگا اور اپنی قوم کا سردار ہوگا اور اوسکو منصب سالاری و نشان
سرداری پہونچیگا سورۃ القصص قرات اس سورہ کی خواب مین تعبیر اس
سی ہی کہ حق تعالی اوسکو مبتلا و آزمود کریگا کسیقدر زمین سی جو واقع ہوگی
کسی دشت یا کسی شہر یا مکان مین یا درخصوص اوس قبیلہ و مسجد کے جسمین
وہ نماز پڑھتا ہی سورۃ العنکبوت قرات اوس سورہ کی خواب مین
بشارت دیتی ہی کہ حقتعالی اوسکو کسی بات مین کبھی مبتلا نہ کریگا سورہ الروم
پڑھنا اسکا خواب مین مشعر ہی اسباب پر کہ اوسکے دلمین نفاق پیدا ہوگا اور
اگر پڑھنے والا بادشاہ ہی تو وہ عالم ہوگا اور اگر وہ قاضی یا تاجر ہی تو فائدہ
کثیر سے مستفید سورۃ لقمان علیہ السلام خواب مین پڑھنے والا اس
سورہ کا کتابت و حکمت سی فائدہ پاویگا سورۃ السجدہ جو اس سورہ کو
خواب مین پڑھی اسکا عقیدہ بہ توحید قوی اور وہ سالم الیقین ہوگا سورۃ
الاحزاب جو اس سورہ کو خواب مین پڑھی تو وہ شخص حاسد و مداح

سورۃ الفرقان
سورۃ الشعرا
سورۃ النمل
سورۃ القصص
سورۃ العنکبوت
سورۃ الروم
سورۃ لقمان
سورۃ السجدہ
سورۃ الاحزاب

اپنے اہل کا ہوگا اور اوسکی طول عمر ہوگی اور اپنے دوستون کے حق مین
کثیر المکر ہوگا سورۃ الیسا جو اس سورۃ کو خواب مین پڑھے تو وہ ازروی
تعبیر کے شجاع النفس مرد دلاور ہوگا اور حمل سلاح یعنی ہتیار بندی ہتیار
لگانے کو دوست رکھیگا سورۃ الفاطر جو شخص خواب مین اوسکو تلاوت
کریگا وہ زیارت و رویت حق تعالی سے فایز ہوگا اور اوسکے اولیا مین
ایک ولی ہوگا سورۃ یٰس علیہ السلام جو شخص خواب مین اس سورۃ کو
تلاوت کریگا اوسکا دین محکم و استوار ہوگا سورۃ الصافات جو کوئی خواب
مین اس سورہ کی تلاوت کریگا اوسکو رزق حلال اور دو فرزند نرینہ حاصل
ہونگے سورہ ص اس سورہ کا تلاوت کرنیوالا خواب مین ازروی تعبیر کے
صاحب غیرت ہو اور دوستدار نیک زنان اور اونہین سورتون کے برابر
سورۃ الزمر ہے کہ جو کوئی اس سورہ کے تلاوت اپنے خواب کریگا وہ
زندہ رہیگا یہانتک کہ وہ اپنے ولد کی اولاد یعنی پوتے دیکھیگا اور کبھی اوسکی
تعبیر یہ ہوگی کہ وہ شخص سفر اختیار کریگا اور پھر وطن کیطرف مراجعت کریگا
سورۃ الغافر اسکا تلاوت کرنیوالا خواب سالم الیقین ہوگا یعنی اوسکا
یقین سلامت رہیگا سورہ فضیلت تلاوت کرنیوالا اس سورہ خواب
مین واسطے اوس قوم کے جو برے اختیار شریعت آونیگی سبب ہدایت
ہوگا باذن اللہ سورۃ الشوری تلاوت کرنیوالا اس سورہ کا خواب مین ازروی
تعبیر کی علم و عمل سے استفادہ حاصل کریگا سورۃ الزخرف جو کوئی خواب مین اس سورہ کی تلاوت
کریگا تو بشارت تعبیر کے بعض اوقات مین اوسپر روزی اوسکی دشوار ہوگی اور حال و خطا اوسکا

سورۃ الیسا
سورۃ الفاطر
سورۃ یٰس
سورۃ الصافات
سورۃ ص
سورۃ الزمر

سورۃ الغافر
سورۃ فضیلت
سورۃ الشوری
سورۃ الزخرف

آخر عمر مین تنگ ہوگا سورۃ الدخان جوکوئی اپنے خواب مین اس سورہ کو پڑھیگا تو وہ غلبہ و حملہ جبابرہ یعنی حکام جور سے امن مین رہیگا اور عذاب قبر و عذاب آتش جہنم اور ضعف یقین سے امان پاویگا سورۃ الجاثیہ تلاوت کرنیوالا خواب مین اس سورہ کا منجملہ زاہدون کے ہوگا سورۃ الاحقاف جوکوئی خواب مین اس سورہ کو تلاوت کریگا وہ اپنے والدین کا عاق ہوگا مگر آخر عمر مین توبہ حسنہ کو پہونچیگا سورۃ القتال یعنی سورہ محمد صلعم جوکوئی خواب کے اندر اس سورہ کو تلاوت کریگا اوسکے پاس ملک الموت جب آویگا تو نیک آویگا تو نیک صورت مین ہوگا سورۃ الفتح تلاوت کرنیوالا اس سورہ کا خواب مین بنا بر تعبیر کے محبوب خدا ہوگا سورۃ الحجرات جوکوئی خواب مین اس سورہ کو تلاوت کریگا وہ درمیان قلوب بندگان خدا کے تالیف کرنیوالا ہوگا سورۃ ق جوکوئی خواب مین اس سورہ کو تلاوت کریگا تو اوس مین علم و کمال کا ظہور ہوگا کہ اسکے اہل شہر اوسکے محتاج ہونگے اور اوسکی آخر عمر اول عمر سے بہتر ہوگی اور وہ شخص قوی و توانا ہوگا سورۃ الذاریات جوکوئی خواب مین یہ سورہ پڑھی تو نباتات یعنی اشجار و زراعات مین سے جو کچھ وہ چاہتا ہے اوسکو حاصل ہوگا اور کبھی تعبیر اوسکی یہ ہوگی کہ وہ ہر مذہب کے ساتھ میل کریگا سورۃ الطور اس سورہ کو خواب مین تلاوت کرنیوالا پیش خدا مقبول دین ہوگا سورۃ النجم جوکوئی خواب مین اس سورہ کو تلاوت کریگا حقتعالے اوسکے تئین ایسی اولاد ذوی علم اور اہل ورع عطا کریگا کہ وہ سب رضاے خدا مین جانبازی کرینگے سورۃ القمر جوکوئی خواب مین سورہ تلاوت کریگا وہ مبتلاے سحر جادہ ہوگا مگر اوس سے نجات پاویگا اور کچھ اوسکو ضرر نکریگا باذن خداے عزوجل

سورۃ الدخان
سورۃ الجاثیہ
سورۃ الاحقاف
سورۃ القتال
سورۃ الفتح
سورۃ الحجرات
سورۃ ق
سورۃ الذاریات
سورۃ الطور
سورۃ النجم
سورۃ القمر

اس سورہ کا تلاوت کرنے والا دنیا مین متنعم نعمت اور آخرت مین فایز برحمت ہوگا
سورہ الواقعہ خواب مین اس سورہ کا پڑھنے والا امور خیر و طاعات خدای کیطرف
سبقت کرنیوالا ہوگا سورۃ الحدید خواب مین اس سورہ کا تلاوت کرنیوالا محمود
الاثر ہوگا یعنی اسکی نعمت و بیروی نیک ہوگی اور وہ صحیح الدین ہوگا سورۃ
المجادلہ تلاوت کرنیوالا خواب مین اس سورہ کا جدل و جدال کرنیوالا ہوگا اہل باطل
سے اوسپر غالب رہیگا سورۃ الحشر جو کوئی خواب مین اس سورہ کی تلاوت کرے
تو جسوقت اوسکا حشر ہوگا حقتعالے اوس سے راضی ہوگا اور اوسکی دشمن کو ہلاک کریگا سورۃ
الممتحنہ خواب مین اسکے پڑھنے والیکو محنت و مصیبت پہونچیگی اور اوسپر اوسکو اجر بھی
ملیگا سورہ الصف اس سورہ کا پڑھنے والا خواب مین شہید ہوکر مریگا سورۃ الجمعہ
جو کوئی خواب مین یہ سورہ پڑھی گا حقتعالی اوسکیلیے دنیا و آخرت جمع کریگا سورۃ
المنافقون اسکا پڑھنیوالا خواب مین نفاق سے بری رہیگا سورۃ التغابن
جو کوئی خواب مین اس سورہ کو پڑھی گا وہ شخص ہدایت اور ایمان پر مستقیم و قایم رہیگا سورۃ
الطلاق جو کوئی خواب مین اس سورہ کو پڑھی گا تو یہ خواب اوسکا دلالت کرتا ہی
اوپر تنازع فیمابین اوسکے اور اوسکی زوجہ کے اور یہ باعث فراق فیمابین ہوگا مگر یہ کہ
وہ اوسکا مہر ادا کریگا سورۃ التحریم جو کوئی خواب مین اس سورۃ کو تلاوت کرے وہ محفوظ
رہیگا ارتکاب محرمات سے سورۃ الملک جو کوئی خواب مین یہ سورہ پڑھے حقتعالی
اوسکو خیر دونون جہان یعنی دنیا و آخرت کا عطا کریگا اور اوسکی املاک و خیرات مین
کثرت ہوگی سورۂ نون جو کوئی اس سورہ کو خواب مین تلاوت کریگا اوس شخص کو
عنایت الٰہی و رستگاری کامگاری حاصل ہوگی سورۃ الحاقہ خواب مین اس سورہ کی پڑھنے والے

سورۃ الواقعہ
سورۃ الحدید
سورۃ المجادلہ
سورۃ الحشر
سورہ الممتحنہ
سورۃ الصف
سورۃ الجمعہ
سورہ المنافقون
سورۃ التغابن
سورۃ الطلاق
سورۃ التحریم سورۃ الملک سورۃ نون
سورۃ الحاقہ

خوف ضرب و قطع ہی مگر حق پر سورۃ المعارج جو کوئی خواب مین اس سورہ کو پڑھیگا وہ مویّد
و منصور ہوگا سورہ نوح جو کوئی اس سورہ کو خواب مین پڑھیگا وہ شخص امر بمعروف
کریگا یعنی لوگونکو حکم واجبات و مستحباب کا کریگا اور نہی کرنیوالا منکرات سے یعنی منع کریگا
لوگونکو محرمات و منہیات سے اور وہ دشمنون پر فیروز مند رہیگا سورۃ الجن اس سورۃ
کا تلاوت کرنیوالا خواب مین جنون سے محفوظ رہیگا سورۃ المزمل علیہ السلام جو
کوئی خواب مین اس سورہ کو پڑھیگا اوسکی سیرت نیک ہوگی اور وہ ستودہ کار ہوگا
سورہ المدثر صلی اللہ علیہ وسلم جو کوئی خواب مین اس سورہ کو پڑھیگا وہ تنگ معاش
ہوگا اور حقتعالی اوسپر کشایش کریگا سورۃ القیامہ جو کوئی خواب مین اس سورہ
کو پڑھیگا وہ حلف کرنیسے پرہیز کریگا یہانتک کہ وہ کبھی حلف نہ کریگا سورہ الانسان
یعنی سورۃ الدہر جو کوئی خواب مین اوسکی تلاوت کریگا اوسکو توفیق سخاوت کی ہوگی اور
وہ شکر گزار ہوگا سورۃ المرسلات جو کوئی خواب مین اس سورہ کی تلاوت کرے
حقتعالی اوسکو وسعت رزق عطا کرے اور اوسکے دشمن کی زبان بند ہوگی سورۃ النبا
جو کوئی خواب مین یہ سورہ پڑھے اوسکے دلسے تمام ہم و غم دور کیے جاوینگے اور شان اوسکی عظیم
ہوگی اور ذکر جمیل اوسکا مرتفع و بلند ہوگا سورۃ النازعات خواب مین اسکے
پڑھنیوالیکے دلسے بھی ہم و غم دور ہونگے سورہ عبس جو کوئی خواب مین اس سورہ کی تلاوت
کرے وہ صدقات بہت دیگا اور زکاۃ نکالیگا سورۃ التکویر جو کوئی یہ سورہ خواب
مین پڑھے اکثر اوسکا سفر سمت مشرق ہوگا اور سفر سودمند ہوگا سورۃ الانفطار جو شخص
خواب مین یہ سورہ تلاوت کرے ملوک و سلاطین اوسکو اپنا مقرب کرینگے اور اوسکا اکرام کرینگے
سورۃ التطفیف جو کوئی خواب مین اوسکی تلاوت کرے وہ صاحب وفا اور اہل عدل و داد ہوے

سورۃ المعارج
سورہ نوح
سورہ الجن
سورۃ المزمل
سورۃ المدثر
سورۃ القیامۃ
سورۃ الانسان
سورۃ المرسلات
سورۃ النبا
سورۃ النازعات
سورۃ عبس
سورۃ التکویر
سورۃ الانفطار
سورہ التطفیف

ہوگا سورۃ الانشقاق جو کوئی خواب مین یہ سورہ تلاوت کرے اوسکے لیے کثرت اولاد
اور کثرت نسل ہوگی سورۃ البروج جو کوئی یہ سورہ خواب مین تلاوت کرے
حقتعالے اوسکو غمون سے نجات دیگا اور انواع علوم سے اوسکو مکرم کریگا سورۃ الطارق
جو کوئی یہ سورہ خواب مین تلاوت کرے حقتعالی اوسکے تئین الہام و تلقین کریگا
کثرت ذکر اللہ و اکثار التسبیح سورۃ الاعلیٰ جو کوئی یہ سورہ خواب مین پڑھے
اوسکے سائر امور آسان ہونگے سورۃ الغاشیہ یہ سورہ خواب مین تلاوت کرے
حقتعالے اوسکی قدر بلند اور اوسکا علم منتشر و مشتہر کریگا سورۃ الفجر جو کوئی خواب
مین اوسکی تلاوت کرے وہ جامہ ہیبت و رعب اور خلعت بہاد فروغ پہنایا جاویگا
سورۃ البلد جو کوئی خواب مین اوسکی تلاوت کرے اوسکو توفیق کھانا کھلانے
کی اور یتیمون پر کرم اور عاجزون پر رحم کرنیکی ہوگی سورۃ الشمس جو کوئی یہ
سورہ خواب مین پڑھے حقتعالے اوسکو فہم و ذکا اور فطانت بیچ جمیع اشیاء کے روزی کریگا
سورۃ اللیل جو کوئی یہ سورہ خواب مین تلاوت کرے وہ نگہبانی اور حفاظت مین
رہیگا پردہ فاش ہونے سے سورۃ الضحیٰ جو کوئی خواب مین اوسکی تلاوت
کرے وہ شخص کرم کریگا یتیمون اور مسکینون پر سورۃ الانشراح جو شخص خواب
مین اسکی تلاوت کرے اوسکا سینہ واسطے اسلام و فرمانبرداری کے کشادہ
ہوگا اور اوسکے جملہ امور آسان ہونگے اور اوسکے ہموم اور غموم کی کشایش
ہوگی سورۃ التین جو شخص خواب مین اس سورہ کی تلاوت کرے حقتعالے
اوسکی حاجت روائی مین تعجیل کریگا اور اوسکی روزی کو آسان کریگا سورۃ العلق
جو شخص اسکی تلاوت خواب مین کریگا اوسکی عمر دراز اور قدر اوسکی بلند ہوگی سورۃ القدر

سورۃ الانشقاق
سورۃ البروج
سورۃ الطارق
سورۃ الاعلیٰ
سورۃ الغاشیہ
سورۃ الفجر
سورۃ البلد
سورۃ الشمس
سورۃ اللیل
سورۃ الضحیٰ
سورۃ الانشراح
سورۃ التین
سورۃ العلق
سورۃ القدر

تلاوت کرنا خواب مین اس سورۃ کا دلیل ہی اوپر خیر کے اور اوسکی حسن و جمال پر سورۃ البینۃ
جو شخص خواب مین اسکی تلاوت کری حقتعالی اوسکے ہاتھ پر ایک قوم صالحین کو ہدایت کریگا
سورۃ الزلزال جو کوئی خواب مین اسکی تلاوت کری حقتعالی اسکے ہاتھ سی کافرون کے
اقدام کو لغزش دیگا سورۃ العادیات جو کوئی خواب مین یہ سورہ پڑھی حقتعالی
اوسکو اسپان جیاد و خوش اندام روزی کریگا اسقدر جس سی اوسکو بہرہ مندی حاصل
ہو سورۃ القارعہ جو کوئی خواب یہ سورۃ تلاوت کری حقتعالی اوسپر کرم کریگا برکت
اوسکی عبادت و تقوی سی سورۃ التکاثر جو شخص تلاوت اسکی خواب مین کریگا تو یہ
شخص سارے مال دنیا کا ترک کرنیوالا ہوگا اور اوسمین رغبت کرنیوالا ہوگا سورۃ العصر
جو شخص اس سورہ کو خواب مین پڑھی اوسکو توفیق صبر کی ہوگی اور راہ حق پر اسکی
اعانت کیجاویگی سورۃ الہمزہ جو کوئی خواب مین اسکی تلاوت کری وہ مال جمع
کریگا بعد ازان اوسکو اعمال خیر مین صرف کریگا سورۃ الفیل یہ سورۃ خواب
مین جو تلاوت کرے تو وہ اعدا پر نصرت پاویگا اور اوسکے ہاتھ پر فتح اسلام ہوگی
سورۃ قریش یہ سورۃ جو کوئی خواب مین تلاوت کری وہ شخص طعام داری مساکین
کی کریگا اور حقتعالی اوسکی ہاتھون پر تالیف قلوب مومنین کریگا سورۃ الماعون
یہ سورہ خواب مین جو کوئی پڑھی تو جو کوئی اوسکی مخالفت کریگا اور جو کوئی اوس
سے عداوت رکھتا ہوگا اوسپر ظفر پاویگا سورۃ الکوثر جو کوئی خواب مین اوسکی
تلاوت کری اوسکیلیے دونون جہان مین خیر کثیر ہی سورۃ الکافرون جو کوئی
خواب مین اوسکو پڑھی اوسکو مجاہدہ کفار کی توفیق ہوگی یعنی اوسپر جہاد کرنیکی قوت
و مدد دیلیگی سورۃ النصر جو کوئی خواب مین اوسکا پڑھے حقتعالی اوسکو

سورۃ البینۃ
سورۃ الزلزلہ
سورۃ العادیات
سورۃ القارعہ
سورۃ التکاثر
سورۃ العصر
سورۃ الہمزہ
سورۃ الفیل
سورۃ قریش
سورۃ الماعون
سورۃ الکوثر
سورۃ الکافرون
سورۃ النصر

دشمنون پر نصرت بخشیگا اور یہ خواب دلالت کرتا ہے صاحب خواب کی وفات
پر اور اس سورہ کے ساتھہ اختصاص تھا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کو جبکہ
ایک شخص نے خواجہ محمد بن سیرین رحمۃ اللہ سی کہا مین نے خواب مین دیکھا ہی گویا ہی کہ
مین سورۃ النصر پڑھتا ہون اونھون نی کہا اب وصیت کرنا تجکو لازم ہی کیونکہ
اجل تیری ہر آئینہ نزدیک آپہونچی ہی اوس نی کہا یہ کیونکر ہی شیخ نے کہا اسلیے
کہ آخر سورہ ہی جو نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر آسمان سی نازل ہوئی سورۃ المسد جو
کوئی یہ سورہ خواب مین پڑھے وہ اپنی تمنا کو پہونچیگا اور ذکر اوسکا نہایت جمیل ہوگا
اور اوسکی توحید قوی ہوگی اور بار عیال اوسپر کم ہوگا اور وہ بطیب خاطر زندگانی
کریگا سورۃ اخلاص جو کوئی خواب مین اوسکی تلاوت کریگا اوسکو توفیق توبہ کی ملیگی
اور اوسکی اولاد زندہ رہیگی بنا بر قول حق سبحانہ تعالی کے لم یلد ولم یولد
ولم یکن لہ کفوا احد اور بعض علمای مفسرین نی کہا ہی کہ جو کوئی
اپنی خواب مین سورہ اخلاص تلاوت کرے تو یہ خواب دلالت کری اسبات پر
کہ وہ خدا کا موحد ہوگا اور صاحب خواب موت اولاد دیکھیگا یہانتک کہ ساری اوسکے
اہل واقارب دفن ہوجاوینگے اور یہ شخص نہ مریگا مگر جب کہ وہ تنہا ہوگا سورۃ
الفلق جو کوئی خواب مین اوسکو پڑھیگا برائیون سے وہ بچی رہیگا
سورۃ الناس جو کوئی خواب مین یہ سورہ پڑھے وہ شخص بلاؤن سی محفوظ رہیگا
اور مصنف متن کا کہتا ہی پناہ خدا مین دیتا ہون اس کتاب کو شیطان رجیم
سے اور یہ آخر اون چیزون کا ہی جو خدا نے آسان کی ہین منجملہ مقبولات وروایات
صحیحہ سے جو خواجہ محمد بن سیرین وغیرہ رحمہم اللہ سے منقول ہین وصلے

تاریخ طبع سابق مصنفہ شاعر بیدل منشی محمد علی صاحب جوہیا

ہے خواب وخیال بزم دنیا — آتا ہے نظر عجب تماشا
جو شے کہ نظر مین ہے فنا ہے — ہرگز نہ کسیکو یان بقا ہے
اس خواب عدم کی ہے یہ تعبیر — آخر ہے فنا یہ نقش تزویر
جاتا ہے کہین یہان سے آخر — ہر دم ہے نفس نفس سے ظاہر
جب خواب خیال اسکو جانا — کس بات کا پھر رہا ٹھکانا
جو چاہے بقا ہے دام اس جا — کچھ ایسے کرے وہ کام اسجا
جس سے رہے نام اوسکا دائم — ہر دم رہے اس ورق پہ قائم
کیا کام ہے جو دوام رہوے — اوس کام سے اوسکا نام رہوے
وہ طرز سلیم خستہ سیکھے — نحو ای کلام جستہ سیکھے
یہ نام زبان پہ لک کا آیا — اک لطف دو زبان و دل نے پایا
وہ گلشن علم کا ہے شمشاد — وہ مخزن علم کا ہے استاد
حکمت ہے کنیز جسکے گھر کی — دولت ہے تمیز جسکے گھر کی
نکلا ہے کرم اسی کے ہان سے — کچھ بنگیا جسم اسکے ہان سے
ہے اسکو خیال جاودانی — پائی ہے خضر کی زندگانی
چھپوائی رسالے اوسنے لاکھون — انداز نکالے اوسنے لاکھون
جب اوسکا خیال اوسطرف ہے — کہتا ہے کتاب کو خلف ہے
تعبیر کا جو خیال آیا — یہ نسخۂ بے بہا چھپایا
وہ منشی نولکشور صاحب — ہین اہل کرم جو وہ ملقب

دریای کرم کے در تابان
تعریف یہی ہی اونکی کافی
چھاپا ہی اونھون نے یہ رسالہ

گردون سخا کے مہر رخشان
دنیا مین نہین نظر اونکی
ہی طوق نظر کا جسپہ ہالہ

کہتا ہون مین مہر سال اب یہ
ہے کاشف سر غیب رب یہ

الضاً

چھپا کیا رسالہ یہ تعبیر مین
کہا مجھ سے ہاتف نے جو یاد ہین

کہ ہر شخص کا کاشف حال ہی
ہے تعبیر خواب۔ اور یہی سال ہی

۱۲۹۱ھ

خاتمة الطبع

الحمد للہ والمنة کہ کتاب لاجواب تعبیر الرویا جو بیان تعبیرات خواب مین بزبان عربی تھی اور عام لوگ بوجہ کم علمی دلکش فائدہ اوٹھانے سے محروم تھے اب حضرت مولانا بشارت علی صاحب نے حسب فرمایش جناب مالک مطبع کے اوسکا ترجمہ بزبان اردو نہایت فصاحت کے ساتھ تحریر فرمایا چنانچہ چھٹی مرتبہ بماہ نومبر سنہ ۱۹۱۰ء مین یہ نسخہ مطبع منشی نول کشور صاحب سی آئی اِی واقع کانپور مین بسرپرستی عالیجناب معلی القاب والاہمم ستودہ شیم منشی پراگ نراین صاحب راے بہادر مالک مطبع دام اقبالہ باہتمام کامل منشی بھگوان دیال صاحب عاقل ایجنٹ طبع ہوا

اعلان اس کتاب کے جملہ حقوق نولکشور پریس مین محفوظ ہین

S.